# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 18 ستمبر 2013ء بمطابق 11 ذیقعد 1434 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَإِذِ ٱبۡتَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ رَبُّهُۥ بِكَلِمَـٰتٍ فَأَتَمَّهُنَّ قَالَ إِنِّى جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِى قَالَ لَا يَنَالُ عَهۡدِى ٱلظَّـٰلِمِينَO وَإِذۡ جَعَلۡنَا ٱلۡبَيۡتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمۡنًا وَٱتَّخِذُواْ مِن مَّقَامِ إِبۡرَٰهِـۧمَ مُصَلًّى وَعَهِدۡنَآ إِلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ وَإِسۡمَـٰعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيۡتِىَ لِلطَّآئِفِينَ وَٱلۡعَـٰكِفِينَ وَٱلرُّكَّعِ ٱلسُّجُودِO وَإِذۡ قَالَ إِبۡرَٰهِـۧمُ رَبِّ ٱجۡعَلۡ هَـٰذَا بَلَدًا ءَامِنًا وَٱرۡزُقۡ أَهۡلَهُۥ مِنَ ٱلثَّمَرَٰتِ مَنۡ ءَامَنَ مِنۡهُم بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأَخِرِ قَالَ وَمَن كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُۥ قَلِيلاً ثُمَّ أَضۡطَرُّهُۥٓ إِلَىٰ عَذَابِ ٱلنَّارِ وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ۔

(ترجمہ): اور جب پروردگار نے چند باتوں میں ابراہیم کی آزمائش کی تو ان میں پورے اترے۔ خدا نے کہا کہ میں تم کو لوگوں کا پیشوا بناؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ (پروردگار) میری اولاد میں سے بھی (پیشوا بنائیو)۔ خدا نے فرمایا کہ ہمارا اقرار ظالموں کیلئے نہیں ہوا کرتا۔ اور جب ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کیلئے جمع ہونے اور امن پانے کی جگہ مقرر کیا اور (حکم دیا کہ) جس مقام پر ابراہیم کھڑے ہوئے تھے، اس کو نماز کی جگہ بنالو۔ اور ابراہیم اور اسمٰعیل کو کہا کہ طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں اور سجدہ کرنے والوں کیلئے میرے گھر کو پاک صاف رکھا کرو۔ اور جب ابراہیم نے دعا کی کہ اے پروردگار، اس جگہ کو امن کا شہر بنا اور اس کے رہنے والوں میں سے جو

خدا پر اور روزِ آخرت پر ایمان لائیں، ان کے کھانے کو میوے عطا کر، تو خدا نے فرمایا کہ جو کافر ہو گا، میں اس کو بھی کسی قدر متمتع کروں گا، (مگر) پھر اس کو (عذاب) دوزخ کے (بھگتنے کے) لئے ناچار کر دوں گا، اور وہ بری جگہ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔

ملک ریاض خان: پوائنٹ آف آرڈر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور' سټارټ کوؤ، تاسو سره بیا خبره کوؤ جی، تاسو له ټائم د رکوؤ۔

ملک ریاض خان: نه جی، کورم پوره نه دے سپیکر صاحب، ځوک شته نه، کورم پوره نه دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شوه، ټهیک شوه۔ دومنٹ کیلئے گھنٹی بجائی جائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور' جی۔ کوئسچن نمبر 229، جناب زرین گل صاحب، ایم پی اے، 229۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب، ایجنډا چې وه، هغه د دغه نه شروع کیږی 297، بیا 227، بیا 228، دا پرونئ مونږ ته ملاؤ شوې وه، دا خو نن مونږ ته دا د ے اوس کیبنود لې شوه، مونږ نه سټډی کړې ده، مونږه نه خبر یو د دې نه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا اصل کښې په لیټ 'آور' کښې ما ته هم لیټ راغلی دی، نن راغلی دی، پرون دا نه وو۔

جناب زرین گل: نو دا جی بیا داسې وکړئ چې Next دغه ته ئے دغه کړئ، مونږه خو هډو د دې څه تیارے نه دے کړے او دا خو ستاسو د اسمبلی سیکرټریټ مونږ مشکور یو چې هغوی دغه کوی، ګنې ډیپارټمنټ چې کوم دے هغه۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 297، مولانا مفتی فضل غفور صاحب، ایم پی اے۔ 297 پہلے ہے۔

جناب زرین گل: په هغې جی تاسو فیصله وکړه په هغه مخکښنی؟ دا چې کوم نن راغلے دے، په هغې تاسو څه رولنګ ورکړو؟

جناب ڈپٹی سپیکر: د دې نه پس جی تاسو سره دغه کوؤ، لږ انتظار وکړئ۔

جناب زرین گل: ښه جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن Actually زرین گل صاحب کا ہے، 227، 227 نمبر۔

جناب زرین گل: دا جی زما نه مخکښې دے ، مخکښې فضل غفور خان دے ، 297۔
جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر297، مولانا مفتی فضل غفور صاحب۔
مولانا مفتی فضل غفور: شکریہ، جناب سپیکر۔
جناب یوسف ایوب خان(وزیر مواصلات و تعمیرات): جناب سپیکر!
جناب ڈپٹی سپیکر: یوسف ایوب صاحب، پلیز۔
وزیر مواصلات و تعمیرات: (مولانا مفتی فضل غفور، رکن اسمبلی سے) پبلک ہیلتھ کا کوئسچن ہے آپ کا؟
مولانا مفتی فضل غفور: جی جی۔
وزیر مواصلات و تعمیرات: جی وہ اگر پہلے سی اینڈ ڈبلیو والے لے لیں کیونکہ پبلک ہیلتھ کے منسٹر صاحب ابھی تک آئے نہیں ہیں تو ذرا زیادہ بہتر رہے گا۔
جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔
مولانا مفتی فضل غفور: جی، بہتر ہے جی۔
جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر!
جناب ڈپٹی سپیکر: جی احمد خان بہادر صاحب۔

## رسمی کارروائی

### (ایوان میں وزراء کی عدم موجودگی)

جناب احمد خان بہادر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ سر، دا خو کمال دا دے چې درې بجې د اسمبلئ د اجلاس ټائم دے او منسټر ډیر ذمه دار سړے وی او دا یو ورځ نه ده چې ګنې دا واقعه وشوه، مونږ به وایو چې نن منسټر صاحب نه دے راغلے نو څه خیر دے ، دا خو روزانه دا Routine وی۔ یا خو دا ټائم څلور بجې کړئ او یا د دې څه بل څه حل راوباسئ څکه چې دا خو څه خبره نه شوه چې دلته به ټول هاؤس راغلے وی، د هاؤس به کوئسچنز وی او منسټر صاحب، Concerned Minister به نه وی۔

جناب ډپټي سپیکر: بالکل ستاسو خبرې سره زه سو فیصد اتفاق کوم۔ پکار دا ده چې ټول، د دې فورم د خیال وساتلې شي او دلته آنریبل ممبرز چې کله موجود وی نو منسټرانو صاحبانو ته هم پکار ده چې په ټائم راځی۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! زه به دوه څلور منټه اخلم۔

جناب ډپټي سپیکر: جی جی، جی۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، زه دا ګزارش کوم چې دلته اجلاس راغوښتلے کیږی د دغې غریبې صوبې، مونږ هر ممبر ته د روزانه په حساب سره ښه پیسې ملاویږی او دا په څه شی باندې ملاویږی؟ دا په دغه بنیاد باندې ملاویږی چې زه د عوامو خدمت کوم او دې ځائې ته راغلے یم، زه د عوامو نمائنده یم خو جناب سپیکر صاحب، زه ډیر افسوس سره دا خبره کوم چې د هر منسټر دا ذمه داری ده، هر منسټر ته حکومت بنګله ورکړې ده، هر منسټر ته حکومت دفتر ورکړے دے، ګاډی ئے ورته ورکړی دی او د هغې باوجود چې بیا مونږ راشو، بیا مونږ ته دا وئیلې کیږی مطلب دا دے چې منسټر صاحب نشته دے۔ زما به دا ګزارش وی درته چې کم از کم اول خو منسټر، بیا تاسو نه مونږ د سیکرټریانو تپوس وکړو، تاسو اووئیل چې که منسټر نه وی نو د هغه په ځائې باندې به مونږ ته سیکرټری جواب راکوی۔ جناب سپیکر صاحب، دا ډیر مقدس ایوان دے، دا د عوامو د طمعې ځائې دے، هم دغې ته د عوامو نګاه دی او که بیا دې ځائې کښې مطلب دا دے دا حالات وی، زه خو به ډیر معذرت سره دا خبره وکړم چې تیر حکومت کوم کولیشن حکومت وو، هغې کښې دا حالات څلورو کالو نه بعد مونږ لیدلی وو، داسې درې میاشتو کښې دننه داسې حالات مونږ نه وو لیدلی۔ مونږ او تاسو ته ډیر مخکښې منزل پاتې دے، مونږ او تاسو ته ډیر غرونه پاتې دی، د هغې ښکته کول پاتې دی مونږ او تاسو ته، که د اوس نه زمونږ دغه حالات وی نو بیا به مطلب دا دے، دا خو ایله طلوع ده نو بیا به غروب کښې څه کوؤ؟ نو زما تاسو ته دا استدعا ده چې د کوم منسټر، کم از کم چې د کوم منسټر سوال وی، د هغه منسټر حاضری د یقینی کړلې شی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب، پلیز۔

جناب سراج الحق {(سینیئر وزیر (خزانہ)}: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ محترم سپیکر صاحب، اچھی بات جہاں سے بھی آجائے، ہم اس کی حمایت کرتے ہیں۔ مفتی جانان صاحب کی توجہ اور دوسرے دوستوں کی توجہ بالکل بجا ہے، ہم سپورٹ کرتے ہیں، Appreciate کرتے ہیں اور تعاون بھی دیتے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ عوام کا ایک رش ہے ان کے دفاتر پر اور۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

سینیئر وزیر (خزانہ): علی! میری بات سنیں، علی! میری بات سنیں۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: دا مهربانی وکړئ لږه، پلیز بهئ، سراج الحق صاحب خبره وکړی نو بیا بیشک تاسو خبره وکړئ۔

سینیئر وزیر (خزانہ): اس کی وجہ سے جرگوں میں لوگ پھنس جاتے ہیں، ہسپتالوں میں لوگ پھنس جاتے ہیں، رش میں لوگ پہنچ جاتے ہیں لیکن تمام باتوں کے باوجود بھی میں محترم ممبران اسمبلی کی بات کو سپورٹ کرتا ہوں اور یقین دلاتے ہیں ان شاءاللہ تعالیٰ کہ آئندہ کیلئے ہم تمام وزراء اور ان کے ایڈوائزرز اور سیکرٹریوں کی یہاں موجودگی کو یقینی بنانے کی کوشش کرینگے، ان شاءاللہ۔

جناب شاہ حسین خان: سر! اجازت دے جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ حسین صاحب، پلیز۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ سپیکر صاحب، لکه ځنګه چې مفتی جانان صاحب خبره وکړله او بیا جناب محترم سراج الحق صاحب خبره وکړله، خبره دا نه ده جی، دوئ دا اووئیل چې منسټران صاحبان په دفتر کښې وی او هلته کښې د خلقو او د عوامو رش وی، زما اتمه ورځ ده چې زه د کلی نه راغلے یم، سیوا د یو منسټر صاحب نه، یوسف ایوب صاحب دفتر کښې نن ناست وو او سیوا د ضیاء الله آفریدی نه چې هغه دفتر کښې کښینی، نور یو منسټر په دې اته ورځو کښې په دفتر کښې نه دے ناست۔ دوئ حلقو کښې هم نشته جی، که دوئ حلقو کښې وے نو بیا به هم دا خبره ټهیک وه، حلقو کښې نشته۔ په سیکرټریانو غریبانانو باندې، ایډیشنل سیکرټریان غریبانان هغه خو تاسو د دې ځائې نه حکم

وکړئ، د هغوی حاضری مکمل ده، سو فیصد ده خو چې مونږ کله په دې هاؤس کښې د ننه وی، حکومتی ممبران یا منسټران هغه نه وی او بله غټه خبره دا ده جی چې د پارلیمانی سیکرټریانو دا دومره لوئې فوج چې بهرتی شوے دے اخر دا د کوم مرض دارو دی، دوئ به کوم وخت کښې پکار رائحی؟ ټهیک ده منسټر صاحب نشته، مجبوریانې دی، دوه دیرش پارلیمانی سیکرټریان دی، د هغوی محکمې نوټیفائی شوې دی، د دوئ د قول مطابق نو بیا د هغوی راشی دلته د کښینی، د سوالاتو جوابات د ورکړی۔ دا دومره لویه خرچه چې کیږی، دا د سیکرټریټ ملازمین ورته دومره ناست دی سیکنډ ټائم ته، حالانکه دا د دوئ ټائم نه دے، د دوئ خو دوه بجو پورې ډیوټی ده خو دوئ مونږ ته، ستاسو د پاره بیا دلته دوئ ناست دی۔ بیا دا سیکرټریان، ایډیشنل سیکرټریان، ډپټی سیکرټریان، سیکشن افسران، د دوئ د دوه دوه نیمو بجو پورې ډیوټی وی، دوئ بیا مونږ له راشی، دا اضافی وخت ماسخوتن پورې دوئ دا خپل وخت ضائع کوی چې دا ټول خلق دا سې کوی، بیا د ټریفک حال تاسو ته معلوم دے چې د دې صوبې عوامو ته چې کله د اسمبلئ اجلاس شروع وی نو څومره ډیر لوئې تکلیف وی، د هغې هم تاسو ته او مونږ ته احساس دے چې دا دومره ټولې خبرې دی نو منسټران صاحبان د دا مهربانی وکړی، د دې عوامو دا پیسه د ضائع کولو ته نه پریږدی، د دې خلقو دا وخت د ضائع کولو ته نه پریږدی، که بفرض محال یو منسټر صاحب نه رائحی، ښه ده، ټهیک ده، مجبوری به ئے وی، دا پارلیمانی سیکرټریان صاحب چې دی، دا د راشی، د دوئ د حاضری وی۔ دا به ډیره مهربانی وی، ستاسو شکریه به وی جی۔

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): د دوئ د مؤقف ملګرتیا وکړله، شاباشے مو ورکړو، سپورټ مو هم ورکړو، د هغې نه پس هم د احتساب دا توره چې دوئ په خپل تیکی کښې نه ایږدی، (ہنسی) زه وایم دا انصاف نه دے۔ د پارلیمانی سیکرټریانو خبره بالکل په ځائې ده خو حقه دا ده جی چې بعضې پارلیمانی سیکرټریان دا سې دی

چې هغوی ته هغه خپلې محکمې هم لا الاټ شوې نه دی، ورته Identify شوې نه دی ځکه یو ځل بیا زه دا عرض کوم، یقین دهانی ورکوم چې شاه حسین صاحب او دا نور ملګری که د احتساب چاړه په ترخ کښې ونیسی، مونږ به د خپل ملګرو Availability یقینی کړو ان شاء الله تعالیٰ۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار حسین بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: دا زما ملګرو چې کومه نکته راپورته کړې ده، زه دا ګنم چې اوس د وزیرانو صاحبانو یا ممبرانو صاحبانو هم غیر موجودګی چې ده، دا جواز نه لری، د هغې وجه ده، که مونږه وګورو نو اوس دا د اسمبلئ اجلاس چې دے، د هغې د پاره یو Schedule چې دے، هغه رامخامخ شو او بیا مونږ پارلیمانی چې څومره د پارټو لیډران وو، په هغې باندې مونږه اکتفا وکړه چې دا ډیره زیاته ښه خبره ده چې په میاشت کښې تاریخ او ورځې چې دی، دا متعین دی نو زه خو شکریه ادا کوم د سراج صاحب بالکل چې هغوی یقین دهانی ورکړه او بیا ئے دا خبره وکړه چې مونږه به کوشش کوؤ خو سوال دا راپورته کیږی چې په میاشت کښې، Schedule تاسو د ټولو میاشتو ورکړو، د هغې ورځ، د هغې تاریخ متعین دے نو خبره دا ده چې حکومت خو افسرانو ته هم ګوته څنډوی چې سم شئ، پولیسو ته هم ګوته څنډوی چې تاسو سم شئ، پټواریانو ته هم ګوته څنډوی چې تاسو سم شئ نو زما یقین دا دے چې بیا خو مونږ اپوزیشن سره بله لار نشته دے، زه خو دومره دغه نشم کولے خو ریکویسټ به سراج صاحب ته کوم، سینیئر منسټر دے چې زه نه ګنم چې په دیکښې اوس څه جواز شته چې لکه د وزیرانو صاحبانو حاضری چې ده، دا به مونږه یقینی کوؤ، لکه ولې؟ Schedule معلوم دے نو پکار ده چې ټول وزیران هغه دلته ناست وی او دا اولنئ ورځ نه ده، دا اجلاس چې شروع دے، بد قسمتی دا ده چې د کوم ډیپارټمنټ سوالونه راغلی دی، د ډیرې بد قسمتئ نه بیا په هغه ورځ باندې یا یو یا دوه وزیران چې دی، هغه موجود نه وی۔ نو سپیکر صاحب، په دې باندې ستاسو رولنګ مونږه غواړو چې کم از کم شکریه ادا کوؤ چې هغوی به کوشش کوی خو دا حاضری چې ده، پکار ده چې دا یقینی شی او دا وزیران صاحبان چې دی چې دا راځی۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر(خزانہ): سر، زه عرض کوم۔ زما خپله سر، د چھ تاریخ نه تر ستره تاریخه پورې د برطانیې دوره وه خو حقیقت دا دے چې خالص د دې اجلاس د اهمیت پیش نظر او دا عوامی اسمبلی ده، عوامی جرگه ده، د دې د قدر و قیمت پیش نظر ما هغه خپل ټول پروگرامونه کینسل کړل او واپس دې اجلاس ته مې ځان رااورسولو او تر پرونه پورې زما خیال دے زمونږ ټول ملگری دلته موجود هم وو، وزیران، هسې زما خپل May be wrong ممکن ده زه په غلطه یم، دا۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جناب شاہ فرمان، وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ایوان میں تشریف لے آئے)

(تالیاں)

سینیئر وزیر(خزانہ): چې دا کوم نن ورځ تاریخ وو زما د خپل شیډول مطابق زما دا خیال وو چې نن کیدے شی اجلاس به نه وی او زمونږ د اسمبلئ اجلاس خو په اوولسم تاریخ باندې به ختمیږی، بهرحال چې کوم شے غلط دے، هغې ته به غلط وایو او چې کوم ټهیک دے، هغې ته به ان شاء اللّٰه ټهیک وایو، په دیکښې درسره زه کلک ملگرے یم ان شاء اللّٰه تعالیٰ۔

جناب حبیب الرحمان(وزیر زکواة وعشر): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی حبیب الرحمان صاحب، پلیز۔

وزیر زکواة و عشر: شاه حسین ورور داسې خبره وکړه چې د دوه درې کسانو نه علاوه، زه په دې دغه باندې چې د کله نه دا اجلاس شروع شوے، بلکه همیشه د پاره مونږه په نهه بجې دفتر ته راځو او پینځه بجې ځو، یو ورځ غیر حاضری مونږه د خپل دفتر نه چرته نه ده کړی، یعنی ځکه دا خبره زه کوم چې لکه بعضې خبرې په دې بنیاد وی، په دې اسمبلئ کښې هم Hundred percent مونږ حاضری کړې ده، مونږه به په نهه بجې نه، په اووه بجې به هم راځو خو چونکه د خلقو Routine دا دے چې د نهو نه مخکښې نه رااوځی او نه راپاځی، که چرې مونږ ته وائی چې اووه بجې به راځئ، مونږ به اووه بجې حاضر یو او شاه حسین ورور هم زما دفتر ته راغلے دے او مولانا صاحب دا خومره چې دی، تقریباً چې خوک

راغلی دی، زه به ئے حاضر مونډے یم۔ یقیناً چې بعضې بعضې وخت کښې به زمونږ میټنګونه وی خو دا زمونږ د ایمان تقاضه ده، اللّٰه تعالیٰ په مونږ باندې یوه غټه ذمه واری اچولې ده، مونږ به خدائے ته پیش کیږو او د اخرت د جواب دهئ په بنیاد باندې دا ډیوټی مونږه کوؤ، دا به ان شاء اللّٰه نه وی او مونږ خلقو ته Accessible یو، یعنی هر وخت خلق راځی او زمونږ سره په سوؤنو خلق وی او مونږ هغسې نه یو چې په پروټوکول باندې خلق راځی او مونږ به Available نه یو۔ دې حکومت ته دا دغه حاصل دے چې سره د دې حالاتو چې حالات کړکیچن دی او خراب دی خو بیا هم د دې حکومت وزراء، د هغې مشیران، د هغې ځومره چې کوم پارلیمانی سیکرټریان دی، دا هر وخت Available وی او زه بالکل یعنی دا خبره کوم چې دا به تاسو، داسې به ان شاء اللّٰه تعالیٰ چې نه وی، مونږ حاضری مخکښې هم کړې ده، دې اسمبلئ کښې به هم کوؤ ان شاء اللّٰه داسې څه خبره به نه وی۔

<u>جناب عنایت اللّٰہ (وزیر بلدیات)</u>: سپیکر صاحب!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب عنایت اللّٰہ صاحب، پلیز۔

(قطع کلامی)

<u>وزیر بلدیات</u>: ډیبیټ نه کوؤ خو سپیکر صاحب! مونږ ته خو د Explanation، د وضاحت دغه شته کنه، لکه دا Absolute statement دے چې وزراء په دفترو کښې نه کښینئ، زه پرون هم په آفس کښې ناستووم او نن هم دوه بجې زه د آفس نه راپاڅیدلے یم او د دې نه مخکښې چې زما کیمپ آفس وو، ټولو خلقو ته هغه ایډورټائز شوے دے، هلته هم خلق راغلی دی، دوه درې سوه خلق هلته ما Attend کړی دی او دې اسمبلئ کښې چې دا سیشن شروع شوے دے نو صرف یوه ورځ زه Absent پاتې شوے یم، د دې نه علاوه د یوې ګهنټې دوه د پاره بهر ته تلی یو، نو وزراء کښې که څه خلق اسمبلئ ته نه وی راغلی یا آفسونو کښې وی نو داسې Absolute statement لکه ورکول چې بالکل وزراء نه راځی، دا هم دغه نه ده، کیدے شی چې خلق نه کښینی ځوک آفسونو کښې، څه خلق په ډیوټئ دغه نه بهر وی خو د دې سره مونږه اتفاق نه کوؤ، موجود یو دلته، راغلی

یو، د خپل ډیپارټمنټ حوالې سره هم دغه کوؤ او مونږColleagues یو، که د ده په دې ډیپارټمنټ کوم کوئسچن دے، زما خیال دے که مفتی صاحب پرې خبره کولې نو که مونږ Explanation نه شوے کولے نو مونږ به ورته وئیلې وے چې مونږ به ئے ډیپارټمنټ ته ریفر کړو، کمیټئ ته به ئے ریفر کړو، څه خبره به مو ورته کړې وے، دوباره به پرې کښینو، نو داسې هم نه ده چې د هغې متعلقه ډیپارټمنټ وزیر نشته او په هغې باندې د هغې کوئسچن حوالې سره قطعاً مونږه خبره نشو کولے۔ تهینک یو۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا فضل غفور صاحب، کوئسچن نمبر 297۔

* 297 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)میرے حلقہ PK-79 ضلع بونیر میں آبنوشی کی سکیموں میں آسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں؛

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوخالی آسامیاں کتنی ہیں اور کونسی ہیں اور محکمہ مذکورہ خالی آسامیوں کو کب تک پر کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

جناب شاہ فرمان(وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): (الف) جی ہاں۔

(ب) ایک عدد آسامی وال مین کی واٹر سپلائی سکیم کالا خیلہ بوجہ ریٹائرمنٹ (عبدالمناف)اور ایک عدد آسامی آپریٹرCum چوکیدار کی واٹر سپلائی سکیم کنگر گلی میں خالی ہیں۔این او سی کیلئے ڈپٹی کمشنر بونیر کوبذریعہ خط نمبر(B) 01/03/E-4/PHE مورخہ 19-08-2013 لکھا گیاہے، جونہی سرپلس پول سے این او سی مل جائے توان شاءاللہ بھرتی کردی جائیگی۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه، جناب سپیکر۔ د ټولو نه وړاندې خو زه خپل آنریبل منسټر صاحب ته ویلکم وایم، Most welcome to you، دیر آید درست آید، خیر دے یوه گھنټه وروستو راغے خو راغے بهرحال، هغه خپله کرسئ ئے سنبهال کړله۔ جناب سپیکر، دا کوم کوئسچنز چې ما کړی دی نو د دې سره سپلیمنټری کوئسچنز زه ملګری کوم۔ یو خبره خو دا ده جی چې ما پکښې د اسامیانو خبرې کړې دی چې Vacant پوسټونه په واټر سپلائی سکیمز کښې زما په حلقه PK-79

بونیر III کښې دا څومره دی؟ جواب راکړلے شوے دے او جواب تسلی بخش دے۔ ورسره ورسره زه آنریبل منسټر صاحب ته دا ریکویسټ کوم چې لږ غوندې دوئ Explanation وکړی، پالیسی څه ده، د یو واټر سپلائی سکیم د پاره څومره سټاف چې کوم دے ساتلے کیږی؟ مخکښې زما په خیال باندې درې کسان وو، بیا هغه کم شو دوه ته چې کوم دے راغلل او هغه په صحیح طریقې سره نشی Deal کیدلے، لږ به دوئ په دې باندې Explanation، وضاحت به وکړی او ورسره ورسره به یو بل ریکویسټ هم دې آنریبل منسټر صاحب ته وکړم خو که دوئ ما ته متوجه شی۔ محترم منسټر صاحب! ما طرف ته لږ توجه وکړئ جی، اکثر واټر سپلائی سکیمز نور 'کمپلیټ' شی خو په هغې د Electrification کار بر وقت نه کیږی، د دوه درې کالو راهسې هغه نیمګړی پراته وی نو دوئ د په دې حواله باندې خپل Statement یا خپل چې څه قسم دغه کیدے شی، هغه د وکړی، وضاحت به دوئ زما د دې سپلیمنټری کوئسچنز وکړی او باقی زه د جواب نه مطمئن یم۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب شاه فرمان صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر صاحب! زما هم یو سپلیمنټری ده، نو منسټر صاحب به وروستو جواب راکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، احمد خان بہادر صاحب، پلیز۔

جناب احمد خان بہادر: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ دا کوئسچن نمبر 297 مفتی فضل غفور صاحب کړے وو جی، د پبلک هیلتھ انجینئرنګ ماشاءالله منسټر صاحب تشریف راؤړو، دوئ ویلکم کوؤ، لیټ راغلو خو څه بهرحال راغے حالانکه د دوئ دا وړومبنی کوئسچنز وو په ایجنډا باندې۔ جناب والا، هم دغه سیچویشن مونږ سره په مردان کښې هم رامخ دے۔ په مردان کښې په 2008 / 2009 نه واخلئ د دې دور پورې چې څومره ټیوب ویلې جوړې شوې وې، په هغې کښې په یو باندې هم اپوائنټمنټ نه دے شوے جناب والا، اول په دې باندې درې پوسټونه وو، یو به وو آپریټر، یو به وو چوکیدار، یو به وو وال مین۔ اوس تیر شوی پینځه شپږو کالو کښې هغه یو کس شوے دے، په هغې باندې صرف یو کس کیږی، خلق

شپږ شپږ مرلې ځائې کم از کم د دې ټیوب ویل د پاره ورکوی چې یره زما به پرې یو کس نوکر شی یا مونږ ته به ئے څه فائده وی خو د بد قسمتئ نه هغه ټیوب ویلې زیات تر بلکه زما حلقه چې کومه تیره شوې حلقه وه، په هغې کښې خو یو هم داسې نشته چې هغه کار کوی، هغه خو ټول Sub-standard وو، هغه خراب شوی دی جناب والا، زه منم چې دیکښې به د موجوده گورنمنټ منسټر صاحب ما له دا جواب راکړی چې زما خو درې میاشتې وشوې خو هغه متعلقه افسران، مهربانی د وکړې شی، هغوی د راوغوښتے شی، د هغوی نه د تپوس وکړے شی ځکه چې که په دې باندې اپوائنټمنټس نه دی شوی نو د هغې یو بنیادی وجه دا هم ده چې هغه Sub-standard work وو، هغه Functional نه دی، په دې وجه باندې په هغې باندې اپوائنټمنټس نه دی شوی، نو مهربانی د وکړې شی جی او دې طرف ته د هم لږه توجه وکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب شاہ فرمان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منور خان ایڈوکیٹ صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تهینک یو، سر۔ زه صرف دومره حد پورې خبره کوم چې ما شاه فرمان صاحب ته نن د ټیوب ویلو باره کښې میسج هم کړے دے، Kindly که په هغه میسج باندې چرته ایکشن واخلی چې دا کوم ټیوب ویلونه خراب دی، هغه ډیر معمولی معمولی دی، چرته بیس هزار روپۍ دی، چرته تیس هزار روپۍ دی خو په دومره کمو پیسو باندې هغه ټیوب ویلونه ټهیک کیدے شی خو هغه ایم اینډ آر فنډ چې کوم هلته کښې لیږلے شوے دے، هغه بند دے، هغه وائی چې یره بهئ څو پورې مونږ ته د بره نه آرډر نه وی شوے، نو د بره نه به آرډر شاه فرمان صاحب ورته کوی، سیکرټری به ئے ورته کوی، څوک به ئے ورته کوی؟ نو که شاه فرمان صاحب نن دا آرډر وکړی په دې فلور باندې چې دا کوم ټیوب ویلونه خراب دی یا کوم ایم اینډ آر فنډ هم پروت دے، په هغې باندې دا ټیوب ویلونه Repair شی۔ تهینک یو، سر۔

نوبزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی نوبزادہ ولی محمد خان۔

نوبزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب، زما هم منسٹر صاحب ته دا یو سوال دے او دغه دے چې زمونږ په علاقه کبنې یو ټینډر شوے دے، په 1995-04-24 کبنې ټینډر شوے دے او ورک آرډر په 1996-05-08 باندې ایشو شوے دے او لیټر نمبر د اے 2-901 دے او اے ډی پی نمبر 61 دے او د دې پبلک هیلته دے او سکیم چې کوم دے دا د ګیچ کوټ سکیم دے خو افسوس خبره دا ده چې تر ننه پورې دا د 1995 نه واخله د دې 2013 پورې مطلب دا دے شوے دے، دا سکیم Incomplete دے، د ده هیڅ قسم له څه مسئله نه ده، د حکومت د کروړونو روپئ دی، هغه ضائع شوې دی، زه منسٹر صاحب ته خواست کوم چې یره د دې د انکوائری وکړی چې آیا دا سکیم ولې نه 'کمپلیټ' کیږی، څه وجه ده؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ): شکریہ، جناب سپیکر۔ میں تمام معزز ارکان کا شکر گزار ہوں، آج پتہ چلا کہ وہ مجھے کتنا Miss کرتے ہیں؟ اگر یہ مجھے اتنا یاد رکھتے ہیں تو ان کا شکریہ۔ ایم اینڈ آر، کچھ Transparency لانے کیلئے، کچھ چیزوں کو سمجھنے کیلئے، ڈیپارٹمنٹ کو Transparent چلانے کیلئے یقیناً کچھ پابندیاں میں نے لگائی تھیں لیکن میں آج اب اسی وقت سے ایم اینڈ آر کے فنڈز کو ریلیز کرتا ہوں اور اس سے پابندی ہٹاتا ہوں۔ اگر اس سے مسئلہ حل ہوتا ہے۔ (تالیاں) جہاں تک واٹر سپلائی سکیم پر بھرتی کا تعلق ہے تو۔۔۔۔۔

نوابزادہ ولی محمد خان: زما د مسئلې تعلق خو د ایم اینډ آر سره نه دے۔

(قطع کلامیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ: اگر آپ کو یاد ہو تو آپ سے پہلے دو تین معزز اراکین نے بھی سوالات کئے ہیں تو اگر آپ انتظار کریں تو اچھا ہے۔ اچھا، Electrification کی بات تھی، اس وجہ سے پالیسی یہ بنی ہے، پالیسی یہ بنی ہے کہ چونکہ ٹائم لائن Average ڈھائی سال ہے کہ پیسکو ہماری کسی سکیم کو جب الیکٹریسٹی provide کرتی ہے تو سال ڈیڑھ سال میں جب وہ (کام) 'کمپلیٹ' ہو جاتا ہے تو باقی سال ڈیڑھ سال ہم انتظار کرتے ہیں، پائپ Rusted ہو جاتے ہیں، پانی خراب ہو جاتا ہے، بیماریاں، تو اس وجہ سے تو ایک پالیسی

ہم نے یہ بنائی ہے کہ جتنا ممکن ہو ہم سولر سسٹم لگائیں اور پبلک ہیلتھ کے ٹیوب ویلز کیلئے وہ اسلئے Suitable ہے کہ Backup کی ضرورت نہیں ہے، صرف پلیٹس ہیں، اگر دھوپ ہو اور چھ، سات، آٹھ گھنٹے اگر ٹیوب ویل چلے تو وہ کام ہو جاتا ہے، وہ اریگیشن کے ٹیوب ویلز نہیں ہیں لیکن چونکہ یہ ہمارے اختیار میں نہیں ہے اور یہ ایشو ہم بار بار اٹھا چکے ہیں پیسکو کے ساتھ کہ آپ ہمیں ٹائم پہ، یہ بھی ایک Proposal ہے کہ ہم ان سے یہ Permission لیں کہ اگر آپ نہیں کر سکتے تو ہمیں یہ اختیار دیدیں کہ ہم واپڈا کے کنٹریکٹرز کے Through خود، لیکن یہ آپ کو پتہ ہونا چاہیئے کہ سکیم شروع ہونے سے پہلے Payment واپڈا کو چلی جاتی ہے۔ یہ بدقسمتی ہے کہ پیسکو/واپڈا کی حالت یہ ہے حالانکہ ہم ان سے یہ بھی Negotiate کریں گے کہ اگر وہ ہمیں یہ اختیار دیدے کہ ان کے کنٹریکٹرز کے Through ہم Provide کریں، یہ بھی ایک حل ہے، سولر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، یہ بھی ایک حل ہے، یہ میں مانتا ہوں کہ یہ ایک بڑا مسئلہ ہے، کوشش کرتے ہیں کہ جتنا جلدی حل ہو جائے۔ بڑی سکیم کے اوپر تین اور چھوٹی سکیم کے اوپر دو Vacancies ہوتی ہیں، یہ بھی تھوڑا اگر اس سے معاملہ رکا ہوا ہے تو یہ پتہ چلانا، کیونکہ ٹیوب ویل دن میں دو تین چار دفعہ آپ نے On / off کرنا ہوتا ہے تو لوکل بندہ ہونا چاہیئے اور خاصکر مفتی صاحب کے حلقے میں اگر کہیں Vacancy نہیں ہے تو میں ان کے ساتھ بیٹھ جاؤں گا اور بات کر لیں گے کہ اس Vacancy کو کس طرح ہم Fill کر سکتے ہیں؟ اس کے اوپر ہم Understanding بنا کے اس کے اندر ہم وہ Vacancy fill کر لیں گے۔ اگر مفتی صاحب اس سے مطمئن ہو سکتے ہیں تو میں ضرور ان کے ساتھ بیٹھوں گا کہ یہ اتنا بڑا مسئلہ کیسے حل کریں گے؟ اور ان شاءاللہ دونوں بیٹھ کر حل کر لیں گے، وہ کوئی ایشو نہیں ہے۔ بہت ساری ایسی سکیمیں ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ پبلک ہیلتھ کے اندر جتنی زیادہ Strictness، جتنی سختی میں کر رہا ہوں، کوشش کر رہے ہیں، میں نے کوئی Four thousand سے زیادہ Pages کا ڈیٹا اکٹھا کیا جس کے اندر 'نان فنکشنل' سکیمیں شامل ہیں، تو آپ مجھ سے ملیں یا میں آپ کی طرف آ جاؤں گا اور بیٹھ کر اس کا حل نکال لیں گے کیونکہ کچھ ایسے ایشوز ضرور ہیں، ایسے بھی ٹیوب ویلز ہیں کہ جو پوری سکیم ہے لیکن لوگوں نے اس کے اوپر قبضہ کیا ہوا ہے، اپنے علاوہ کسی دوسرے بندے کو پانی بھی نہیں دیتے، تو یہ سارے مسائل ہیں، ان شاءاللہ میں اس کو دیکھ رہا ہوں۔ چونکہ میرے اوپر ایک اور

ذمہ داری بھی ہے، ادھر آپ کو جواب دیتا ہوں، ادھر سے باہر جا کے میڈیا کو جواب دیتا ہوں، صبح اپنے حلقے کو جواب دیتا ہوں تو آپ میرے ساتھ گزارہ کریں، میری نیت کے اوپر آپ شک نہ کریں۔ شکریہ جی۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محمد علی شاہ باچا صاحب۔

(قطع کلامیاں)

سید محمد علی شاہ: دیکښې جی منسټر صاحب خو په تفصیل خبره وکړه جی، دیکښې ورته زه یو ریکویسټ کوم جی چې دا کوم کسان چې ریټائر شوی دی جی، تقریباً د دریو میاشتو نه، څلورو میاشتو نه هغه ویکنسیانې هم خالی پرتې دی جی نو کم از کم چې کوم کسان ریټائر شوی وی او ټیوب ویل بندیدو طرف ته روان وی نو کم از کم هغې کښې د دا Ban ترې وچت کړی نو ډیر دغه به شی جی، چې کوم کسان ریټائر شوی دی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: تقریباً یہ ساری Vacancies پندرہ سے بیس دن کے اندر Fill ہو جائیں گی، 'کمپلیٹ' ہو جائیں گی ان شاءاللہ اور اس کے اندر جو Criteria ہے کہ لوکل بندہ ہونا چاہیئے، جس کا اگر کوئی Father ہے، زمین کا ایک ایشو ضرور ہے، میں یہ بات بھی آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ جو زمین دیتا ہے، وہ زمین کی Calculation کرتا ہے کہ اتنے میں اگر مجھے ایک نوکری یا دو نوکریاں مل جائیں تو یہ کیسا ہے؟ یہ تو چلو خیر ایڈجسٹ ہو جاتی ہے بات لیکن اس کے بعد سے اس سکیم کے اوپر قبضہ کرنا اور اس کو اپنا سمجھنا، کچھ لوگوں کو پانی دینا کچھ کو نہ دینا، یہ ایک مسئلہ ضرور ہے، ہم یہ بھی سوچتے ہیں کہ سکیمز کیلئے ہم پہلے زمین بھی خریدیں دو چار مرلے کی ضرورت ہو گی تاکہ سکیم علاقے میں Independent رہے اور اس کے اوپر کسی کی اجارہ داری نہ ہو۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب! میرا یہ سوال تھا کہ کتنے دن کے اندر ساری سیٹوں کے اوپر بھرتیاں ہو جائیں گی؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: کس کے اوپر؟

مولانا مفتی فضل غفور: ان سیٹوں کے اوپر۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں نے آپ سے کہا نا پندرہ سے بیس دن کے اندر پورے صوبے میں یہ Vacancies fill ہو جائیں گی، آپ Rest assured کہ یہ ہو جائے گا ان شاءاللہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی کوئسچن نمبر 227، جناب زرین گل صاحب، ایم پی اے۔

* 227 _ جناب زرین گل: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سالانہ ترقیاتی پروگرام 12-2011 اور 13-2012 میں ضلع تورغر کیلئے ترقیاتی و انتظامی فنڈز مختص کئے گئے تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ مدوں کیلئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا اور اس عرصے میں ترقیاتی فنڈز کن کن منصوبوں پر خرچ کئے گئے، کی تفصیل بمعہ منصوبہ و مختص شدہ فنڈ فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ منصوبوں میں سے تاحال کتنے پایہ تکمیل کو پہنچے اور کتنے پر کام جاری ہے، نیز ان کی موجودہ حیثیت کیا ہے اور بقایا فنڈ کتنا ہے، تفصیل بتائی جائے؛

(iii) مذکورہ ضلع کیلئے سال 14-2013 کے بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے محکمہ کی کیا ترجیحات ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ سال 2011-12 اور 13-2012 میں ضلع تورغر کیلئے ترقیاتی و انتظامی فنڈز مختص کئے گئے تھے۔

(ب) (i) مذکورہ مدوں کیلئے کل 1160.331 ملین فنڈ مختص کیا گیا تھا اور اس عرصے میں ترقیاتی فنڈ جن منصوبوں پر خرچ کیا گیا، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ii) مذکورہ منصوبوں میں تاحال 08 منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچے جبکہ 58 پر کام جاری ہے، ان کی موجودہ حیثیت اور بقایا فنڈ کی تفصیل درج ذیل ہے:

GENERAL ABSTRACT OF SCHEMES

| S.No. | Sector | Total Schemes | Schemes in progress | Schemes Completed 2011-12 | Schemes Completed 2012-13 |
|---|---|---|---|---|---|
| SPECIAL DEVELOPMENTAL PACKAGE DISTRICT TORGHAR | | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Governance | 16 | 16 | - | 0 |
| 2 | Communication | 18 | 16 | - | 2 |
| 3 | Health | 4 | 4 | - | 0 |
| 4 | Education | 5 | 5 | - | 0 |
| | SUB-TOTAL (A) | 43 | 41 | - | 2 |
| ADP (COMMUNICATION) | | | | | |
| 1 | Communication | 2 | 0 | - | 2 |
| ADP (EDUCATION) | | | | | |
| 1 | Education | 13 | 11 | - | 2 |
| SPORTS PROGRAM | | | | | |
| 1 | Sports | 2 | 1 | - | 1 |
| I.N.L Program fo District Torghar (N.A.S) | | | | | |
| 1 | Communication | 6 | 5 | - | 1 |
| SUB TOTAL (B) | | 23 | 17 | - | 6 |
| GRAND TOTAL (A+B) | | 66 | 58 | - | 8 |

(iii) ضلع تورغر سپیشل ڈویلپمنٹ پیکج کیلئے سال 14-2013 کیلئے ایلوکیشن 734.038 ملین ہے جس میں محکمہ کی ترجیحات کی تفصیل درج ذیل ہے:

<u>SPEACIAL DEVELOPMENTAL PACKAGE TORGHAR</u>

<u>WORKPLAN/PRIORITIES FOR 2013-14</u>

Allocation Rs. 734.038 Million

| S.No. | SECTOR | AMOUNT (In Million) |
|---|---|---|
| 1 | Governance | 139.775 |
| 2 | Communication | 457.297 |
| 3 | Health | 62.86 |
| 4 | Education | 74.106 |
| TOTAL | | 734.038 |

<u>WORKPLAN/PRIORITIES 2013-14</u>

<u>(Detail of Sectors)</u>

| A. | GOVERNANCE SECTOR | Amount (Million) |
|---|---|---|
| i | Construction of Distt: Secretariat, Distt: Torghar<br>SH: (1) Main Building (DS)<br>(2) Main Building (SS) | 29.29 |
| ii | Construction of Distt: Secretariat, Distt: Torghar<br>SH: Dev: Works & Compound Wall (Offices) Judbah | 34.781 |
| iii | Construction of Bachelor Hostel (20-Suites) at Judbah. | 17.31 |
| iv | Construction of Distt: Secretariat, Distt: Torghar. (09-Residences in Residential Building) at Judbah<br>SH: 1. Category-II Residence (DCO)<br>2. Category-III Residence (ACO)<br>Category-III Residence (DOR&E) | 15.34 |
| v | Construction of Officer Residence<br>(06-Nos at Judbah) District Torghar | 29.269 |
| vi | Construction of Tehsil HQ Kandar. (Offices) | 13.785 |
| | TOTAL | 139.775 |

| B. | COMMUNICATION SECTOR | AMOUNT (In Million) |
|---|---|---|
| i | Construction of Shingled Road from Bilkot to Phagban (07-Kms) | 22.680 |
| ii | Construction of Shingled Road from Mangori Kamaser to Dheri Kaka Khel (07-Kms) | 43.694 |
| iii | Construction of Shingled Road from Karor to Mariar Nadray (04-Kms) | 30.455 |
| iv | Impt:, Widening & BT of Road from Shungli Bandi to Gavey via Tilli Kandow & Seri Kohani (25-Kms) Phase-I (Km 1-5) | 68.005 |
| v | Impt:, Widening & BT of Road from Shungli Bandi to Gavey via Tilli Kandow & Seri Kohani (25-Kms) Phase-II (Km 6-10) | 79.265 |
| vi | Impt:, Widening & BT of Road from Shungli Bandi to Gavey via Tilli Kandow & Seri Kohani (25-Kms) Phase-III (Km 11-15) | 76.545 |
| vii | Impt:, Widening & BT of Road from Shungli Bandi to Gavey via Tilli Kandow & Seri Kohani (25-Kms) Phase-1V (Km 16-20) | 89.57 |
| viii | Impt:, Widening & BT of Road from Shungli Bandi to Gavey via Tilli Kandow & Seri Kohani (25-Kms) Phase-V (Km 21-25) | 47.083 |
| | TOTAL | 457.297 |
| C | HEALTH SECTOR | AMOUNT (In Million) |
| a | Major Repair of 04-Basic Health Units | |
| | BHU Darbani | 7.351 |
| | BHU Palosa | 2.213 |
| b | Reconstruction of 02-Basic Health Units | |
| | BHU Shingledar | 53.302 |
| | TOTAL | 62.86 |
| D | EDUCATION SECTOR | AMOUNT (In Million) |
| i | GMS Doba | |
| | GMS Charakot | |
| | GMS Kotlay Nustrat Khel | |
| | GMS Cheer | |
| ii | GMS Shingledar | 35.931 |
| | GMS Shatal | |
| | GMS Kalsoona | |
| | GMS Gangat | |
| | TOTAL | 74.106 |

**جناب زرین گل:** ډیره مننه، محترم سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 227 (الف)، (ب)۔ محترم سپیکر صاحب! وزیر صاحب چې کوم دے نو دوئ خو ډیر یو Positive approach لری او بنه Competent, capable, talented, honest او تجربه کار منستر دے۔

(تالیاں)

**اراکین:** واہ واہ۔

جناب زرین گل: (ہنسی) جناب سپیکر صاحب! دې سوال کښې د (الف) په جواب کښې Annex-A, Chart No. 12, Communication Sector, ADP No. 305/100037، په دیکښې یو روډ دے Khankhel Abad Daggar Beerbat to Gujjar Bandi، د دې د پاره 12-2011 کښې20 ملین روپئ کیښودلې شوې دې، 12-2011 کښې په دې باندې10 ملین خرچ شوې دی، 13-2012 کښې په دې باندې بیا بقایا 10 ملین خرچ شوې دی یعنی مختص شده چې څه رقم وو، ټول خرچ شوے دے۔ اوس بیا د دې روډ د پاره، 1.5 کلومیټر ئے دا Extend کړو، د دې نوم ئے کیښودو "Extension of Daggar Khankhel to Gujjar Bandi"، د دې د پاره پینځلس ملینه روپئ کیښودلې شوې وې، 12-2011 پیسې څه خرچ نه شوې، 13-2012 کښې په دې باندې10 ملین خرچه یعنی په دغه یو روډ باندې30 ملین روپئ خرچ شوې دی۔ اوس جی زما دوه خبرې دی دیکښې، نمبر ایک دا ده چې رقم وتے دے او پراګریس ئے Zero دے، یعنی درې کروړه روپئ وتې دی او په هغې کښې هغه چارټ تاسو وګورئ، په هغې کښې پراګریس چې کوم دے، هغه Nil دے، تاسو وګورئ جی دا، یہ چارٹ نمبر12، یہ چارٹ نمبر12،-----

A Member: Page No. 12.

جناب زرین گل: پیج نمبر12۔ سر، یہاں پہ Communication Sector ADP، اے ڈی پی نمبر ہے 305/100037، هغه لیکلی دی چې "Repair / Rehabilitation & Construction of Road Network in Khyber Pakhtunkhwa (200-Km)"، اس میں "Khankhel Abad Daggar Beerbat to Gujjar Bandi"، اس کیلئے20 ملین رقم رکھی گئی تھی، Expenditure to the end of previous year 2011-12, 10 million. 2012-13, 10 million. Uptodate expenditure 20 million, percetage progress nil.۔ اچھا، ایک تو یہ بات ہے، پھر اس کے بعد جو دوسرا اسی سے متعلق ہے، 15 ملین روپے رکھے گئے ہیں، یعنی "Extension of Daggar Khankhel to Gujjar Bandi Road"، اس کیلئے 15 ملین رقم رکھی گئی، 10 ملین اس پہ خرچ ہوئے اور Progress nil۔ اس میں میری دو باتیں ہیں سر، پہلی بات تو یہ ہے کہ رقم نکالی گئی اور Progress zero۔ نمبر ٹو، اے ڈی

پی تورغر کی ہے، کیونکہ میں نے تورغر سے متعلق پوچھا ہے، ٹینڈرز تورغر میں ہوئے ہیں، Progress nil ہے جبکہ یہ گاؤں اور جگہ تورغر میں سرے سے وجود ہی نہیں رکھتی۔اس کے متعلق۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات وتعمیرات): جی شکریہ، سپیکر صاحب۔ یہ بالکل میرے پاس ہے جی، ہمارے بھائی ہیں زرین گل صاحب، اس میں جو مجھے محکمے کی طرف سے رپورٹ ملی ہے، یہ 15 ملین کا پراجیکٹ تھا، Expenditures to the end of previous year, 12 million ہے، Uptodate expenditures بھی 12 ملین ہے اور اس کی جو Physical progress percentage ہے، وہ 80 فیصد ایکسیئن نے مجھے بتائی ہے لیکن مجھے ادھر سن کے بڑی حیرانگی ہوتی ہے، زرین گل خان کہہ رہے ہیں کہ جی یہ Zero percent ہے، Exist ہی نہیں کرتی، یہ تو بڑی حیران کن بات ہے میرے لئے بھی، ٹھیک ہے جی کیونکہ میرے پاس جو یہ ڈیٹا ڈیپارٹمنٹ کا ہے، اس کے مطابق 80% یعنی ڈیڑھ کروڑ کہ ایک کروڑ 20 لاکھ روپے اس سکیم پہ لگ چکے ہیں اور 80 فیصد 'کمپلیٹ' ہو چکی ہے لیکن ہمارے فاضل رکن ادھر On the floor of the House ایک Statement دے رہے ہیں کہ جی یہ روڈ سرے سے بنا ہی نہیں ہے، تو میرے لئے بھی یہ ایک بہت بڑی حیران کن بات ہے، مطلب Honestly speaking، اور اس پہ میں ضرور چاہوں گا کہ میں خود اس چیز کو Investigate کروں، یہ تو ایک سیدھا سیدھا، جیسے یہ کہہ رہے ہیں یہ تو چوری بھی نہیں ہے، یہ تو ڈاکہ ہے اور اگر کسی نے ڈاکہ مارا ہے تو پھر اس کے ساتھ وہی حشر ہونا چاہیئے جو ایک چور کا ہوتا ہے۔ میں ان کی بات کو Doubt بھی نہیں کرتا کیونکہ On the floor of the House کہہ رہے ہیں، محکمے نے ادھر 80% Progress show کی ہے اور وہ کہہ رہے ہیں کہ روڈ بنا ہی نہیں۔

(قطع کلامیاں)

Minister for C&W: Progress till date.

جناب زرین گل: سر! آپ ہی کے ڈیپارٹمنٹ نے، یہ پیج نمبر 12 پہ۔۔۔۔۔

وزیر مواصلات وتعمیرات: بارہ نمبر پیج نمبر؟

جناب زرین گل: ہاں، اسی نے لکھا ہے کہ یہاں پہ وہ خانہ جو ہے، وہ خالی ہے۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: نہیں یہ میرے پاس Latest جو۔۔۔۔۔

جناب زرین گل: سر! لیکن ہمارے پاس جو ہے۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

وزیر مواصلات و تعمیرات: جی، یہ انہوں نے By mistake خالی چھوڑے ہونگے جو میرے پاس، بلکہ آج صبح ہی آپ کے Concerned جو آفیسر ز تھے، ان کو میں نے بلایا تھا، خاص طور پر تورغر کے مسئلے میں کیونکہ یہ آپ کا کافی لمبا چوڑا سوال تھا، آپ نے تقریباً سارے Sectorial، چاہے وہ ایجوکیشن ہے، چاہے ہیلتھ ہے، چاہے کمیونیکیشن ہے، آپ کا جو تورغر سپیشل پیکج تھا، وہ سارے ڈاکومنٹس میرے پاس ہیں اور اس کے مطابق 80 فیصد پرا گریس ہے لیکن اگر آپ کہتے ہیں، کیونکہ آپ ادھر کے ایم پی اے ہیں، آپ اپنے علاقے کو جانتے ہیں اور اگر آپ On the floor of the House یہ Statement دے رہے ہیں کہ آج سے دو تین سال پہلے یہ روڈ صرف کاغذوں میں بنایا گیا ہے تو ہم اس کو Investigate کرنے کو تیار ہیں۔

جناب زرین گل: سر! یہ تو تورغر کی اے ڈی پی ہے نا، میں نے تورغر سے متعلق سوال پوچھا ہے۔ (تالیاں) تو یہ گاؤں تو سرے سے تورغر میں ہے ہی نہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، یوسف ایوب صاحب۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: اچھا اچھا، یہ ابھی آپ نے وضاحت کی ہے نا جی۔

جناب زرین گل: اس کی وضاحت کریں، یہ گاؤں سرے سے تورغر میں ہے ہی نہیں، باالفرض اگر مثلاً یہ روڈ بنا بھی ہوا ہو، پیسے تورغر کیلئے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: صحیح، صحیح ہے جی۔

جناب زرین گل: تو اگر کہیں باہر لگے ہیں تو کیا یہ زیادتی نہیں ہے تورغر کے ساتھ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات: نہیں بالکل، بالکل زیادتی ہے، میں سو فیصد آپ کے ساتھ ہوں اور یہ ظاہر ہے کسی ڈیڈک نے یا کسی، اب یہ کہنا مناسب بات نہیں ہے کسی ایم پی اے یا ایم این اے کی ڈائریکشنز پہ ہی ہوا ہوگا، ہم اس چیز کو Investigate کریں گے اور جس آفیسر نے کسی کے، چاہے میں وزیر ہوں یا کوئی ایم پی

He should be held responsible also اے ہو یا اگر اس کے کہنے پہ بھی غلط کام کیا ہے کیونکہ قانون کی خلاف ورزی تو کوئی نہیں کرنے دے گا۔ (تالیاں) تو اس کی یہ انوسٹی گیشن کریں گے اور میں آپ کے ساتھ رپورٹ شیئر کروں گا اور اگر یہ ایک Violation ہوئی ہے، یہ جو Relevant quarter کو کیس دینا ہے، چاہے وہ انٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ ہے یا جو بھی ہے، ہم اس کو دیں گے ان شاءاللہ۔ شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوسچن نمبر 228، جناب زرین گل صاحب، ایم پی اے۔

* 228 _ جناب زرین گل: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) تور غر کو ضلع کا درجہ ملنے کے بعد صوبائی بجٹ 12-2011 اور 13-2012 میں محکمہ مواصلات و تعمیرات ضلع تور غر کیلئے نئی آسامیوں کی منظور دی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ عرصے میں کتنی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی اور ان میں سے کتنی پر تقرریاں کی گئی ہیں اور کتنی تاحال باقی ہیں، گریڈ وائز الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ ملازمین میں سے گریڈ 01 سے 16 تک کون کہاں کہاں فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ان کے نام، ولدیت، سکونت اور تاریخ پیدائش بمعہ تاریخ موجودہ آسامی پر تبادلہ، بھرتی، میرٹ لسٹ اور اخبارات میں دیئے گئے اشتہارات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ تور غر کو ضلع کا درجہ ملنے کے بعد صوبائی بجٹ صرف 12-2011 میں محکمہ مواصلات و تعمیرات ضلع تور غر کیلئے نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی۔

(ب) (i) محکمہ مواصلات و تعمیرات ضلع تور غر کیلئے سال 12-2011 میں 24 آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی جن میں سے نو پر تقرریاں ہو چکی ہیں۔ کمپیوٹر آپریٹر کی ایک آسامی تاحال خالی ہے بقایا 14 آسامیوں کو بذریعہ ٹرانسفر پر کیا گیا، اسلئے محکمہ کے ملازمین کام کر رہے ہیں جس کی تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی۔

(ii) مذکورہ ملازمین کے نام، ولدیت، سکونت وغیرہ کی تفصیل درج ذیل ہے جبکہ اشتہار روزنامہ 'شمال' مورخہ 24جون 2011 میں ملاحظہ کریں:

فہرست ملازمین بھرتی شدہ

دفتر سی اینڈ ڈبلیو ڈویژن تورغر

| نمبر شمار | نام بمعہ ولدیت | ضلع | سکونت | تاریخ پیدائش | عہدہ | سکیل | بھرتی کی تاریخ | دفتر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | خواج محمد ولد حمید اللہ | تورغر | میرا کوہانی | 22-03-1978 | الیکٹریشن | 06 | 05-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 2 | شمس السلام ولد امیر ملک | تورغر | چچین ڈھیری | 20-06-1986 | میسن | 06 | 10-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 3 | نور محمد ولد گل محمد | تورغر | میرامدہ خیل | 1977 | ڈرائیور | 04 | 04-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 4 | نسیم خان ولد حکیم خان | تورغر | گڑھی حسن زئی | 1981 | ڈرائیور | 04 | 05-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 5 | حیات خان ولد محمد زاہد | تورغر | ڈھیری کاکا خیل | 01-01-1993 | نائب قاصد | 01 | 05-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 6 | گل ساحر شاہ ولد صابر شاہ | تورغر | تلی میداں | 1980 | نائب قاصد | 01 | 04-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 7 | یحییٰ خان ولد بلال خان | تورغر | کنہار | 01-01-1986 | چوکیدار | 01 | 04-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 8 | طاہر الرحمان ولد سخاوت | تورغر | باہو | 02-01-1987 | چوکیدار | 01 | 04-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |
| 9 | مختیار ولد عثمان زرین | تورغر | ڈھیری کاکا خیل | 12-04-1985 | خاکروب | 01 | 04-08-2011 | سی اینڈ ڈبلیو |

گریڈ 01 تا 16 کی آسامیوں کو بذریعہ نئی تقرری پر کیا گیا جس کی تفصیل اوپر درج ہے۔

جناب زرین گل: ډیره مننه، محترم سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 228 (الف)، (ب)۔ محترم سپیکر صاحب، محکمې جواب را کړے دے چې دا منظورشده اسامیانې ثلیرویشت وے، تقرری په نهه شوې ده، ټرانسفر کړی ئے شوارلس دی او خالی یوه ده۔ په دې شوارلسو کښې یو اکاؤنټس کلرک، دا چې د بهر نه ئے راوستی

دی، یو اکاؤنټس کلرک، یو سینیئر کلرک او یو جونیئر کلرک دے او یو ټریسر۔ اوس زه دا وایم چې دا بهر نه ئے راوستی دی نو په دې روغه ضلع کښې چې کوم دے د جونیئر کلرک د قابلیت سړے په دې ټوله ضلع کښې نه وو چې د بهر نه ئے راوستی دی؟ نو زه د منسټر صاحب نه ستاسو په وساطت دا تپوس کوم چې کیا یہ سیٹیں، یہ دوبارہ واپس چلی جائیں گی یا اشتہار دیا جائے گا ان سیٹوں کیلئے؟ یہ جو جونیئر کلرک ہے باہر سے جو، یہ ٹریسر جو ہے، یہ سینیئر کلرک وغیرہ۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالستار خان، پلیز۔

جناب عبدالستار خان: تھینک یو، سر۔ جناب سپیکر، یہ مواصلات سے متعلق جو سوال ہے، ایک بات کہ ہمارے پورے صوبے میں یہ روڈ سیکٹر میں جو سڑکیں بنتی ہیں، اس میں پوسٹیں سینکشن کیں جس کو قلی کے نام سے اس میں رکھا جاتا تھا، روڈ قلی۔ گزشتہ پانچ سالوں میں اس اسمبلی میں اس پر بحث ہو گئی ہے، پھر وہ مسئلہ سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجا گیا تھا، اس کمیٹی کا میں بھی ممبر تھا، ہم نے ہاؤس کو مشترکہ طور پر Recommendation دی تھی کہ اسمبلی میں اس بات پر بات ہونی چاہیئے کہ باقی پورے صوبے میں تمام ڈیپارٹمنٹس میں کوئی بھی Post 'Dying Post' نہیں ہے، جب کوئی بندہ ریٹائرڈ ہوتا ہے یا مر جاتا ہے تو وہ پوسٹ اس کی باقی رہ جاتی ہے، اس پر دوسرا بندہ بھرتی ہوتا ہے، صرف اس روڈ سیکٹر میں یہ پوسٹ Dying Post کے نام سے ہے، اس کو مہربانی کرکے، ہم نے Recommendations دی تھی کہ Lying post میں Convert کریں، اس کی پوسٹ کو ختم نہ کریں۔ پورے صوبے میں جتنے بھی روڈز ہیں، ان کی Maintenance اس وجہ سے نہیں ہو رہی ہے کہ وہاں پر ان کو Maintain رکھنے کیلئے کوئی بندہ ہے نہیں، تو میں وزیر صاحب سے گزارش کرونگا کہ یہ پورے صوبے کی بات ہے، تمام روڈ سیکٹرز ہمارے مفلوج ہیں، ان کی Maintenance نہ ہونے کی وجہ سے، اس میں ذرا وضاحت کریں اور ہمیں کچھ بتائیں اس سلسلے میں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب یوسف ایوب صاحب۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب زرین گل صاحب نے جو یہ ساری لسٹ مانگی ہے، وہ باقاعدہ میں نے چیک کی ہے، میرے ذہن میں تھا کہ شاید یہ نہ ہوا ہو کہ تورغر کے علاوہ کسی کو جیسے کل آپ نے غالباً ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں بھی سوال کیا تھا تو اس چیز کو میں نے Ensure کیا ہے کہ یہ جتنے لوگ، ٹریسر ہو گیا، الیکٹریشن، ڈرائیور، چوکیدار، نائب قاصد، سویپر، یہ جتنی پوسٹیں بھی ہیں، یہ جتنے بھی لوگ بھرتی ہوئے ہیں، وہ آپ کے ضلع کے لوگ بھرتی ہوئے ہیں، ایک تو آپ کو یہ تسلی ہونی چاہیئے کیونکہ عموماً شکایت ہوتی ہے کہ یہ باہر سے لے آتے ہیں، کل بھی اس پر بحث ہوئی تھی۔ جونیئر کلرک کی واقعی یہ ہونی چاہیئے تھی تورغر سے لیکن چونکہ یہ ہم سے پہلے ہوئی ہیں، ابھی ظاہر ہے ایک آدمی لگ گیا ہے تو کسی قانون کے تحت اس کو نوکری سے نکالنا نامناسب بھی ہے اور غیر قانونی بھی ہے لیکن کم از کم اس چیز کا آئندہ کیلئے خیال کرنا چاہیئے کہ جس قسم کوالیفیکیشن کے لوگ ایک ڈسٹرکٹ میں ہیں، یہ جونیئر کلرک اور خاص کر یہ گریڈ چھ سات سے نیچے نیچے کیونکہ وہ پھر ڈسٹرکٹ کی پوسٹ ہوتی ہے، وہ اس ڈسٹرکٹ سے لینے چاہئیں تو یہ آپ کے سامنے لسٹ ہے، اس میں کسی قسم کی Irregularity نہیں ہے، آپ کے تورغر کی۔ ایم پی اے صاحب نے بات کی یہ قلی کی، یہ 98-1997 میں Decision ہوا تھا کیونکہ ایک زمانہ تھا جس وقت مشینری نہیں تھی، Excavators نہیں تھے، بلڈوزرز نہیں تھے اور یہ چیزیں ہمارے پاس Available نہیں تھیں تو جتنا Repair ہوتا تھا صوبے میں، وہ انہیں قلی کے ذریعے کرایا جاتا تھا لیکن ٹائم کے ساتھ ساتھ ابھی مشینری کا دور آگیا ہے اور یہ 98-1997 میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ قلی کا جو کیڈر رہے، اس کو ایک Dying Cadre declare کیا جائے، نکالنا کسی کو نہیں ہے، بے روزگار کسی کو نہیں کرنا لیکن ایک دفعہ ریٹائرڈ ہو جائے تو اس پوسٹ کو واپس Fill نہ کیا جائے تو یہی سلسلہ پچھلے تقریباً پندرہ سال سے جاری ہے کیونکہ ان کی بدقسمتی سے اور Realistic بات یہ ہے کہ Utility رہی نہیں ہے، بہت کم روڈز تھے کسی زمانے میں جب یہ قلی بھرتی کئے گئے تھے، اب ہر جگہ روڈ ہے، اگر کسی ڈسٹرکٹ میں سویا سوا سو یا ڈیڑھ سو قلی ہیں، یہ ناممکن ہے کہ وہ کسی روڈ کو Maintain کر سکیں یا Repair کر سکیں، Realistically speaking، لہذا ان کو ایک Dying Cadre میں ہم نے ڈال دیا ہے، ابھی بھی کافی سارے ڈسٹرکٹس میں قلی ہیں اور لوگوں کو بعض اوقات شکایت ہوتی ہے کہ یہ جی روڈوں پر کام نہیں

کررہے ہیں، یہ افسروں کے گھروں میں کام کررہے ہیں، یہ بھی ایک بہت بڑا پرابلم ہے توان کی Utility جو آج سے 25/ 30 سال پہلے تھی، وہ نہیں رہی جس کی وجہ سے محکمے نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس کو ایک Dying Cadre declare کیا جائے۔

جناب سلیم خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سلیم خان، پلیز۔

جناب سلیم خان: سر، شکریہ۔ یہ روڈ قلی کے حوالے سے میری ریکویسٹ محترم منسٹر صاحب سے یہی ہے کہ Definitely پورے صوبے کے حالات جو ہیں، وہ ایک جیسے نہیں ہیں، جہاں پر میدانی علاقے ہیں وہاں پہ Metal roads ہیں، وہاں پر روڈ قلی کی As such کوئی ضرورت ہے نہیں۔ جو پہاڑی علاقے ہیں وہاں پر اس طرح ہے کہ اگر ایک پتھر بھی اوپر سے روڈ پر گرتا ہے تو اس کیلئے آپ کوئی مشینری موو کریں گے تو وہاں تک پہنچتے پہنچتے مہینے لگ جاتے ہیں اور لوگ اتنی تکلیف میں ہوتے ہیں کہ اگر اس کی جگہ روڈ قلی ہوتا تو دیوار گر جاتی، فوراً اس کو بنالیتا تھا، اوپر سے کوئی گلیشیئر آتا تھا یا برف کا تودہ گرتا تھا تو وہی روڈ قلی آکر اس کو کلیئر کرتے تھے، Specially جو ہمارے چترال، دیر اپر، کوہستان اس طرح کے جو پہاڑی علاقے ہیں، وہاں پر یہ ایشو بہت زیادہ ہے اور اس کیلئے Last government میں بھی ہم نے کوشش کی تھی اور کیبنٹ کے Through بھی ہم نے ایک کمیٹی تشکیل دی کہ جو جو علاقے ہیں، جہاں پر یہ مسئلہ ہے، Really ان کو Bifurcate کر کے الگ کئے جائیں کیونکہ میدانی علاقے جو ہیں، ٹھیک ہے وہاں پر کوئی ضرورت نہیں ہے، تو سر! آپ یقین کریں کہ Road maintenance پر جتنے پیسے آپ خرچ کرتے ہیں، سالانہ ڈیڑھ کروڑ، دو کروڑ ہر ڈسٹرکٹ میں، یہ روڈ قلی اگر بحال کریں گے ان علاقوں میں تو بہت کم پیسوں میں یہ روڈز جو ہیں Maintain بھی ہونگے اور Secondly encroachment جو ہوتی ہے آج کل، ہر روڈ، وہ بھی مطلب ہے محفوظ رہے گا۔ تو Kindly اس کے اوپر، آپ منسٹر ہیں اس کو Kindly دوبارہ دیکھ لیں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: Good suggestion, ji۔ مخصوص علاقوں کے مخصوص حالات ہوتے ہیں، یہ ان شاءاللہ ضرور Consider کریں گے کیونکہ یہ آج سے پندرہ سال پہلے Decision ہوا ہے تو ہم کوشش کریں گے کہ کوئی مخصوص علاقوں کیلئے، کوہستان ہو گیا، چترال ہو گیا یا کوئی Snowbound areas جو ہوتے ہیں، میں کوشش کرونگا کہ اس کو Reconsider کروں اور اس کا کوئی ایک فارمولا نکالیں جس میں یہ سہولت مل سکے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک ریاض صاحب، کوئسچن نمبر 331۔

* 331 _ ملک ریاض خان: کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) شیخان لکی ضلع بنوں کی ٹیوب ویل میں کلاس فور (چوکیدار) کی پوسٹ پر بھرتی دوسرے ضلع سے کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ بھرتی کس قاعدہ کے مطابق کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): (الف) مسمی اسلم خان ولد شاہ زمان خان (مالک اراضی زمین) گاؤں شاہ محمود لکی ضلع بنوں بطور آپریٹر/وال مین تعینات ہے۔ مذکورہ سکیم پر کوئی چوکیدار دوسرے ضلع کا بھرتی نہیں کیا گیا ہے۔

(ب) ندارد۔

ملک ریاض خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جس آبنوشی ٹیوب ویل کے متعلق میں نے سوال جمع کیا ہے، یہ میرے حلقے سے تعلق رکھتا ہے۔ جناب والا، میں نے کلاس فور پوسٹ کے متعلق لکھا تھا کہ یہ دوسرے ضلع سے بھرتی ہوا ہے، وہ بندہ جو اکثر کہتا تھا کہ میں چوکیدار بھرتی ہوا ہوں، اس کے کاغذات نہیں مل رہے تھے، ابھی میرے ہاتھ میں ان کے کاغذات ہیں۔ (کاغذات دکھاتے ہوئے) ایک پوسٹ پر جو انہوں نے رپورٹ میں لکھا ہے کہ "اسلم خان ولد شاہ زمان خان مالک اراضی بھرتی ہوا ہے"، ٹھیک ان کے ساتھ اسی پوسٹ پر ضلع لکی مروت سے دلریاض شاہ ولد گل علی شاہ بھرتی ہوا ہے، ایک دن میں ایک پوسٹ پر دو بندے بھرتی ہوئے ہیں۔ جناب والا، حیرانی کی بات یہ ہے کہ اسی آپریٹر نے جو لکی مروت سے تعلق

رکھتا ہے، 28-06-2008 پر Resign کیا ہے اور ایکسیئن نے اس کو Accept کیا ہے اور اس کے باوجود وہ فنانس سے تنخواہ لے رہا ہے اور میرے پاس اس کا یہ Proof ہے، (کاغذات دکھاتے ہوئے) میں نے فنانس سے نکالا ہے۔ یہ اسمبلی ایک باوقار ایوان ہے، اگر اس کو ایسی غلط رپورٹیں محکمے سے آتی رہیں تو اس کا وقار کیا رہے گا؟ میں کہتا ہوں کہ میرا یہ کیس کمیٹی کو ریفر کیا جائے اور اس کی تحقیقات کی جائیں کہ کلاس فور دوسرے ضلع کا بھرتی کس طرح ہوا؟ پھر اس نے Resign کیا اور پھر تنخواہ بھی لے رہا ہے ابھی تک۔ اس کی تحقیقات مکمل ہونی چاہئیں اور کمیٹی کو یہ ریفر کیا جائے، میری یہ ریکویسٹ ہے۔ شکریہ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منور خان ایڈوکیٹ صاحب۔ منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ دغه شان سیچویشن زما په لکی ډسټرکټ کښې هم دے چې یو کس ویلج، ګاؤں دلوخیل، په هغې کښې کس ریټائر شوا او د بل تحصیل نه ئے کس رااوغوښتو، دا په دیهات، دا ویلج دلوخیل دے نو هغه ټیوب ویل تر اوسه پورې بند دے، وجه دا ده چې هغه کس وائی چې یره بهئ زه ریټائر شوے یم، ما دې ټیوب ویل ته زمکه هم ورکړې ده او زما کلے هم دے، چلوم ئے هم زه او د 25/ 30 کلومیټر کلی نه به یو کس راځی نو هغه به په دې ټیوب ویل کښې څنګه کار کوی سر؟ او یو بل واټر سپلائی سکیم دے، هغه د شمونی خټک والا دے، هغه هم دا ایـن پی په دور کښې دا کسان Accommodate شوی دی سر، هغه ټیوب ویلونه تر اوسه پورې هم بند دی، وجه ئے دا ده چې هغه کلی ته هغه آپریټر چې کوم بھرتی شوے دے، هغه راتلے هم نشی نو هغه ټیوب ویلونه بند ولاړ دی، Kindly که دا لږ وګوری۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں بہت پہلے یہ آرڈر کر چکا ہوں اپنے ڈیپارٹمنٹ سے کہ مجھے Functional اور Dysfunctional سکیمیں بھی بتائی جائیں اور ہر ڈیپارٹمنٹ کے اندر یہ ایک مسئلہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ پبلک ہیلتھ کے اندر بھی یہ ہوگا اور اپنے دونوں چیف صاحبان سے میں یہ کہہ چکا ہوں کہ مجھے Functional and disfunctional employees کا بھی بتا دیا جائے

کیونکہ تنخواہ کہیں اور سے لیتے ہیں، کام کہیں اور کرتے ہیں۔ میں Agree کرتا ہوں، یہ معزز رکن نے جو بات اٹھائی ہے اور میں Immediately اس کو کمیٹی کے حوالے کرتا ہوں، اگر اس کے اندر Embezzlement پائی گئی تو (تالیاں) ان کو سزا ملنی چاہیئے لیکن اگر ایسی کوئی بات ہے تو یہ میرے اس آرڈر کے بھی خلاف ہے اور اس کی عدم عدولی ہے کہ میں پہلے سے Expect کر رہا تھا اور میں یہ آرڈر کر چکا ہوں کہ یہ مجھے دیدیں، یہ Statistical detail مجھے دیدیں تاکہ Rectification ہو جائے، بہر حال میں Agree کرتا ہوں، اس کو کمیٹی کے حوالے کرتے ہیں اور اس کو Investigate کرنا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: وہ میرا والا مسئلہ جی۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: اچھا یہ۔ اگر منور صاحب بتادیں کہ کیا۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ایک بندہ ٹیوب ویل سے ریٹائرڈ ہو گیا، دوسرے علاقے سے بندہ بھرتی ہوا ہے اور وہ ٹیوب ویل بند پڑا ہوا ہے، وہ ہے ولیج دلوخیل۔ دوسرا ولیج ہے شمونی خٹک، وہ بھی اسی طرح ہوا ہے، ریٹائرڈ ہو گیا ہے اور دوسرے علاقے سے بندہ لے کر آیا ہے اور وہ بندہ ابھی تک اس گاؤں میں آیا ہی نہیں ہے اور نہ آسکتا ہے سر، بلکہ تکلیف یہ ہے کہ اب لوگوں کو یہ تکلیف ہو گئی کہ وہ ٹیوب ویلز بند ہو گئے اور وہ چل نہیں رہے سر۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں اصولاً ان کی بات سے متفق ہوں کیونکہ ٹیوب ویل کی ڈیوٹی ایسی ہے کہ لوکل بندہ ہونا چاہیئے اور وہ دن میں کئی دفعہ ان کو On / Off کرنا پڑتا ہے، میں ان کے ساتھ Agree کرتا ہوں۔ لیگل پوزیشن یہ ہے کہ شاید اس کو ہمیں دیکھنا ہو گا کہ کیا واقعی یہ Right ہے کہ نہیں؟ یہ ویسے، لیکن آپ کے ساتھ میں متفق ہوں کہ اگر اتنی دور سے بندہ آتا ہے تو اس کو ہم دیکھتے ہیں کہ کیا کیا جائے، اگر Already appointment اس کی ہو چکی ہے تو اس کے ساتھ کیا کیا جاسکتا ہے؟ اس کو کہیں لوکل اپنے ساتھ ہی اس ایریا میں کس سکیم میں ایڈجسٹ کیا جاسکتا ہے لیکن یہ کوشش کریں گے کہ اگر ادھر سے اس کیلئے کوئی اور جگہ اس کی ٹرانسفر ہو اور لوکل بندہ آپ کیلئے وہ کریں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہ معاملہ بھی کمیٹی میں بھیج دیں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یہ تو ایڈمنسٹریٹیو سا ایشو ہے، اس کو کمیٹی میں کیا، اس کے اندر کیا Embezzlement-----

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس میں اس طرح کے ایشوز ہیں کہ-----

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں، اس کو اس طرح کرتے ہیں کہ اگر کوئی بندہ اپوائنٹ ہوا ہے تو کیا Legally وہ غلط ہے یا اصولی طور پر غلط ہے کہ وہ، اگر تو بندہ اپوائنٹ، یہ تو میں Agree کرتا ہوں آپ کی بات سے، اگر Legally غلط نہیں ہے تو اس طرح کرتے ہیں کہ وہ قریبی کسی اور سکیم کے اوپر ایڈجسٹ کرتے ہیں اور ادھر سے لوکل بندہ اس کیلئے اپوائنٹ کرتے ہیں، Administrative issue ہے، اس کے اندر کوئی Malafide intentions شامل نہیں ہیں، کسی کا حق نہیں مارا گیا تو اس کو Administratively adjust کریں گے، ان شاءاللہ ایڈجسٹ کریں گے۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار حسین بابک صاحب، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زه یو واري بیا ستاسو په نوټس کښې دا ډیره اهمه خبره راوستل غواړم چې دلته د اسمبلئ اکثر بزنس نن هم مشرانو او ملګرو دا ریکویسټ وکړو چې کمیټئ ته د ریفر شي او کمیټي د سره شته نه۔ زه جي دا خبره کول غواړم چې مونږ نه پوهیږو چې بیا سپیکر صاحب ته په دې کمیټو کښې څه داسې مسئله ده، څه داسې قانونی حرج دے یا څه داسې د اپوزیشن د طرف نه څه خبره شته؟ مونږ په دې خبره نه پوهیږو۔ زه خو دا ګڼم چې Repeatedly که مونږ دا خبره Remind کوؤ او اسرار خان هم دلته ناست دے نو زه خو د دې نه دا نتیجه اخلم چې بالکل د دې اسمبلئ په دې بزنس کښې سنجیدګی چې ده، هغه بیا په دې شکل په نظر ځکه نه راځی چې نن که د دې اسمبلئ د بزنس یو آنریبل ممبر ریکویسټ کوی منسټر صاحب ته چې هغه د ریفر شی، منسټر صاحب ورسره هم په دې خبره Agree کیږی چې هغه د ریفر شی او د کمیټئ وجود نشته۔ آیا مسئله څه ده؟ یو طرف ته دا خبره کیږی چې د انصاف

تقاضې به برابرېږی، یو طرف ته دا خبره کیږی چې Expeditiousبه وی، Expedite به وی مطلب دا دے چې هغه Speedy trials به وی او بل طرف ته دا دومره Delaying tactics چې کیږی، زه اوس هم فلور آف دی هاؤس باندې دا خبره کوم چې زه د انصاف توقع نه کوم چې کله دا کمیټیانېConstitute کیږی په دیکښې به انصاف کیږی، زه فلور آف دی هاؤس دا خبره کوم ځکه چې ما ته د Intention نه پته لګی خو بیا هم د ناانصافئ هغه کمیټئ چې کوم دے ، هغه د اعلان شی، مونږ به دې هاؤس او د دې هاؤس د بزنس په خاطر باندې دومره وکړو چې کم از کم رابه شو او تاسو سره به Agree شو خو سپیکر صاحب، مونږ ریکویسټ دا کوؤ چې دیکښې څه مسئله ده؟ دیکښې خو دلته نه بیا بیا دا خبره د هغه غاړې نه کیږی چې دا خو په تیر وخت کښې شوی دی، دا په تیر وخت کښې شوی دی نو چې دا هر څه ناکاره په تیر وخت کښې شوی دی، زر زر ورته دا کمیټئ جوړې کړئ چې دې ټول قام ته دا پته ولګی چې دا ښه شوی دی او که بد شوی دی؟ سپیکر صاحب، زه بیا بیا ریکویسټ کوم چې مهربانی تاسو وکړئ چې څومره زر کیدے شی، شاه فرمان صاحب هم ناست دے ، زما هغوی ته هم دا ریکویسټ دے چې هغوی د هم د سپیکر صاحب سره کښېنی، که زمونږ په پارټ باندې هغوی ته داسې څه مشکل وی نو مونږ خو کم ازکم ایشورنس ورکوؤ چې زمونږ داسې هیڅ څه خبره نشته، بهرحال چې څومره زر ستاسو نه کیدے شی چې دا کمیټئ تاسو جوړې کړئ، دا به د دې هاؤس سره ستاسو ډیره زیاته مهربانی وی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ان شاء اللہ۔ دا کوئسچن نمبر 331۔

Is it the desire of the House that the Question No. 331, asked by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Question No-----

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: Corresponding Committee آجائے گی ان شاء اللہ۔ جی یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب سپیکر صاحب! آپ کی وساطت سے جی، جو کوئی ایسا سوال ہوا، جدھر کوئی ایک Alarming situation ہو، کمیٹی میں ضرور جانا چاہیئے، ہم اتفاق کرتے ہیں لیکن Financial aspect بھی، آپ سپیکر ہیں، آپ ضرور دیکھیں۔ کمیٹیز حکومت کو Cost بھی کرتی ہیں، Exchequer کے پیسے بھی لگتے ہیں۔ ایک ایک کمیٹی جو ہے، وہ لاکھوں روپے اس پر Cost بھی آتی ہے تو مجھے اور آپ سب کو مل کے اس چیز کو بھی مد نظر رکھنا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صحیح ہے۔

جناب سردار حسین: اوس خو د نه جوړولو Justification راغے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا 'کوئسچنز آور' ، د ټولو کوئسچنز به Lapse کیږی جی۔

جناب سردار حسین: خیر دے ، نه زه مختصر خبره کوم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب سردار حسین: خو چونکه اوس خو پته ولگیده چې کمیټئ ولې نه جوړیږی؟ دا Financial constraints دی۔ سپیکر صاحب، دا خو زما یقین دا دے چې ډیره زیاته، لاء منسټر صاحب هم ناست دے۔۔۔۔

وزیر مواصلات: جناب سپیکر صاحب! میرا بالکل ہرگز یہ مطلب نہیں تھا، میں بڑی Sincerity کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ یہ جیسے ہمارا صوبہ ہے، ویسے آپ ہم مشترکہ طور پر ذمہ دار ہیں، جو ضروری چیز ہے جی، وہ ضرور کمیٹی میں لے کے جائیں، Threadbare discussion کریں لیکن مجھے بھی اور آپ کو کمیٹی کی Financial cost بھی مد نظر ضرور رکھنی چاہیئے۔ اس میں میں کسی برے اور اس کی وجہ سے ہم نہیں کہہ رہے ہیں کہ فنانشل۔۔۔۔

جناب سردار حسین: صحیح ہے، Appreciable, appreciable۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: یہ حقیقت ہے، یہ حقیقت ہے، چاہے ہم اس کو مانیں یا نہ مانیں، ایک کمیٹی کی Cost جو آتی ہے، مجھے تو نہیں پتہ لیکن میرا خیال ہے سپیکر صاحب کو خود پتہ ہے، اچھی خاصی Financial cost بھی ہوتی ہے لیکن اسکی وجہ سے ہاؤس کی بزنس خراب نہیں ہونی چاہیئے۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! دا سې ده، سپیکر صاحب! په دې باندې یوه خبره کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار حسین بابک، پلیز آپ۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سردار حسین: یوه خبره به اوس په دې باندې خامخا کوم سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ مہربانی کرکے۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! دا سې ده، زه په پښتو کښې خبره ځکه کوم۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار حسین بابک صاحب، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اردو میں بات کریں۔

جناب سردار حسین: اچھا میں، سپیکر صاحب! میں بڑی معذرت کے ساتھ، میں تو یہ Expect نہیں کر رہا۔ (قطع کلامی) نہیں اے این پی والے انگریزی میں بھی بات کر سکتے ہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ سپیکر صاحب! میں نہیں سمجھتا کہ کمیٹی نہ بنانے کیلئے یہ Justification کافی ہے کہ ہم نے ان کی فنانشل اس کو دیکھنا چاہیئے، میرے خیال میں یہ وجہ نہیں ہے، وجہ جو اصلی معنوں میں ہے، وہ یہ ہے کہ حکومت نے جو 32 پارلیمانی سیکرٹریز بھرتی کئے ہیں یا اپوائنٹ کئے ہیں یا جو کچھ نوٹیفائی کئے ہیں، ابھی پارلیمانی سیکرٹریز کو، منسٹرز کو، ایڈوائزرز کو، اسسٹنٹس کو Minus کر لیا جائے تو وہ جو تعداد ہے، وہ بہت تھوڑی رہ جاتی ہے، بہت تھوڑی رہ جاتی ہے۔ اب اسی سلسلے میں مجھ سے یوسف خان صاحب خفا نہیں ہونگے، اسی میں مجھے ایک بدنیتی جو ہے، وہ اسی Sense میں نظر آرہی ہے کہ شاید سپیکر صاحب کی یہ خواہش نہ ہو لیکن کہیں اور طرف سے کوئی اشارے ضرور ہونگے کہ چونکہ ابھی تو کمیٹیاں تو بنانی ہیں Thirty six یا Thirty four، وہ سارے کمیٹیوں کے ہیڈز جو ہیں، وہ اسی طرف آنے والے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسلئے

Delaying tactics ہو رہے ہیں۔ ابھی حکومت کو یہ فیصلہ کرنا چاہیئے کہ جس مقصد کیلئے پارلیمانی سیکرٹریز انہوں نے نوٹیفائی کئے ہیں، اگر ان کو دفاتر نہیں دے رہے ہیں، ان کو Cars نہیں دے رہے ہیں، ان کو ہاؤس رینٹ نہیں دے رہے ہیں، الاؤنس نہیں دے رہے ہیں، پی او ایل نہیں دے رہے ہیں تو میرے خیال میں پھر وہ نوٹیفکیشن واپس کر لیا جائے اور ان کو ہی Accommodate کر لیا جائے سٹینڈنگ کمیٹیوں میں، تاکہ اسمبلی کی جو بزنس ہے، کم از کم وہ مزید Suffer نہ ہو۔ سپیکر صاحب، تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں جی گزارش کرتا ہوں کہ جی۔۔۔۔۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: بالکل مقصد کسی بدنیتی یا Malafide intention کا نہیں تھا، ایک اچھی نیت سے بات کی ہے۔ باقی رہ گئی بات پارلیمنٹری سیکرٹریز کی جی، ہمارے لاء منسٹر بھی اس دن آن دی فلور آف دی ہاؤس کہہ چکے ہیں اور میں پھر سے اس چیز کو Repeat کرتا ہوں کہ جتنے پارلیمنٹری سیکرٹریز ہیں، ان کے کوئی Perks / privileges، تنخواہ، دفتر، گاڑی کسی قسم کی نہیں ہے۔ لاء منسٹر بھی Clarify کر چکا ہے، میں خود پھر آن دی فلور آف دی ہاؤس کہتا ہوں، یہ ایک Voluntary کام ہے، نہ کوئی تنخواہ ہے، نہ کوئی Perks and Privileges ہیں، نہ کوئی گاڑی ہے، نہ کوئی دفتر ہے، یہ Statement پہلے دے چکے ہیں جی۔ لہذا اس ایشو کو پھر سے، مطلب ہے آپ جب کہتے ہیں تو ہمیں مجبوراً جواب دینا پڑتا ہے، ان کے پاس کسی قسم، اور ایک روپے کا بوجھ صوبائی حکومت کے خزانے پہ نہیں پڑے گا، ان کے ساتھ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب بہرام خان صاحب، کوسچن نمبر 332۔ جناب بہرام خان صاحب۔ جناب بہرام خان صاحب، کوسچن نمبر 332۔

* 332 _ جناب بہرام خان: کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) واڑی سب ڈویژن ضلع دیر بالا میں بمقام واڑی، گوگیال، رامبیال، چرگوم، سربالا، اخگرام، شالگاہ، کاربادی، جوغانج اور نصیر آباد شاہ کس میں آبنوشی کی سکیمیں بند پڑی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ مذکورہ سکیموں کو کب درست کر کے چالو کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): (الف) ہاں، یہ درست ہے کہ پی ایچ ای سب ڈویژن واڑی میں مندرجہ ذیل سکیمیں موجود ہیں جس میں بعض سکیمیں عارضی طور پر بند ہیں۔

(ب) سکیموں کی بندش کی وجہ اور چالو کرنے کی تفصیل درج ذیل ہے:

- آبنوشی سکیم واڑی بالا: چالو حالت میں ہے۔ واڑی بازار میں چند عدد پائپ کے نکلنے کی وجہ سے فی الحال بند ہے جو کہ آئندہ دو ہفتوں کے اندر مرمت ہو کے سکیم پوری طرح چالو ہو جائے گی۔
- آبنوشی سکیم واڑی پایاں: سکیم ٹرانسفارمر چوری ہونے کی وجہ سے کچھ عرصہ سے بند ہے۔ ٹرانسفارمر لگ چکا ہے اور آئندہ دس دنوں میں چالو ہو جائے گی۔
- آبنوشی سکیم گوگیال: سکیم کم وولٹیج کی وجہ سے صحیح طریقہ سے چل نہیں سکتی تھی۔ اب وولٹیج میں بہتری آئی ہے اور اب سکیم صحیح طریقہ سے چلنا شروع ہو جائے گی۔
- آبنوشی سکیم رامیال: سکیم صحیح چل رہی ہے، عوام واٹر چارجز دینے پر آمادہ نہیں۔
- آبنوشی سکیم چرگوم: سکیم ٹرانسفارمر چوری کی وجہ سے بند ہو گئی ہے، نیا ٹرانسفارمر فراہم کیا گیا ہے اور پیسکو کے ساتھ کنکشن کے سلسلے میں بات چل رہی ہے۔ سکیم کو آئندہ ایک مہینہ کے اندر چالو کر دیا جائے گا۔
- آبنوشی سکیم اخگرام: سکیم چالو ہے اور 132 گھرانے واٹر چارجز دے رہے ہیں، سکیم کے کچھ حصے میں کمی تھی جس کیلئے تخمینہ بنایا گیا ہے۔
- آبنوشی سکیم شالگاہ: سکیم باقاعدہ طور پر چالو ہے۔
- آبنوشی سکیم کاربادی: سکیم باقاعدہ طور پر چالو ہے۔
- آبنوشی سکیم شاکس نصیر آباد: سکیم حال ہی میں مکمل کی گئی ہے اور چالو حالت میں ہے تاہم سکیم پر ملازم نہیں ہے۔

جناب بہرام خان: شکریه، سپیکر صاحب۔ سوال نمبر 332 (الف)، (ب)۔ جناب سپیکر صاحب، دا ما سوال کړے دے چې واڑی سب ڈویژن دیر بالا میں بمقام واڑی، گوگیال، رامبیال، چرگوم وغیره، په دیکښې ټیوب ویلې چالو دی او که نه دی چالو؟ دوئ جواب راکړے دے چې په دیکښې کومې ټیوب ویلې چې دی نو دا چالو دی او دا کار کوی۔ زما درې څلور ورځې کیږی زه د کلی نه جی راغلے یم، کله چې ما سوال کړے دے او ما د یوولس ټیوب ویلو نشاندهی کړې ده، ستاسو توجه جی لږه غواړم، د یوولسو ټیوب ویلو نشاندهی مې کړې ده نو په دیکښې څلور سکیمونه چې کوم دی نو هغه چالو شوی دی، څلور سکیمونه پکښې چالو شوی دی، بقایا چې کوم سکیمونه دی نو دوئ دا ښودلې ده چې دا سکیمونه چالو حالات کښې دی او دا چالو دی خو زه دا په دعویٰ سره وایم چې دا بقایا کوم سکیمونه دی، دا درې ورځې مخکښې چې زه راغلے یم نو دا چالو نه دی۔ په دیکښې آبنوشی سکیم واړی بالا، آبنوشی سکیم واړی پائیں، آبنوشی سکیم گوگیال، دا گوگیال دا سې یو سکیم دے چې د دې نه ټرانسفارمر چا وړے دے او تقریباً درې څلور میاشتې وشوې چې هغه ټرانسفارمر تر اوسه پورې هغوی ته نه دے لگیدلے۔ دوئ په دې خپل جواب کښې ما ته دا هم وائی جی چې د فلانی سکیم او د فلانی سکیم، درې سکیمونه ئے داسې ښودلی دی چې د دې نه ټرانسفارمرې غلا کړې شوی دی نو د دې نه دا پته لگی چې د دوئ دا سکیمونه هلته کښې چالو نه وو، د دې وجې نه چې چوکیدار نه وو او ځکه ټرانسفارمرې وړلی شوی دی۔ زه منسټر صاحب نه دا دغه غواړم چې دوئ به څومره ورځو کښې، چې دوئ دا کوم جواب راکړے دے، زه خو د دې نه مطمئن نه یم او هلته په Site باندې دا دوئ چې څه وئیلی دی، دا په Site باندې نشته خو دوئ په څومره ورځو کښې ما له یقین دهانی راکوی چې په څومره ورځو کښې به دا سکیمونه چالو شی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب شاہ فرمان صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی فضل غفور صاحب، سپلیمنٹری کوئسچن۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر، د دې واټر سپلائی سکیمز سره Related یوه خبره ده۔ په تیره میاشت کښې زما په حلقه کښې د واټر سپلائی چې چا چا ته Facilities ورکړی دی دغې محکمې نو د هغوی پیسې، بلونه راغلی دی او د یو یو کور نه دس دس هزار او باره باره هزار روپئ بل دے نو زما په خیال باندې چې دا ئے درې کاله پس رالیږلی دی نو که محکمې د دې پابند کړلې شی چې هغه په Monthly بنیاد باندې هغه بل دغه کوی، نشاندهی کوی او باقاعده باقاعده کور کور ته ئے رسوی، دا به بیا په چا باندې بوجھ نه جوړیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ 10 ہزار بل اور تین سال بعد بھیجنا، میں اپنے چیف انجینئر سے کہہ دونگا کہ وہ اس کے اوپر Installment کے اوپر جائیں اور لوگوں کو یہ احساس نہ ہو کہ اس ملک کے اندر پانی بھی اتنا مہنگا ہے اور میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ پالیسی ہے کہ لوگ پیسے دیں، اچھی بات ہے، جتنا وہ Afford کر سکتے ہیں، کوشش کرنی چاہیئے لیکن اس وجہ سے پانی روکنا یا اتنا زیادہ بل آنا تو I will talk to the Chief Engineer، وہ کر لے گا۔ بہرام خان کی جو بات ہے، میں بونیر کے ایکسیئن کو بتادوں گا۔۔۔۔

جناب بہرام خان: دیر کے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: دیر کے اور وہ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے، اگر یہ مطمئن ہوئے تو ٹھیک ہے، اگر مطمئن نہ ہوئے تو پھر اس کے مطابق ایکشن لیا جائے گا۔ میں ایکسیئن کو کہہ دونگا کہ وہ ان سے ملیں۔

(تالیاں)

جناب بہرام خان: سپیکر صاحب! زما ضلع چې ده نو هغه دیر بالا ده، زما ایکسیئن چې دے نو دا په دیر بالا کښې وی او د درې یونین کونسله، شیر پلم یونین کونسل، خال یونین کونسل او تور منګ یونین کونسل، دا په دیر پائیں کښې دی، یو منټ خیر دے، دا په دیر پائیں کښې دی خو په حلقه کښې زما سره دی نو زما سره به دوئ دواړه ایکسیئنان کښېنوی، هم د دیر پائیں ایکسیئن او هم د دیر بالا

ایکسیئن چې هغه دواړه زما سره د دغې سکیمونو مطابق خبره وکړی ځکه چې په خال کښې هم سکیمونه داسې دی چې هغه بند دی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: چلوایک نہ سہی دو سہی، دونوں ایکسیئنز ان کے پاس آجائیں گے بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے چیف انجینئر نارتھ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ آپ کے ساتھ بات کر لیں گے اور دونوں ایکسیئنز بہرام خان کے پاس چلے جائیں گے، وہ خود حاضری دینگے اور ان کو مطمئن کرنا ان کی ڈیوٹی ہے، نہ ہوا تو یہ پھر ادھر سے بات کرینگے ان شاءاللہ۔ دونوں ایکسیئنز آپ کے پاس آجائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 350، سردار اورنگزیب نلوٹھا، ایم پی اے صاحب۔

* 350 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) نشتر آباد جی ٹی روڈ پر صوبائی ملازمین کیلئے سرکاری رہائش گاہ موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ رہائش گاہوں کی تعمیر بہت بری اور خستہ ہو چکی ہے جس کی وجہ سے ایک قیمتی جگہ ضائع ہو رہی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جواب اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ جگہ پر مستقبل قریب میں رہائشی پلازہ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جس سے صوبائی حکومت کو بھی فائدہ ہو گا اور کافی تعداد میں سرکاری ملازمین کو رہائش کی سہولت بھی میسر ہو گی؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) نشتر آباد پشاور میں High rise flats کی تعمیر سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 14-2013 میں برائے اے ڈی پی نمبر 384، کوڈ نمبر 130392 پر شامل کی گئی ہے جس کی تخمینہ لاگت 1920 ملین روپے ہے جس میں سے موجودہ سال 14-2013 کیلئے 100 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ یہ منصوبہ جس میں چھ بلاکس تعمیر کئے جائیں گے جو کہ 144 فلیٹس پر مشتمل ہونگے۔ یہ منصوبہ دو مرحلوں میں مکمل کیا جائے گا۔ فیز ون جس میں تین بلاکس تعمیر ہونگے جو کہ 72 فلیٹس پر مشتمل ہونگے، عرصہ تین سال میں مکمل ہونگے جبکہ فیز ٹو کے بقایا تین بلاکس یعنی 72 فلیٹس دوسرے مرحلے میں تعمیر ہونگے۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا بڑا مشکور ہوں۔ آج ہی میرا سوال آخر میں تھا لیکن آپ لے آئیں ہیں ایجنڈے میں تو منسٹر صاحب سے بیٹھ کے میری بات ہوئی ہے، انہوں نے مجھے مطمئن کر دیا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اذان، اذان ہو رہی ہے۔

(عصر کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، یہ منسٹر صاحب نے جو جواب دیا ہے اور ان سے میری بات بھی ہوئی ہے، انہوں نے میرے خدشات دور کئے ہیں لیکن میں صرف اتنی بات پوچھنا چاہونگا کہ انہوں نے ایک بڑی رقم اس سکیم کو شروع کرنے کیلئے رکھی ہے اس سال کی اے ڈی پی میں، 100 ملین روپے، تو یہ کب تک اس کے اوپر کام شروع کرانے کا ارادہ رکھتے ہیں، یہ کام جلد از جلد شروع ہو جائے گا تاکہ اس معاملے کو وائنڈ اپ کیا جائے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: شکریہ، جناب سپیکر صاحب، یہ Funded scheme ہے 2013-14 کی، تھوڑی سی Delay، جو نیا سسٹم آرہا ہے جی، جس میں ہم کنسلٹنٹس رکھیں گے اور ٹینڈرنگ کا پروسیجر جو ہم نے بدلا یا ہے تقریباً سارے انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹس میں، چاہے وہ سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ ہے، پبلک ہیلتھ ہے، ایریگیشن ہے، لوکل گورنمنٹ ہے، تو میرا خیال ہے کہ تقریباً مہینے ڈیڑھ مہینے کے اندر اندر وہ سارا Process on ground ہو جائے گا، تھوڑی سی Delay ہے لیکن یہ کام ہر حالت میں اسی Financial year میں شروع ہو گا ان شاءاللہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 352، جی مفتی جانان صاحب، ایم پی اے۔

* 352 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایف ایچ اے دیگر اضلاع کی طرح ضلع ہنگو میں بحالی شاہرات پر سالانہ ایم اینڈ آر فنڈ خرچ کر رہا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فنڈ کو ضرورتمند علاقوں کو چھوڑ کر دیگر علاقوں میں خرچ کیا جارہا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ فنڈ کس فارمولا کے تحت تقسیم کیا جاتا ہے، آیا تمام اضلاع کو یکساں دیا جاتا ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں، پختونخواہائی ویز اتھارٹی سالانہ بحالی شاہرات پروگرام کے تحت مختلف سڑکوں کیلئے مجوزہ پیمانہ کے مطابق فنڈ مختص کرتی ہے اور اس میں ضلع ہنگو بھی شامل ہے۔

(ب) جی نہیں، اس طرح کی کوئی روایت پختونخواہائی ویز اتھارٹی میں نہیں ہے اور نہ ہی کسی علاقے کا فنڈ کسی دوسری جگہ خرچ کیا گیا ہے۔

(ج) پختونخواہائی ویز اتھارٹی اپنے متعلقہ ضلع میں روڈ نیٹ ورک کی ضرورت اور لمبائی کو مدنظر رکھتے ہوئے سالانہ مرمتی پلان میں فنڈ مختص کرتی ہے جس میں مختلف اضلاع کو ضرورت کے مطابق فنڈز مل جاتے ہیں۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، د دی سوال نه زه مطمئن یم خو صرف یو گزارش کول غواړم چې دا پیسې دی، دا صرف یو محدود ځائې کښې خرچ کیږی، هنگو په دوه حلقو باندې تقسیم دے 42 حلقه او 43 حلقه، د دې هیڅ څه فائده نشته، دا روډ باندې شیان واچوی، کټې وربانديې واچوی، مطلب کرش وربانديې واچوی او چې مخکښې گاډی ورپسې راشی، بیا ئے دغه کوی۔ دا به زما منسټر صاحب ته گزارش وی، لکه 42 حلقه کښې که وی نو 43 حلقه کښې که دا لږ غوندې کار راته وکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: سپیکر صاحب، شکریہ۔ یہ جیسی Realistic position تھی پچھلے سال، 2012-13 کا بھی Break up دیدیا ہے محکمے نے جی، جس میں تقریباً 50 ملین روپیہ لگا ہے اور Break up میرے خیال میں مولانا صاحب! آپ کے پاس پہنچ گیا ہے جس میں چھ کلو میٹر ہنگو بائی پاس پر کام ہوا

ہے جی، Double surface treatmentہوئی ہے، Improvement & reconstruction of Hangu Bazar section ابھی پراگریس میں ہے، اس پہ کام ہو رہا ہے۔ Damage culverts from Hangu onward reconstructed, patchwork to the entire 49 Kilometer، یہ بھی مکمل ہو چکا ہے۔ مولانا صاحب! ایک منٹ، اس سال 33 ملین روپیہ رکھا گیا ہے جس میں دو کلومیٹر کو Premix overlay کیا جائیگا اور باقی جو ایم اینڈ آر کے کام ہیں، آپ ہمارے مینجنگ ڈائریکٹر، پی کے ایچ اے ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، جدھر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے حلقے میں کوئی خرابی ہے یا Repair کی یا ایم اینڈ آر کی ضرورت ہے، آپ ضرور ابھی ان سے مل لیں اور ان کو بتا دیں، ان شاءاللہ کام ہو جائیگا۔ شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوسچن نمبر 354، مفتی سید جانان صاحب، پلیز۔

* 354 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران فرنٹیئر ہائی وے اتھارٹی (ایف ایچ اے) نے صوبے کے دیگر اضلاع کی طرح ہنگو میں بھی تعمیر و بحالی شاہرات کیلئے رقم خرچ کی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رقم کتنی تھی اور کون کونسی سڑکوں پر خرچ کی گئی، نیز اس کا ٹھیکیدار کون تھا، آیا ٹھیکیدار نے تحریر شدہ ورک آرڈر کے مطابق کام کیا ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ پختونخوا ہائی وے اتھارٹی نے صوبے کے دوسرے اضلاع کی طرح ضلع ہنگو میں گزشتہ پانچ سالوں میں ایشیائی ترقیاتی بینک کی معاونت سے 24 کلومیٹر شاہرات کی تعمیر اور بحالی پر رقم خرچ کی ہے۔

(ب) آرڈی ایس پی ڈائریکٹوریٹ برائے صوبائی شاہرات (پختونخوا ہائی وے اتھارٹی) نے ضلع ہنگو میں 24 کلومیٹر لمبی سڑک از دوآبہ کینٹ تا کرم ایجنسی بارڈر سیکشن بشمول دس عدد پل پر تعمیراتی کام جون 2010 میں مکمل کیا ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ دوآبہ تا ٹل کینٹ سیکشن (آئی سی بی 9-1)

سڑک کی لمبائی: 13.52 کلومیٹر

کام کے آغاز کی تاریخ: 11-6-2008

تکمیل کی مدت: 24ماہ

کام کی تکمیلی لاگت: 552.015ملین

ٹھیکیدار کا نام: میسر زانٹر کنسٹر کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ

2۔ ٹل کینٹ تا کرم ایجنسی بارڈر سیکشن (آئی سی بی 9-2)

سڑک کی لمبائی: 10.45کلومیٹر

کام کے آغاز کی تاریخ: 27-6-2008

تکمیل کی مدت: 24ماہ

کام کی تکمیلی لاگت: 572.486ملین

ٹھیکیدار کا نام: میسر زخٹک الائیڈ کنسٹر کشن کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ

3۔ دس عدد پلوں کی تعمیر (ٹل کینٹ تا کرم ایجنسی بارڈر سکیشن) (آئی سی بی 9-3)

پلوں کی تعداد: 10عدد

کام کے آغاز کی تاریخ: 10-6-2008

تکمیل کی مدت: 24ماہ

کام کی تکمیلی لاگت: 413.218ملین

ٹھیکیدار کا م نام: میسر زانٹر کنسٹر کٹ پرائیویٹ لمیٹڈ

تمام ٹھیکیداروں نے اپنا متعلقہ کام بروقت اور تعمیراتی ڈیزائن کے مطابق تسلی بخش طور پر کیا ہے۔ مذکورہ پراجیکٹس تعمیراتی کام مکمل ہونے کے بعد 2010 میں پختونخوا ہائی ویز اتھارٹی کو سونپ دیئے گئے ہیں۔

مفتی سید جانان: دیکښې زما دا گزارش دے جی، پلونه، درې پلونه زه داسې بنودلې شم چې دا تیر وخت کښې جوړ دی، کچه پخه کښې جی یو پل دے او د ټل چې کوم خوړ باندې غټ پل دے او بل پل کوټکی کښې دے۔ دا درې پلونه جی د شروع کیدو نه تقریباً مخکښې مخکښې دا پلونه نا ست دی۔ ما تیر حکومت کښې هم دا خبره راا وچته کړې وه او زه اوس بیا وایم، که زه فریق ووم، حکومت د دې

ته یوه کمیټی جوړه کړی، دا د وکتلی شی چې آیا دا دړې پلونه کچه پخه پل، ټل او د الګاډی پل او د کوټکی، دا دړې پلونه، آیا دا پلونه ناست دی او که نه دی ناست؟ که ناست وی نو د دغه ټهیکیدار خلاف چې دا چا جوړ کړی دی، د ده خلاف د کارروائی وکړې شی او کمیټۍ ته د دا سوال لاړ شی، یوه کمیټی د په دې باندې جوړه کړې شی۔ زه یو فریق یم، که زه خبره کوم نو زما به د منسټر صاحب نه دا ګزارش وی چې دا د کمیټۍ ته لاړ شی او دې ته د یوه کمیټی جوړه شی چې دا تحقیق وکړی۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: تھینک یو، سر۔ سر، یہ پہلے سوال بھی اس سے متعلق تھا، ہماری جو خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی ہے، سر، میں نے بجٹ اجلاس کے دوران بھی یوسف بھائی سے گزارش کی تھی کہ اس کی تھوڑی تعریف کی جائے کہ اس صوبے کے بعض اضلاع فرنٹیئر ہائی ویز اتھارٹی کے اس میں شامل نہیں ہیں حالانکہ اس میں سے کوہستان، جو میرا ضلع ہے، اس کے وسط میں KKH گزرتا ہے، اس سے جتنے بھی Link roads ہیں، ویلیز میں، پالس ویلی ہے، سوپٹ ویلی روڈ ہے، گبر ویلی روڈ ہے، ڈونگ نالہ روڈ ہے، کندیا ویلی روڈ ہے، سیو روڈ ہے، تقریباً 150 کلومیٹر ان کی Lengths بنتی ہیں، تو میں نے گزارش کی تھی اور میرے ساتھ Commitment کی گئی تھی کہ ان کو ہم اس سال، اگر معیار پر پورے اترتے ہیں تو کوہستان کو بھی، اس ضلع کو بھی اس فرنٹیئر ہائی ویز اتھارٹی یا جو خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی ہے، اس میں شامل کرینگے۔ میں گزارش کرونگا کہ ان کو بھی شامل کرلیں کیونکہ ہمارے روڈز نہیں بن رہے ہیں، لوگوں کو تکلیفات ہیں اور بہت بڑی پریشانی ہے ہماری، تو میں گزارش کرونگا کہ اس پر بھی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

وزیر مواصلات وتعمیرات: شکریہ جی۔ مفتی صاحب نے جن پلوں کی بات کی ہے، اگر یہ کوئسچن کرتے، کوئسچن کرتے تو میں ضرور Verify کرکے جواب دیتا کیونکہ یہ ایک قسم کا نیا سوال ہے کہ جی تین پل بیٹھ گئے ہیں یا نہیں تو How to find کیونکہ (ہنسی) میں نے خود دیکھے ہوئے نہیں ہیں اور جو محکمے نے

مجھے جواب دیا ہے، اس کے مطابق انہوں نے ٹھیکیداروں کے نام بھی پوچھے تھے اور یہ پل جو بنائے ہیں، یہ میسرز انٹر کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے بنائے ہیں اور اگر۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر! انہوں نے لکھا ہے کہ "اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رقم کتنی تھی اور کونسی کونسی سڑکوں پر خرچ کی گئی ہے، نیز اس ٹھیکیدار کا کون تھا، آیا ٹھیکیدار نے تحریر شدہ ورک آرڈر کے مطابق کام کیا ہے؟" سر، میں یہ پوچھ رہا ہوں، یہ تین پل ہیں۔۔۔۔۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: میں وہی، میں وہی عرض کر رہا ہوں۔

مفتی سید جانان: یہ تین پل ہیں، ٹل چھاؤنی ہے، اس کے ساتھ ہے، ایک۔ دوسرا نمبر کچہ پخہ، ہنگو سے آگے وہ حلقہ 42 میں آتا ہے۔ تیسرا نمبر کوٹکی، مین روڈ پہ ہے، یہ ٹل کو جو روڈ جاتا ہے، اس پہ یہ تین پل ہیں، یہ شروع ہونے سے پہلے بیٹھ گئے ہیں، یہ تین پل ابھی خراب ہوئے ہیں، آپ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ کمیٹی والے اس کا حل نکالیں کہ کیا یہ صحیح ہے، میں جو کہہ رہا ہوں یا یہ صحیح نہیں ہے؟

وزیر مواصلات و تعمیرات: مفتی صاحب! جو محکمے کا جواب آیا ہے، وہ تو اس Specification کے مطابق بنائے گئے ہیں۔ میں آپ کو صاف بات کرتا ہوں، جو لکھی ہوئی ہے میں نے تو وہ کہنی ہے لیکن اگر آپ پھر بھی سمجھتے ہیں کہ یہ پل صحیح طرح نہیں بنائے گئے ہیں تو ہم ان سے ظاہر ہے پوچھیں گے کہ یہ کیوں؟ اور کیونکہ یہ ٹائم بھی کافی ہو گیا ہے، ان کی Completion date جو تھی، وہ جون 2010 تھی اور یہ بننے غالباً شروع ہوئے ہیں دو ہزار، ایک منٹ، ___ اس کی انوسٹی گیشن کرینگے جی اور اس پہ کارروائی، اگر آپ اس چیز کو کمیٹی میں لے کے جانا چاہتے ہیں، مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر! وہ جو ٹھیکیدار تھا، مجھے اس کا نام معلوم نہیں لیکن میں یہ کہہ رہا ہوں کہ قوم کا بہت زیادہ پیسہ خرچ ہو رہا ہے، شروع ہونے سے پہلے یہ خراب ہو گئے تھے، شروع نہیں ہوئے تھے، اس وقت میں نے یہ پچھلی حکومت میں بھی میں نے ان لوگوں کو بتا دیا تھا، سی اینڈ ڈبلیو والوں کو بھی، ابھی میری ذاتی تو کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن میں یہ کہہ رہا ہوں کہ تین بڑے پل ہیں اور اس پر کافی خرچہ ہوا ہے، تو اگر کمیٹی کے پاس جائے تو میرے خیال میں بہتر رہے گا۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: بس کمیٹی کے پاس لے جائیں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

مفتی سید جانان: ٹھیک ہے، سر۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Question No. 354, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee.

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: جن معزز اراکین اسمبلی کی طرف سے درخواستیں موصول ہوئی ہیں، آج کی رخصت کیلئے: جناب قیموس خان صاحب ایم پی اے، جناب راجہ فیصل زمان صاحب، ایم پی اے، جناب زاہد خان درانی صاحب، ایم پی اے اور جناب شکیل احمد، سپیشل اسسٹنٹ۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

(قطع کلامیاں)

حاجی قلندر خان لودھی (مشیر خوراک): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، یو منٹ۔

مشیر خوراک: جناب سپیکر، جو یوسف ایوب صاحب نے بات کی تھی، وہ بڑے اچھے Sense میں بات کی گئی تھی کہ ہر ایک سوال کو کمیٹی کو ریفر نہ کرو، نہ بھیجو، ہاؤس کو اس پر Stress نہ کیا جائے کیونکہ بڑا خرچہ آتا ہے کمیٹیوں پر، ان کا یہ مطلب نہیں تھا کہ کمیٹیاں نہ بنیں، کمیٹیاں تو بنیں گی لیکن ہر ایک سوال نہ جائے۔ میری ریکویسٹ یہ ہے ہاؤس سے کہ اگر متعلقہ منسٹر اور اس کا ڈیپارٹمنٹ اس موؤر کی تسلی کرالیں تو یہ زیادہ بہتر طریقہ ہو گا اور کچھ چینج آنی چاہیئے، ہر چیز ہم اٹھا کے کمیٹی کو بھیجیں گے جو کہ لاکھوں روپے کا خرچہ آتا ہے اس غریب صوبے پر، جتنا کچھ ہم سے ہو سکے، اور اگر Concerned Minister اور اس کا چیف انجینئر، سیکرٹری اور Concerned officer بیٹھ جائیں تو وہ میرے خیال میں بہتر حل نکل جائے گا اور بڑی جلدی سے نکل آئیگا اور اس پر بڑا شارٹ ٹائم لگے گا۔ میری یہ ریکویسٹ ہے، ہاؤس سے۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: نماز کا ٹائم ہوا ہے مولانا صاحب! وقفہ کر لیتے ہیں، پھر اس کے بعد ان شاء اللہ بات کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر، مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مفتی صاحب۔ مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زہ جی دا گزارش کوم چې دا نن مونږ ته کومه ایجنډا ملاؤ شوې ده، دیکښې زما سوالونه دی او د نورو ملگرو هم پکښې سوالونه دی۔ زمونږ به تاسو ته دا گزارش وی چې دا سوالونه آئنده اجلاس ته د مطلب دا دے وسپارلې شی، آئنده اجلاس کښې د پیش شی جی۔ مهربانی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک شوه جی، دا ډیفر شو، ان شاء اللہ Till next Session۔

## تحریک التواء

Mr. Deputy Speaker: Mr. Muhammad Asmatullah MPA, to please move his adjournment motion No. 27, in the House. Mr. Muhammad Assmatullah, please.

جناب محمد عصمت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، اسمبلی کی کارروائی ملتوی کرکے اس اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے، کہ تقریباً 17 دن سے 65 عدد ٹرک لکڑ سے لدے ہوئے شمالی علاقہ جات کی ٹی پی پر لائے ہوئے بمقام بٹل ضلع مانسہرہ سڑک پر کھڑے ہیں اور سڑک پر لوگوں کی آمد ورفت میں انتہائی تکلیف کے علاوہ روزانہ کے حساب سے فی ٹرک پانچ ہزار Holding بھی ادا کرنا پڑتی ہے، یہ کیوں روکے گئے ہیں؟ اگر کوئی غیر قانونی ہونے کا اندیشہ ہے تو کوہستان، شانگلہ اور بٹگرام اضلاع میں کیوں نہیں روکا گیا؟ ان ٹرکوں کو منڈی تک لانے کی اجازت کیوں نہیں دی جاتی؟ چھان بین وہاں پر بھی کی جاسکتی ہے۔ اس پر مکمل بحث کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر، یہ ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ بھی اس وقت کہ اس صوبے میں تحریک انصاف کی حکومت ہے اور جناب والا، یہ نادرن ایریا سے مرکزی

حکومت کی پالیسی کے تحت کوئی 20 لاکھ لکڑ کی پالیسی ہے اور اس پر جب کوہستان کی پہلی جو چیک پوسٹ ہے شتیال کے مقام پر خیبر پختونخوا کی، تو وہاں پر وہ چیک کر کے ہماری حکومت 30 روپے فی فٹ کے حساب سے لے لیتی ہے اور پھر ان کو آگے جہاں تک ان کو چالان ملا ہے، لے جانے کی، اجازت دی جاتی ہے۔ تو جناب والا، میرے علم کے مطابق یہ پالیسی تھی 30/08 تک اور یہ ٹرک ہمای آخری چیک پوسٹ جو شتیال کے مقام پر ہے، اس سے 29 تاریخ کو گزرے ہیں، یہ بات بھی ریکارڈ پر ہے، 29 تاریخ کو وہاں سے گزرے ہیں تو کچھ مقامی لوگوں کے آپس کے اختلافات کی وجہ سے کچھ ٹرکوں کو کوہستان کیال کے مقام پر روکا گیا ہے، لوگوں نے، پرائیویٹ لوگوں نے۔ تو اس وجہ سے ان کے وہ گزرنے کی ٹائمنگ میں تاخیر ہوئی اور پھر کچھ ٹرک چھتر پلین کے مقام پر وہاں کے مقامی لوگوں کے آپس میں حساب کتاب کی بنیاد پر ان کو روکا گیا ہے اور پھر تھانہ بٹل کی پولیس نے واگزار کرائے ہیں، یہ بھی ریکارڈ پر ہے۔ اس کے بعد پھر کچھ ٹرکوں کو بٹل کی فارسٹ چیک پوسٹ کے مقام پر روکا گیا ہے اور کچھ ٹرکوں کو پھر مانسہرہ چیک پوسٹ پر روکا گیا ہے۔ جناب والا، ان لوگوں کا مقامی ڈی ایف او سے رابطے کے بعد ان کو کہا گیا کہ آپ ہمارے افسران بالا سے اجازت لے لیں تو تب ہم چھوڑیں گے، تو یکم کو چھٹی تھی، اتوار کا دن تھا، دو تاریخ کو یہ لوگ درخواست لیکر چیف کنزرویٹر صاحب کے پاس گئے اور تین تاریخ کو چیف کنزرویٹر صاحب یہ لیٹر ایشو کرتا ہے کہ ان ٹرکوں کو چھوڑیں، پھر بھی وہ متعلقہ اور مقامی سٹاف ان کو نہیں چھوڑتے ہیں اور وہاں پر ایک بات تھی، انہوں نے کہا تھا کہ یہ روڈ رولز کے مطابق ان کو اجازت دی جائے تو یہ روڈ رولز کا حوالہ دیکر ٹال مٹول کر کے انہوں نے پھر روکا۔ تو اس کے بعد دوبارہ انہوں نے کہا کہ آپ ہمیں کوئی واضح آرڈر لے آئیں، تو یہ لوگ دوبارہ چیف کنزرویٹر صاحب کے پاس آگئے تو سات تاریخ کو چیف کنزرویٹر صاحب ایک اور لیٹر کرتا ہے متعلقہ سٹاف کو بلکہ سرکلر ایشو کرتا ہے All DFOs کو کہ اس قسم کے کام نہ کریں، ان کو چھوڑیں مگر اس کے باوجود پھر بھی نہیں چھوڑا جاتا ہے اور پھر جس ڈی ایف او نے روکے ہیں، اس کے نام پر ایک اور آرڈر چیف کنزرویٹر ایشو کرتا ہے کہ یہ لکڑ آپ چھوڑیں۔ اب جناب والا، عرض یہ ہے کہ اگر اس میں مقامی فارسٹ کی کوئی غیر قانونی (لکڑی) ہونے کا اندیشہ ہے تو جناب والا، پولیس تو 24 گھنٹے سے زیادہ کسی آدمی کو تھانے میں حراست میں نہیں رکھ سکتی، 24 گھنٹوں سے زیادہ، اگر کوئی غیر قانونی ہے تو ابھی تک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان

فارسٹ والوں نے ان کے خلاف کیا کارروائی کی اور کیوں کارروائی ان کے خلاف عمل میں نہیں لائی گئی؟ تو جناب والا، یہ انتہائی ظلم ہے کہ نہ ان کو آگے جانے دیا جاتا ہے اور نہ ان کے خلاف کوئی کارروائی کی جاتی ہے۔ تو جناب والا، یہ ہم سمجھتے ہیں کہ آگے کیوں نہیں چھوڑا جاتا ہے اور پھر ان کے خلاف کارروائی کیوں نہیں کی جاتی ہے؟ تو جناب والا، اس سے بہت بڑے اندیشے پیدا ہو جاتے ہیں کہ یہ کیوں معلق کر کے رکھے ہیں؟ حالانکہ 2002 کی فارسٹ پالیسی کے تحت یہ 24 گھنٹوں کے بعد یہ روک بھی نہیں سکتے ہیں اور نہ وہاں ٹرک کو خالی کرا سکتے ہیں، یہ جس جگہ کی ان کو اجازت ملی ہے، وہاں یہ اس کے آدمی جا کر وہاں بھی کرا سکتے ہیں۔ اب جناب والا، یہ لوگ جو متاثرین ہیں، ایک تو Per day ان سے پانچ ہزار Holding اور پھر ساتھ ان ٹرک مالکان نے اب یہ سوال بھی اٹھایا ہے کہ اتنے دن کھڑے ہونے سے ہمارے ٹرکوں کے ٹائرز بھی خراب ہو گئے، یہ بھی آپ ہمیں دیں گے، تو جناب والا، ہم نے پہلے سنا تھا لوگوں سے کہ بھئی یہ کونسا قانون ہے تو لوگ کہتے تھے جی کہ یہ تو جنگل کا قانون ہے۔ (قہقہے) تو ہمیں یہ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ یہ جنگل کا قانون کیا ہوتا ہے؟ ابھی تحریک انصاف کی حکومت کے دور میں وہ جنگل کا قانون بھی ہمارے سامنے آ گیا کہ 65، 67 ٹرک ایک مہینے تک روکے ہوئے ہیں اور مستزاد یہ جناب سپیکر، کہ اس پر وزیر اعلیٰ صاحب کی انسپکشن ٹیم بھی گئی ہے، ان کی رپورٹ بھی آئی ہے کہ اس میں کسی قسم کی Illegal لکڑ نہیں ہے اور اس کے باوجود ان لوگوں کو آگے نہیں جانے دیا جاتا ہے، آخر یہ لوگ کیا کریں جناب سپیکر؟ اور جناب والا، بات یہ ہے کہ یہ KKH، شاہراہ قراقرم انتہائی حساس اور پاکستان کی تعمیر و ترقی میں شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے، یہ پورا گلگت بلتستان کا صوبہ اسی روڈ پر ہے اور ہمارے صوبے کے بہت سارے لوگ وہاں معیشت کی تلاش میں، رزق کی تلاش میں جا کر گلگت میں بھی آباد ہیں، چلاس میں بھی آباد ہیں، اگر ہم ان لوگوں کے ساتھ اس جیسا جنگل کا قانون اپنائیں تو ان لوگوں کا ہماری حکومت کے بارے میں کیا تاثر ہو گا جناب والا؟ لہذا اس سے انتہائی امن و امان کا بھی خطرہ ہے اور یہ انتہائی زیادتی بھی ہے۔ نہ ان لوگوں کے خلاف کوئی کارروائی کی جاتی ہے اور نہ ان کو آگے چھوڑا جاتا ہے، تو جناب والا، مجھے تو یہ اندیشہ ہے کہ ان لوگوں کو کچھ Bargaining کیلئے روکا ہوا ہے، معلق 'بین السماء والارض' کہ کچھ دو پھر لو، کیا یہ بات تو نہیں اس میں؟ اگر نہیں ہے تو پھر ان کو (مداخلت) یہ مذاق کی بات نہیں ہے، یہ انتہائی سنجیدہ بات ہے،

انتہائی سنجیدہ بات ہے اور اس سے بہت بڑا مسئلہ بن سکتا ہے جناب والا۔ اسلئے میں نے ضروری سمجھا کہ یہاں ایوان میں اس کو لایا جائے کیونکہ شمالی علاقہ جات کے لوگوں کا بھی یہی روڈ ہے، آزاد کشمیر، آدھے آزاد کشمیر کا بھی یہی روڈ ہے اور اگر ہم نہ ان کے خلاف کوئی قانونی کارروائی کرتے ہیں اور نہ ان کو آگے جانے دیتے ہیں اور اپنے ضلع میں ہم کوئی اس انداز سے روکتے ہیں تو جناب والا، اس سے پھر اگر ان کے صبر کا پیمانہ بھی لبریز ہو گیا تو پھر ہمارے حالات اچھے نہیں رہیں گے۔ لہذا میری یہ درخواست ہے کہ اس ظلم کو مزید طول نہ دیا جائے۔ کیا جناب والا، ہم ان لوگوں سے فی فٹ 30 روپے بھی لیتے ہیں اور یہ سارا ریکارڈ ہے جناب والا، سارا ریکارڈ بھی میرے پاس موجود ہے، وہاں جب ٹی پی ملتی ہے تو اس میں وہ لکھتے ہیں کہ فلاں نمبر ٹرک ہے، اس میں اتنا فٹ لکڑ ہے اور اتنے تنگ ہیں جو ہمارا ڈی ایف او وہاں سے سپرد کر کے آگے بھیجتا ہے، اگر اس میں کوئی فرق ہے تو پھر بھی بتایا جائے۔ اس پراسیس کے بعد پھر بھی آکر راستے میں روک کر اس قسم کی صورتحال پیدا کرنا نہ ہمارے صوبے کے حق میں ہے، نہ تحریک انصاف کی حکومت کے حق میں ہے جناب والا۔ تو لہذا جناب والا، اس پر فوری نوٹس لیا جائے اور ان لوگوں کے خلاف کارروائی کی جائے کہ جن لوگوں نے یہ تقریباً 20 دن تک غیر قانونی طور پر اپنی من مانی کی بنیاد پر، اپنے بالا افسروں کے احکامات بھی نہیں مان کر یہ جو قدم اٹھایا ہے، یہ سراسر ظلم ہے۔ جناب والا، اس قسم کا ظلم پھر بر لب روڈ اس قسم کی بدمعاشی کو پھر لوگ برداشت نہیں کریں گے جناب والا، تو لہذا میری گزارش ہے کہ اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیا جائے اور اس پر فوری احکامات جاری کئے جائیں تاکہ اس ظلم کو مزید طول نہ دیا جائے۔ جناب والا، شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب اسرار اللہ گنڈاپور صاحب۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون):</u> سر! میری اس میں گزارش یہ ہے کہ یہ آنریبل ممبر صاحب جو ایشو لائے ہیں اور یہ چونکہ ایڈجرنمنٹ موشن ہے تو ایک تو اس کی اہمیت اپنی جگہ پر مسلمہ ہے لیکن دوسرا وہ ہمارے سابق وزیر بھی رہے ہیں، ان کا کافی پارلیمانی Experience ہے تو میری یہ گزارش ہو گی کہ چونکہ Concerned Minister ہیں نہیں تو دو صورتحال ہو سکتی ہے کہ یا تو اگر آپ کا اس وقت سیکرٹریٹ اس کو ڈیفر کر لیتا ہے اور یا اس کو آپ ڈسکشن کیلئے ایڈمٹ کر لیتے ہیں، چونکہ اگر ابھی ہم اس کی کوئی اس طریقے سے جواب دیں جس سے ان کی تسلی بھی نہ ہو تو میرے خیال میں وہ پھر اس کا صحیح حل نہیں

ہو گا۔ تو یہ آنریبل ممبر پہ Depend کرتا ہے کہ وہ اس کیلئے کونسا Course of action تجویز کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مولانا عصمت اللہ خان صاحب۔

جناب محمد عصمت اللہ: میں اس مسئلے کا حل چاہتا ہوں اور ان لوگوں کے اس ظلم سے چھٹکارا چاہتا ہوں۔ کل کے بعد اگر اجلاس نہ ہو تو پھر ان مظلوموں کی دادرسی کون کریگا جناب والا؟ یہ صوبے کا سب سے اہم فورم ہے، اگر اس میں، یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے، یہ ہر ایک منسٹر سرکاری بنچ کی طرف سے ہمیں جواب دیا جاسکتا ہے۔ اس میں چیف منسٹر صاحب کی انسپکشن ٹیم کی رپورٹ بھی آئی ہوئی ہے، اس پر عمل کیا جائے، اس پر عمل کیا جائے۔ اگر اس میں یہ لکڑ لانے والے لوگ گنہگار ہیں تو ان کو سزا دی جائے۔ اگر ان کی رپورٹ کے مطابق یہ لوگ بے گناہ ہیں تو ان کو مزید ظلم کی چکی میں مت دھکیلا جائے جناب سپیکر، میں تو صرف اتنا عرض کرتا ہوں، 20 لاکھ فٹ مال تھا، وہ گزر گیا اور اس پر ہمارے صوبے کو 20 لاکھ سے اگر 30 سے ضرب دیا جائے تو کتنی انکم بھی ہوئی ہے؟ وہ ہم اپنا حصہ لیکر پھر بھی ہم روکتے ہیں، یہ کونسا انصاف ہے جناب والا؟ تو لہذا اگر یہ مجھے کہتے ہیں کہ چیف منسٹر صاحب کی انسپکشن ٹیم کی رپورٹ پر ہم عمل کریں گے تو میں مطمئن ہوں اور عمل آج سے ہو، ایسا نہ ہو کہ اس کو کسی سردخانے میں رکھا جائے۔ اگر اس پر عمل نہیں کرنا ہے، اگر نہیں کرنا ہے عمل تو پھر انسپکشن ٹیم بھیجی کیوں، یہ خرچہ کیوں کیا گیا؟ لہذا میں پھر جناب والا، ڈائریکٹ آپ سے انصاف چاہتا ہوں کہ آپ کی طرف سے کوئی حکم نامہ جاری ہو اس سلسلے میں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی راجہ فیصل زمان صاحب، راجہ صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: وجیہہ الزمان خان۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سوری جی، (قہقہہ) سوری۔ جی وجیہہ الزمان خان، پلیز۔

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں تھوڑا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ یہ مولانا جو بات کر رہے ہیں جناب سپیکر، ایک تو اس میں حقیقت ہے کہ یہ جو ٹرک کھڑے ہیں، وہ میرا اپنا حلقہ ہے، وہاں پر یہ سارا روڈ بھی بلاک ہوا ہے اور وہاں پر عنقریب خطرہ ہے کہ شاید لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ بھی بن جائے

لیکن انوائرنمنٹ کے حوالے سے ایک، شروع میں بجٹ سپیچ میں میں نے ایک ایشو اٹھایا تھا جس پہ ایک Honest officer انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا، ثناءاللہ خان ان کا نام ہے، وہ متعین کئے گئے تھے اس کی انکوائری کیلئے اور وہ گئے بھی اور انہوں نے اپنی طرف سے ایک بڑی اچھی Effort کی لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ محکمے نے ان کو Deviate کر کے کہیں اور بھیجا اور ان جگہوں پر نہیں جانے دیا جہاں پر وہ نقصان زیادہ ہوا تھا۔ وہاں پر جے ایف ایم سی کے نام پر انہوں نے Joint Forest Management Committee جو ہے، وہ بنا کے Approval دیتے ہیں مالکانے میں اور کاٹتے ہیں سارا سرکاری جنگل، تو ایک تو اس کو دوبارہ دیکھ لیا جائے اور دوسرا ابھی پوائنٹ آؤٹ ہوا ہے کو ئسچن، آنریبل ممبر نے کہا ہے کہ جی منسٹر موجود نہیں ہیں تو یہ ایشو پہلے بھی ایوان میں اٹھایا جا چکا ہے کہ یہ آنریبل منسٹر کی عدم دلچسپی ہے یہاں پر، کم از کم جس ڈیپارٹمنٹ کا کوئسچن آئے اسمبلی میں، وہ آنریبل منسٹر سے میں گزارش کرونگا کہ وہ آئیں اور اپنا جواب بھی دیں۔ اگر وہ نہیں ہوتے تو کم از کم پارلیمانی سیکرٹریز آپ نے نئے بنائے ہیں، کوئی ایک آدمی ہونا چاہیئے یا پھر Collective responsibility آتی ہے کیبنٹ کی، تو وہ انہوں نے کہہ دیا کہ وہ آنریبل منسٹر نہیں ہیں تو کم از کم ڈیپارٹمنٹ کا ایک بندہ اس میں ہونا چاہیئے جناب سپیکر۔ بہت شکریہ، جی۔

حاجی قلندر خان لودھی (مشیر خوراک): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

مشیر خوراک: یہ جی اہم نوعیت کا مسئلہ ہے۔ یہ میرے بھائیوں کا کہنا صحیح ہے کہ منسٹر کوئی جواب دیتے ہیں یا پارلیمانی سیکرٹری لیکن یہ جو Matter ہے، یہ تو Already سی ایم کے علم میں آ چکا ہے، کمیٹی بھی گئی ہے، وہ بھی اپنی رپورٹ لے آئی ہے تو اگر کوئی ایسا طریقہ ہو کہ فاضل ممبر صاحب کیلئے کچھ ٹائم ہو صبح چیف منسٹر صاحب سے بیٹھ کر کہ یہ بہت Important matter ہے اور اتنے دنوں سے، اگر 20 دن سے ٹرک کھڑے ہیں، Paid trucks ہیں، پانچ سو روپے وہ Daily دے رہے ہیں تو اسکو کون برداشت کرے گا؟ یہ کتنا زیادہ مسئلہ ہے تو یہ صبح، یہ Matter جو ہے بڑا Important ہے تو میرے خیال میں یہ اس کا حل، منسٹر کے جواب دینے سے ان کا مسئلہ حل نہیں ہو سکے گا۔ تو ایسا کوئی طریقہ اس کیلئے نکالا جائے کہ چیف منسٹر مہربانی کریں، انہیں بٹھا کر اس مسئلے کو دیکھیں کہ کس کی اس میں غلطی ہے اور اتنا بڑا Blunder کیوں

ہو رہا ہے اس گورنمنٹ میں ؟ اگر ہے، اس میں کون Guilty ہے، آیا وہ لوگ جو لا رہے ہیں، وہ Illegal لکڑ لا رہے ہیں یا اس کے بعد Negligence ہے محکمے کی ؟ تو اس کو تو Thrash out ہونا چاہیئے جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، جی۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب!

جناب عبدالستار خان: سر!

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی سید جانان صاحب، پلیز۔ ایک بندہ بات کرے گا جی، تین بندے ہیں، میں کس کس کو۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: زه سر، نور څه نه وایم، خبره Repeat کول نه غواړم خو دې عصمت الله صاحب دا ټول ریکارډ وښائیلو، د هغې باوجود بیا، مطلب دا دے د دې ټولو خبرو باوجود، د وزیر اعلیٰ صاحب د انکوائری ټیم استولو باوجود، زه خو جی تاسو نه دا امید لرم چې تاسو ورته ورځې مقررې کړئ چې دغه ورځو کښې د دا ټرکونه خلاص کړلی شی او که دا خبره کومه کوی، دیکښې غلطئ وی بیا د بالکل نه خلاصولی شی خو که خبره صفا ده او دا ټول ثبوتونه ښائی، د هغې باوجود دا ټرکونه ولاړ دی، دا جی بې انصافی ده، دا ظلم دے۔ اوس منسټر به نه وی، سیکرټری به نه وی، بیا به اجلاس کله وی او عصمت الله صاحب به بیا کښینی چا سره؟ نو زمونږ به تاسو ته دا ګزارش وی چې جی یو وخت ورته ورکړئ چې دا ټرکونه خلاص کړی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عبدالستار خان، پلیز۔

جناب عبدالستار خان: سر، یہ مولانا صاحب نے جو بات اٹھائی ہے، چونکہ میرا حلقہ چلاس کے ساتھ Touch ہے، سب سے پہلا فارسٹ جو ہے، وہ میرے اس حلقے میں آتا ہے۔ یقیناً بہت بڑا ظلم ہوا ان کے ساتھ، جتنی تفصیل مولانا صاحب نے کی ہے، بالکل درست ہے، میں اس حلقے سے ہوں، بلاوجہ بغیر کسی وجہ کے ان لوگوں کے ساتھ ایسا ظلم کیا گیا ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے، ہم نے بھی کوشش کی اپنے طور پر، مقامی

طور پر لیکن کوئی بات نہیں بنتی ہے۔اس میں صاف بات ہے کہ کسی High-up کی Ill-will شامل ہے اور مجھے اس بات کا بھی اندیشہ ہے، میں فلور پر کہتا ہوں کہ کل پرسوں تک اگر ہماری گورنمنٹ نے اس پر کوئی وہ نہیں کیا، ایکشن نہیں لیا تو چلاس اور گلگت میں جتنے بھی ہمارے خیبر پختونخوا کے لوگ ہیں، انہوں نے پروگرام بنایا ہے کہ ان کو نکالیں گے یہاں سے، اس حد تک کہ یہ ایک صوبہ اور دوسرے صوبے کا Tussle بنے گا کیونکہ اس میں کوئی وجہ نہیں ہے، کوئی Illegality نہیں ہے۔ جتنی باتیں مولانا صاحب نے رکھی ہیں، بالکل درست ہیں، لہذا اگر منسٹر نہیں ہیں تو ہم اس کو بہانہ نہ بنائیں۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: سر! میری گزارش یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی اسرار گنڈاپور صاحب، پلیز۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: سر! میں Rule آپ کو Read out کر دیتا ہوں:

"73. Procedure to be followed: (1) After hearing the Member asking for leave and a Minister and any other Member, if necessary, if the Speaker is of the opinion that the matter proposed to be discussed is in order, he shall read the statement to the Assembly and ask whether the Member has the leave of the Assembly"

اس کی رو سے سر، ابھی یہ ہے کہ یا تو آپ اس کو Admission کیلئے کہیں گے اور یہ جو ہوگا، یہ ایڈمٹ ہوگا اور پھر اس کے بعد، دو دن بعد اگر ہوا تو اجلاس ہوگا، اس پہ یہ کہنا، یہ توجہ دلاؤ نوٹس نہیں ہے کہ اس پر میں اٹھ کر ان کو یقین دہانی کراؤں، یہ ایڈجرنمنٹ موشن ہے، ایوان کی کارروائی روکی جا چکی ہے۔ رولز کے تحت اس پر میں اس حد تک کر سکتا ہوں ان کی آسانی کیلئے کہ کل صبح سیکرٹری سے میں فون پر بات کر لوں گا اور اگر اس میں واقعی کوئی اس قسم کی Recommendation پراونشل انسپکشن ٹیم کی آئی ہے تو ان شاءاللہ اس پر ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ عملدرآمد ہو اور مولانا صاحب کی تسلی ہو جائے۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! اس سے اچھا تو یہ قلندر لودھی صاحب نے حل بتایا تھا، وہ ہمارے لئے بہتر ہے، ہم تو اس میں کوئی نمبر بنانا نہیں چاہتے ہیں جی، ہم ان لوگوں کے مسئلے کا حل چاہتے ہیں۔

(قطع کلامیاں)

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: ہمارے پاس اور کوئی حل ہے نہیں، آپ اس کو ایڈمٹ کرائیں، جس Rule کے تحت آپ اس موشن کو لے کر آئے ہیں، اس طریقے سے Dispose of کرائیں۔

جناب سپیکر: جی نوابزادہ صاحب۔___ جی نوابزادہ صاحب۔

نوابزادہ ولی محمد خان: سپیکر صاحب! خبرې خو زمونږ دې مولانا صاحب وکړلې چې په دغه وجه باندې زمونږ صوبې ته ډیره لویه فائده ده د دې نه، او اصل مسئله خو دا ده چې لکه څنګه منسټر صاحب اووئیل، که د دې د پاره کمیټۍ ته او دا ډیرې ورځې پکښې تیروځی هغه خو یو بیله خبره ده خو په موجوده وخت کښې چې د چا ټرکونه ولاړ دی، هغه په روډ باندې هم ولاړ دی او د هغې هغه ایل ټی هم هغه ټهیکیدار ورکوی، هغه ته سراسر نقصان دے، که دا مال مطلب دا دے چې ټرکونه Unload کړی په منډئ کښې او د هغې نه پس که په دیکښې انکوائری کیږی او یا که څه کیږی نو هغه خو ټهیک خبره ده خو چې دا انکوائری چې کومه ده، هغه که دا ټرکونه ولاړ وی نو دوئ سره خو نه کیږی خو دا مال به Unload کوی نو پس د دې نه به، مطلب دا دے که په دې باندې انکوائری کیږی یا که غلط یو شے وی خو هغوی خو دا ټرکونه چې کوم ولاړ دی، هغه هغه ډرائیورانو سره هم ظلم دے، روډ ئے هم بند کړے دے، خلقو ته هم تکلیفات دی۔ مهربانی د وکړی چې ټرکونه منډئ ته ورسوی او هلته د خالی کړی او بیا د هغې نه پس د د انکوائری دغه وکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عصمت اللہ صاحب! تاسو۔

جناب محمد عصمت اللہ: نوابزاده صاحب دا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یا ئے ایډمشن د پاره اووایه یا اووایه چې کمیټۍ ته ئے واستوؤ، تاسو څه وایئ؟

جناب محمد عصمت اللہ: تحریک انصاف دغه دے جی۔ دا کوم نوابزاده صاحب چې اووئیل چې دا ټرکونه د پریښودلی شی کوم ځائې چې دوئ ټی پی ملاؤ دے او کوم ځائې ته د دوئ، نو هغه ځائې د کړے شی هلته کښې د کوز شی او که بیا

زمونږ د څه کسانو پرې څه، Objection خو نشته جي ځکه دا ما تاسو ته اووئيل چې دا ليټر دے د چيف کنزرويټر صاحب، هغه نه منلے کيږی، هغه وائي چې پريږدوئ، هغې باوجود نه پريښودلی کيږی نو د دغې ظلم به څه حد وی؟ که تاسو په ديکښې هغه قانونی پيچيدګيانې ولټوئ نو هغې ته زه نه ځم جی، هغې ته زه نه ځم خو زما خو صرف دا عرض دے چې زه دغه وايم چې دغه خلقو باندې مزيد دا ظلم ونشی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منور خان ایڈوکیٹ صاحب، منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تهينک يو، سر۔ سر، د دې حل چې کوم زما په خپل ذهن کښې دے، ګنډاپور صاحب هم دغه خبره وکړه، تاسو خپل پکښې آرډر وکړو چې سبا د عصمت الله صاحب سره سيکرټری کښينی او کوم چيف کنزرويټر دے، هغه د هم ورسره کښينی چې د دې حل رااوباسی جی۔ په دې Argument، په بحث باندې خو د دې حل نه رااوځی، تاسو پکښې آرډر وکړو چې سبا سيکرټری سره کښينئ او ګنډاپور صاحب به هم وی او دا خبره د حل کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ اسرار گنڈاپور صاحب! یہ آپ کی اب Responsibility ہو گئی ہے، یہ ان کا جو ہے تو یہ سیکرٹری کے ساتھ بیٹھ کر کے یہ معاملہ Priority basis پر ہو جائے۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، خان بہادر صاحب، پلیز۔

جناب احمد خان بہادر: تهينک يو، مسټر سپيکر۔ سر، زه ريکويسټ کوم هاؤس ته او تاسو ته چې د Rule 249 لاندې 124 relax کړئ سر، زه يو قرارداد پيش کول غواړم، د ډير اهم نوعيت دے جی، دې موجوده وخت سره تعلق ساتی او د دې اختر نه مخکښې د دې پيش کيدل ضروری دی او که حکومت پرې څه اقدام پورته کړو جی۔ اجازت غواړم سر تاسو نه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: يره دا خو جی دې وخت باندې ډيره مشکله ده جی، تاسو نه هټ کر نور ډير قراردادونه راغلی دی جی۔

جناب احمد خان بہادر: دا دوه کرښې دی سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا اوس Impossible دہ، سوری جی۔

## توجہ دلاؤنوٹس ہا

Mr. Deputy Speaker: Mr. Muzaffar Said, MPA, to please move his call attention notice No. 62, in the House. Mr. Muzaffar Said, please.

جناب مظفر سید: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ہم آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ مفاد عامہ کے ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں، وہ یہ کہ صوبائی اسمبلی کی مجلس قائمہ نمبر 29 برائے ہاؤسنگ کے اجلاس مورخہ 30 جنوری 2013 میں سرکاری ملازمین کیلئے جلوزئی کے مقام پر ہاؤسنگ کیلئے درخواستوں کے ساتھ Downpayment پندرہ سے دس فیصد کمی اور کامیاب امیدواروں کیلئے دوسری قسط بھی پندرہ سے دس فیصد اور بقیہ رقم گیارہ اقساط کی بجائے پندرہ سہ ماہی اقساط میں جمع کرانے کی سفارش کی گئی تھی جناب سپیکر صاحب، جس پر محکمہ نے ہمدردانہ غور کرنے کا وعدہ بھی کیا تھا، Minutes کی کاپی بھی لف ہے (فراہم کی گئی) تاکہ صوبے کے کم تنخواہ دار ملازمین اپنے گھروں کے مالک بن جائیں۔ جناب سپیکر صاحب، لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ محکمہ ہاؤسنگ نے صوبائی مجلس قائمہ کی سفارشات کو پس پشت ڈال کر ردی کی ٹوکری کی نذر کر کے پرانے طریقے کار کے تحت جلوزئی ہاؤسنگ سکیم میں کامیاب امیدواروں کو پلاٹوں کے الاٹمنٹ لیٹر بمعہ 'پیمنٹ شیڈول' جاری کیا ہے اور دیر سے 'پیمنٹ' کی صورت میں دو فیصد جرمانہ بھی عائد کرنے کی شرط لگائی ہے جو ان بے گھر اور کم تنخواہ دار ملازمین کے ساتھ ناانصافی اور زیادتی ہے۔ چونکہ مذکورہ ہاؤسنگ سکیم ملازمین ہی کے پیسوں سے پایہ تکمیل تک پہنچنی ہے جس پر صوبائی خزانہ سے ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوگا، لہذا صوبائی حکومت سرکاری ملازمین کی مالی اور رہائشی مشکلات کے پیش نظر مجلس قائمہ نمبر 29 برائے ہاؤسنگ کے اجلاس مورخہ 30 جنوری 2013 میں دی گئیں سفارشات پر عملدرآمد کر کے پہلی اور دوسری اقساط میں جمع شدہ رقم ایڈجسٹ کر کے Revised schedule جاری کر دیا جائے تاکہ سرکاری ملازمین اپنے گھروں کے خواب کو شرمندہ تعبیر کر سکیں۔

جناب سپیکرصاحب، څنګه چې ما پکښې خبره وکړه چې دا به د دغه ملازمینو په پیسو پوره کیږی، صوبائی حکومت په خزانه د هغې څه بوجھ نشته

خو لږ غونډې هغوی سره Lenient view اخستو د پاره هغه شرط کېښې څنګه چې هاؤسنګ کمېټۍ سفارشات کړی دی، زما به درخواست د حکومت نه وی چې هغه د قائمه کمېټۍ سفارشات چې دی چې د هغې یقین دهانی ورکړې شی او په هغې طریقه باندې دا معامله مخکښې لاړه شی نو د سرکاری ملازمین، دکم تنخواه دار ملازمین چې دا په دې ملک کښې د زرګونو، د لکهونو په تعداد کښې دی چې هغوی ځان د پاره کور نشی اخستے په دې خواؤ شا کښې نو دا به هغوی ته یو سنهری موقع ملاؤ شی، پیسې ورکوی خو صرف د اقساطو رعایت غواړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی اسرار اللہ گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر! آنریبل ممبر صاحب نے جو بات کی ہے، اس کے حوالے سے جو محکمے کا مؤقف ہے، وہ میں سامنے رکھتا ہوں اور وہ سر یہ ہے کہ یہ سفارشات 30 جنوری 2013ء کو آئیں، اسکے بعد جب یہ سفارشات آئیں تو یقیناً ہاؤس سے اس کو Approve بھی ہونا ہوتا ہے اور اسکے بعد سر اس کی Financial implications ہیں۔ محکمہ سر، اس کے متعلق یہ سمجھتا ہے کہ یہ Basically self finance scheme ہے اور اس کی جو زمین گورنمنٹ نے Purchase کی ہے، وہ بارہ سو ملین، ایک ارب 20 کروڑ کی ہے اور اس کے علاوہ اسکی PDWP جب ہوگئی تو اس کیلئے تقریباً ایسے سمجھ لیں کہ کم و بیش 900 ہزار تعمیراتی جو اس میں گھر وغیرہ تھے، وہ آنے تھے۔ ابھی اس میں سر، پوزیشن یہ بن رہی ہے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہم اس میں رعایات دیں تو اس کیلئے وہ جو شارٹ فال آتا ہے، وہ 200 ملین کا ہے، وہ 200 ملین کا جو شارٹ فال ہے یا تو Provincial exchequer سے ہمیں جمع کیا جائے کیونکہ یہ Basically سکیم جو ہے، یہ سیلف فنانس ہے۔ تو آنریبل ممبر صاحب سے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ انشاءاللہ ہم اس پر فنانس سے اپنی رائے لے لینگے اور اگر فنانس Agree کرتا ہے، چونکہ وہ بھی ملازمین کے حوالے سے ایک اچھی کاوش لے کر آئے ہیں اور اس پر اگر فنانس Agree ہو جاتا ہے اور یہ 200 ملین جو کہ محکمہ مانگ رہا ہے، وہ Agree ہو جاتے ہیں تو پھر جو ہاؤسنگ ہے، اس کو کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ 200 ملین کا جو شارٹ فال ہے، یہ کسی طریقے سے میرا پورا ہو جائے۔ تو میری ان سے یہ گزارش

ہو گی، فنانس والوں سے بات کر لینگے اور جب وہ اگر Agree کر جاتے ہیں تو ہاؤسنگ کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر صاحب! ستاسو په وساطت منسټر صاحب نه زما دا گزارش دے چې چونکه، څنگه چې ما مخکښې اووئیل چې دا خو د گورنمنټ په این او سی باندې او د ټی ایم اے په این او سی باندې او د هغوی یو ایگریمنټ په حقله دا هاؤسنگ سوسائټیز چلیږی، هغوی هم د هغې هغه خیال ساتی او هغوی له پکار دی۔ او ما ریکویسټ دا کړے دے چې چونکه دا د ملازمینو مسئله ده او دا د ملازمینو په دیکښې دا دوئ چې کومه بهانه لټوی، ډیپارټمنټ چې کومه خبره کوی نو دا هغوی څه دا رعایت خونه غواړی چې مونږ ته تاسو اقساط کم کړئ گنې خو مطلب د 30 اقساط په ځائې باندې، مهینو په ځائې باندې شپږ اته میاشتې زیاتې غواړی۔ زما په خیال باندې چې اوس هم هغوی چې کوم ایگریمنټ کړے دے او د کوم پلان تحت دا سوسائټی چلیږی، اوس هم هغه د ایگریمنټ مطابق بالکل دوه ډهائی سال شاته روانه ده، هغوی هغه پرفارمنس نه دے کړے چې کوم هغوی له پکار وو، هغوی هغه ریکروټمنټس نه دی پوره کړی چې کوم هغوی له پکار وو، دا شارټ فال بالکل په دیکښې نه راځی۔ مونږ صرف د دوئ په باره کښې د رعایت دا خبره نه ده کړې چې هغوی ته د څه په Downpayment کښې د کمے وکړی بلکه دې اقساطو کښې د رعایت ورکړی۔ زما په خیال په دې خبره باندې څه Financial matter دا نه دے او منسټر صاحب نه به زما درخواست دا وی چې دوئ د دا یقین دهانی ورکړی چې اؤ دا چې کوم ریکویسټ دے نو په دې محکمه عمل کوی۔ زما په خیال باندې چې په دیکښې هغه خبره مونږ نه کول غواړو، نه په فنانس باندې او نه په صوبائی گورنمنټ باندې بوجھ اچول غواړو بلکه په دې اقساطو کښې لږ ټائمنگ پکار دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی اسرار گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر، کال اٹینشن کے متعلق میں ایک یہ کہہ سکتا ہوں سر کہ اس سے گورنمنٹ کی جو پالیسی ہوتی ہے، اس کا Reversal نہیں ہو سکتا، گورنمنٹ کی توجہ دلانا مقصود ہوتی ہے۔ گورنمنٹ کے نوٹس میں یہ بات آگئی ہے اور ہم سر، یہ سمجھتے ہیں کہ چونکہ یہ سیلف فنانس سکیم ہے تو اگر آپ رعایات اور اقساط

میں کمی لاتے ہیں تو اس کا وہ جو Throw forward ہے، وہ زیادہ ہوگا، اگر پہلے اس نے تین سال میں مکمل ہونا ہے تو پھر یہ پانچ سال تک چلا جائیگا۔ میری آنریبل ممبر صاحب سے یہ گزارش ہوگی کہ یہ جوان کی مثبت تجاویز ہیں، میں بالکل محکمے سے اس کے متعلق بات کرلوں گا اور ان شاءاللہ ان کو یہ یقین دہانی کراتے ہیں کہ اسمیں جو بھی ممکن ہوا، کوشش یہ کرینگے کہ ایک Sympathetic consideration کے تحت اس کا ہم Wayout نکال سکیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ جی منور خان ایڈوکیٹ صاحب۔

وزیر قانون: سر اگر منور خان، (جناب منور خان، رکن اسمبلی سے) تا سو خبرہ کوئ؟ وہ سر، رپورٹ کے متعلق ایشو ہے، اگر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان ایڈوکیٹ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ سر! اوس پہ دې شارټ ټائم کښې زما اپوزیشن ملګرو دا یوه خبره بیا هم زما په نوټس کښې راوستله او زه هم چې کله د لکی ډسټرکټ ډیډک چیئرمینه په دې هال کښې اووینم نو زما هم د غصې نه یقینی خبره ده وینه ګرمه شی (قہقہے) او دوئ هم، دوئ هم لکه مطلب دا دے چې ما ته بار بار دا خبره هم کوی، نو سر دا څو ورځې مخکښې په دې ایوان کښې مونږ واک آؤټ هم کړے وو او دلته مظفر سید هم ناست دے او نور کسان، مونږ ته دا یقین دهانی راکړې شوې وه چې د دې متعلق به مونږ چیف منسټر سره خبره کوؤ نو سر زه دې ته حیران یم چې لا خو د منسټرانو چې کوم Role دے، مونږ ته د صفا دلته خبره وکړی، شوکت یوسفزئی صاحب هم دومره مصروفه دے چې هغه کم از کم مخکښې هم په واک آؤټ کښې مونږ ته دا یقین دهانی راکړې وه چې په دیکښې به مونږ د چیف منسټر صاحب سره خبره کوؤ نو زه بیا یو وارې دا خبره کوم چې بیا هم جی هغه نوبت رانشی چې مونږ واک آؤټ کوؤ او بار بار دا اجلاس چې کوم هغه بنې خبرې دی، دا بدمزګی مونږ پیدا کول نه غواړو نو Kindly زما دا خبره ده، زما دې ډیډک چیئرمین سره ذاتی څه داسې اختلاف نشته او نه د دوئ په دې باندې خفه کیږی خو دلته دا کوم اپوزیشن لیډران دی، کوم مشران دی، د هغوی ټولو هم دا خواهش دے چې هغه کومه مونږ سره په دې

فلور باندې سردار اسرار ګنډا پور صاحب هم ناست دے ، شوکت یوسفزئی صاحب هم ناست دےاو شاه فرمان صاحب هم بنه دے چې راغللے ، نو کم ازکم زه دا وايم چې يره بهئ هغه خبره باندې د لږ غوندې دا خپلې خبرې ته لږ وزن ورکړی، که آئنده د پاره تاسو مونږ سره دا شانتې خبره کوئ، زه ارباب صاحب ته خبره هغه کوم چې لږ شاه فرمان مونږ ته فارغ کړئ نو نن سبا تا ما سره او د اپوزيشن کسانو سره چې کومه خبره وکړه نو زه خو دا يقين ساتم چې يو Responsible کس ئې نو ستا په خبرې باندې ما يقين وکړو چې يقيني خبره ده ته به څه خبره پکښې سی ايم صاحب سره وکړې او که آئنده د پاره تاسو دې خپلې خبرې باندې يقين نه وی نو کم ازکم اپوزيشن کسانو ته دا خبره وکړئ چې يره زمونږ خبره نشی منلې نو مونږ بيا هم انشاءالله تعالیٰ تاسو سره په هغې کښې ملاتړ کوؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

جناب شاہ فرمان(وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات): جناب سپیکر، یہ حقیقت ہے کہ ہم نے یہ Promise کیا ہوا تھا کہ چیف منسٹر صاحب کے ساتھ بات کریں گے اور یہ بات میں ان تک پہنچا چکا ہوں کہ یہ ہماری ان کے ساتھ Commitment ہے، آپ نے ان سے بیٹھ کر بات کرنی ہے اور اسرار اللہ گنڈا پور صاحب بھی موجود تھے اور ہماری ڈیڈک کی جو چیئر پرسن ہیں، وہ بھی موجود تھیں اور شاید وہ تھوڑی سی ناراض بھی ہو گئیں کہ یہ کس قسم کی ڈسکشن ہے لیکن As per commitment سی ایم صاحب سے میں بات کر چکا ہوں اور میں اس سے دوبارہ پوچھ لونگا، ٹائم لے کر آپ لوگوں کے آمنے سامنے بات ہو گی۔ میرے پاس یہ اتھارٹی نہیں ہے کہ میں کسی کو اپوائنٹ کر سکوں میرے پاس اتھارٹی ہوتی (قہقہہ) لیکن چونکہ یہی Commitment تھی کہ سی ایم صاحب سے بات کریں گے، تو وہ بات میں کر چکا ہوں Already، میں اپنے وعدے پر قائم ہوں، بات کر چکا ہوں اور اسکو میں Force کرونگا، آپ کے سامنے بٹھاؤنگا، اس سے ڈسکشن ہو گی، ان شاءاللہ اس پہ بات ہو گی۔ میرے لئے تو اچھی خبر ہے، شاید آپ لوگوں کیلئے بھی ہو کہ میری Constituency کے اندر ایک Uplift canal ہے جس کا نام ہے 'وچ نہر' حالانکہ یہ کوئی نام اس لئے نہیں ہے، اگر نہر ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے اندر پانی ہونا چاہیئے اور

اوچ نہر کا مطلب یہ ہے کہ نہر بھی ہے اور پانی بھی نہیں ہے۔ چونکہ پچھلے 27 سال میں اس نہر کے اندر پانی نہیں آیا ہوا تھا، پچھلے ایک ہفتے سے اس نہر کے اندر پانی آرہا ہے اور ہزاروں ایکڑ زمین زرخیز ہو رہی ہے اور۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: چې خنګه ستاسو نهر وچ وو او لوند شو نو دغسې زه هم وايم چې زما Commitment هم پوره شي۔

(تالیاں)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: میں ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ اس کے منسٹر اور انجینئرز، ایکسیئن، ایس ای شبیر صاحب، یہ سب کی، تین مہینوں کے اندر ان کی یہ کوششیں بڑاز بردست کارنامہ اس لئے کہ پچھلی گورنمنٹ نے اس کے اوپر کوشش کی تھی تو میرے لئے اچھی خبر ہے، میرا دل چاہ رہا تھا کہ آپ کو بتاؤں کہ تحریک انصاف کی حکومت کے تین مہینے کے اندر ایک Almost ناممکن چیز ممکن ہو گئی ہے۔ ان شاءاللہ میں۔۔۔۔ (قہقہہ)

(تالیاں اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: څه وکړو جي؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: (قہقہہ)

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: At a time خو جي زه ټولو ته موقع د رکولې نشم، يو يو کس ته به موقع ورکوم جي، تاسو پينځه، پينځه کسان ولاړ يئ (قہقہہ) Excuse me, excuse me, ji، يو منټ جي۔ خان بهادر صاحب جي، پليز خبره کوئ جي تاسو۔

جناب احمد خان بہادر: تهينک يو، مسټر سپيکر۔ دا شاه فرمان صاحب خبره وکړه د وچ نهر باره کښې، يقيناً دا د خوشحالئ خبره ده خو دوئ دلته خبره وکړه چې تير شوی اوويشت کالو راهسې په دې نهر کښې اوبه نشته جناب والا، لږ Correction وکړې چې کله هدايت الله خان چمکنی صاحب دلته سپيکر وو د دې

هاؤس، په دې نهر کښې هغوی اوبه راپريښې وې، هغه بندوبست ئے کړے وو، دا Correction لږ وکړی جناب والا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صحیح۔

(مغرب کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ نماز کا وقفہ کر لیتے ہیں، اس کے بعد ان شاءاللہ پھر بات کریں گے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب فخر اعظم وزیر: سر، دا زما کال اټینشن نوټس دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ، ستاسو کال اټینشن شته یو منټ، صبر وکړئ تاسو ته ټائم، موقع درکوم کنه جی، تاسو یو منټ انتظار وکړئ، تاسو ته ټائم درکوم کنه جی۔

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی پلیز، مائیک لږ آن شی جی نو۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، بولنے کا۔ اس وقت دو منسٹر صاحبان Concerned جنہوں نے اب سے کچھ دیر پہلے ڈی ڈی اے سی لکی مروت کے سلسلے میں بات کی، وہ ابھی موجود نہیں ہیں لیکن میں ایوان کے توسط سے جو پہلے بھی بات ہو چکی ہے، وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں بھی لایا جا چکا ہے، جیسے کہ بتایا گیا ہے، Unfortunately لکی مروت میں تین ایم پی ایز ہیں اور تینوں Elected MPAs کو چھوڑ کر انصاف کیا گیا ہے کہ ایک Selected Member کو ڈی ڈی اے سی کا چیئرمین/چیئرپرسن بنایا گیا ہے۔ اس پہ اعتراض ہو سکتا ہے جناب سپیکر، پچھلے تین ماہ سے ہمارے ضلع میں کوئی ایک بھی میٹنگ نہیں ہوئی جس کی وجہ سے وہاں کے عوام Suffer کر رہے ہیں، مجھے امید ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت یقیناً انصاف کرے گی اور یہ بہت Important ہے، منسٹر صاحب آ گئے، یقیناً میری بات سن رہے ہونگے، انہوں نے جیسے فرمایا کہ چیف منسٹر صاحب سے انہوں نے بات کی ہے، یقیناً چیف منسٹر صاحب نے بھی سنی ہوگی اور اگر ہمارا مطالبہ صحیح ہے تو امید ہے کہ

اس کو صحیح کیا جائے گا اور جن کا حق بنتا ہے، انہیں وہ حق فراہم کیا جائے گا۔ جناب سپیکر، میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں، امید ہے آپ بھی میری طرفداری کریں گے کیونکہ یہ حق کی بات ہے۔ جیسے کہ منور خان صاحب نے پہلے بھی بات کہی اور مجھے تو آپ سے بہت زیادہ امید ہے۔۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔

جناب نور سلیم ملک: پہلی دفعہ آپ کے سامنے بول رہا ہوں اور ان شاءاللہ تعالیٰ یہ بات جو میں نے کی ہے، وہ حق پر ہے۔ (تالیاں) اس سلسلے میں مجھے امید ہے کہ آپ بھی کوئی نہ کوئی رولنگ دینگے اس سلسلے میں اور ان شاءاللہ تعالیٰ لکی مروت کی جو ڈی ڈی اے سی کی ہماری چیئرپرسن ہیں، انہیں میں چاہونگا، انہوں مجھ سے ذکر بھی کیا کہ مجھے کیا اعتراض ہے؟ مجھے کوئی اعتراض اس سلسلے میں نہیں ہے کہ آپ وہاں ڈی ڈی اے سی کی چیئرمین ہیں، مجھے تو اعتراض یہ ہے کہ آپ کو منسٹر ہونا چاہیئے تھا، مجھے خوشی ہوتی کہ آپ اس گورنمنٹ میں منسٹر ہوتیں اور یہ ضلع ہمارے ہی حوالے کیا جاتا جو کہ وہاں پر منتخب نمائندگان ہیں۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مفتی فضل غفور صاحب، مفتی فضل غفور۔

(قطع کلامیاں)

محترمہ زرین ریاض: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم زرین ریاض، پلیز۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر صاحب، زہ افسوس کوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: (قہقہہ) زہ افسوس کوم۔ (قہقہہ) خان بہادر صاحب کہہ رہے ہیں کہ آپ، سپیکر صاحب ہمیں موقع نہیں دیتے، میں نے کہا میں تو (قہقہہ)

محترمہ زرین ریاض: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ زرین ریاض صاحبہ۔

محترمہ زرین ریاض: سب سے پہلے تو میں ایم پی اے صاحب کی Correction کر دیتی ہوں کہ ڈیڈک چیئر مین نہیں ہوتا، ڈیڈک چیئر پرسن ہوتا ہے، ٹھیک ہے! یہ آپ کی پہلی Correction۔ دوسری جیسے انہوں نے تحفظات اٹھائے کہ ڈیڈک چیئر پرسن نے ابھی تک کوئی میٹنگ نہیں بلائی، ٹھیک ہے، میٹنگ اس لئے نہیں بلائی، تین دفعہ میں نے وزٹس کئے ہیں ڈسٹرکٹ لکی مروت کے اور جو بھی ضروری کام تھے، وہ میں نے کئے اور میں نے Just key post جو ڈیپارٹمنٹس تھے، ان سے میں نے بریفنگ لی، اس کے علاوہ ابھی تک ایسا کوئی لوکل گورنمنٹ کا سیٹ اپ ابھی وہاں ہے نہیں جس پہ ڈیڈک کی میٹنگ ہو جائے، ٹھیک ہے، اسی لئے ابھی تک ڈیڈک کی میٹنگ نہیں بلائی گئی اور اس لئے آپ لوگ بار بار یہ بات اٹھا رہے ہیں کہ جی خاتون Selective seat والی کو ڈیڈک چیئر پرسن بنایا گیا، آپ سے اور ایوان سے میڈیا کے سامنے یہ بات پوچھنا چاہتی ہوں کہ آپ لوگ بار بار یہ بات اس لئے اٹھا رہے ہیں کہ ہم خواتین ہیں؟ مجھے یہ بتایا جائے کہ کوئی ایسا قانون ہے جس قانون میں لکھا ہو کہ ایک خاتون Select seat کی چیئر پرسن نہیں بن سکتی؟ اگر ایک خاتون منسٹر بن سکتی ہے، اگر ایک خاتون سپیشل اسسٹنٹ بن سکتی ہے (تالیاں)

اگر ایک خاتون سپیکر بن سکتی ہے جو پچھلے دور میں پانچ سال وہ قومی اسمبلی کی سپیکر رہی ہے، اگر ایک خاتون وزیر اعظم جو دو دفعہ منتخب ہوئی ہے پاکستان کی، تو وہ بن سکتی ہے تو کس قانون میں، مجھے قانون میں دکھایا جائے کہ Select seat والی ڈیڈک چیئر پرسن نہیں بن سکتی؟ اگر ایسی کوئی بات ہے، پھر اس بات کو آپ اٹھائیں۔ اس کے علاوہ مجھے یہ بھی اعتراض ہے کہ میری ذات پہ آپ اپوزیشن نے یہ بات کی، میں یہ بھی کلیئر کرنا چاہتی ہوں، کہ میڈم زرین ضیاء کا لکی مروت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میری وراثت، جائیداد میں وہاں نام ہے، جتنی بھی آپ چیک کر سکتے ہیں، ڈومیسائل میرا لکی مروت کا ہے اور ووٹ کا بھی میرا لکی مروت میں اندراج ہے، تو لہذا میری ان ممبران سے ہے کہ جو آپ اسمبلی کے فلور تک کوئی بات لاتے ہیں تو پہلے پوری Verification کریں، وہاں میرا Biodata لیں اور اس کے بعد آپ اسمبلی کے فلور پہ یہ بات اٹھائیں۔ Thank you so much۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد خان بہادر صاحب۔ گلہ کیا ہے جی، احمد خان بہادر صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ شکر دے جی چې نن تاسو مونږ له موقع را کړه، زمونږ خو ګیله وه بلکه ما خو وئیل چې که اوس مو موقع رانکړه زه احتجاجاً ځم جی۔ جناب والا! ما وختی هم ټائم غوښتو، ما ریزلیوشن راوستل غوښتل خو بدقسمتئ نه ماته ټائم ملاؤ نشو۔ یو ډیره اهمه ایشو ده، د اختر ورځې راروانې دی، دلوئې اختر جناب والا، په داسې موقع کښې دا څاروی سمګل کیږی یو خوا بل خوا، په هغې وجه باندې دلته زمونږ په پختونخوا کښې د څارو و قیمتونه ډیر زیات شی او د هغې قلت پیدا شی۔ ما داسې ریزلیوشن راوستل غوښتل، ما وئیل چې مونږ دا صوبائی اسمبلی د پختونخوا حکومت نه مطالبه کوؤ چې مهربانی د وکړی، دې ته د اقدامات پورته کړے شی چې د څاروو دا سمګلنګ بند شی۔ بل مرکزی حکومت د په فاټا کښې اقدامات پورته کړی، ګو چې دا د پولیس کار نه دے، پولیس که دا Ban کوی نو هغه به Legally نه وی، دا د لائیوسټاک محکمه ده، پکار دا ده چې هغوی په دې باندې Steps پورته کړی، هغوی هغه که داسې څه وی چې په هغې باندې هغوی پرچې وکړی او هغې خلقو له سزا ورکړی چې څوک دا دغه کوی۔ جناب والا! زما دلته د حکومت ذمه وار ملګری ناست دی، ضروری خلق دلته ناست دی، تاسو پخپله هم دلته ناست یئ جناب والا، زما ګزارش دا دے چې په دې باندې د قدم پورته کړے شی چې راروان اختر کښې زمونږ دې خلقو ته تکلیف نه وی۔ ډیره مهربانی، مسټر سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایجنڈا ابھی بہت سارا رہتا ہے، میری ریکویسٹ ہے اگر آپ اس کو پورا کرلیں تو بہتر ہوگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ میڈم آمنہ۔ جی سردار حسین بابک صاحب، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ بخښنه غواړم خو زما یقین دا دے چې دلته ممبر صاحب خبره وکړه او بیا د هلته نه میډم ټول اپوزیشن ته مخاطب شوه چې ګنې خدائے مه کړه دا اپوزیشن د زنانو خلاف، داسې هرګز خبره نشته او زه خو دا وئیلے شم چې د دې صوبې په تاریخ کښې عوامی نیشنل پارټی چې ده، دا واحده پارټی ده چې زنانه چې ده، مونږ ډیر زیات احترام لرو او د هغې واضحه

ثبوت دا دے چې دې اسمبلۍ ته ډائریکټ الیکشن باندې زنانه د عوامی نیشنل پارټۍ د طرف نه راغلې ده نو دا یو Clarification بی بی ته زه وایم چې مونږ ډیر زیات احترام لرو۔ بیا د کومې پورې چې د دې خبرې تعلق دے چې د ډیډک چیئرپرسن یا چیئرمین شپ باندې خبره ده نو دا خبره ډیر بدل طرف ته لاړه۔ شاه فرمان صاحب هم یقین دهانی ورکړې وه او مونږ حکومت ته یادونه کول غواړو چې په دې هاؤس کښې د تحریک انصاف او د هغوی د اتحادیانو اکثریت وو نو زما یقین دا دے چې د دې ملک وزیراعظم صاحب په دویمه ورځ باندې اعلان وکړو چې په دې صوبه کښې د تحریک انصاف او د هغوی اتحادیان حکومت جوړ کړی، د دې نه حکومت انکار نشی کولے۔ دا نن لکی مروت دے که نن ایبټ آباد دے ،که نن بونیر دے ، که نن ملاکنډ دے ، دا بعضې ضلعې که نن اعتراض کوی، هغوی په دې وجه اعتراض نه کوی چې ګنې خدائے مه کړه یو زنانه چې ده ، هغه د ډیډک چیئرمینه ده یا چیئرپرسن ده ، د هغې د ذات سره د چا اختلاف نشته خو مونږ د حکومت نه دا خواست کوؤ او دا طمع کوؤ چې څنګ په دې ټول هاؤس کښې د اکثریت هغه احترام چې دے ، هغه وساتلے شو ، لهذا مونږ بیا دا ریکویسټ کوؤ چې په هغه ضلعو کښې د د ممبرانو تعداد ته وکتلې شی، مثال لکی مروت دے ، په هغې کښې د کومې پارټۍ اکثریت دے ؟ پکار داده د جمهوری روایاتو هغه احترام د وکړے شی او هغه پارټۍ له د موقع ورکړې شی او هلته د ډیډک چئیرمین چې دے ، د هغې پارټۍ نه واخستے شی۔ مثال بونیر دے ، په بونیر کښې د وکتلې شی چې آیا د حکومت ممبرانو تعداد سیوا دے او که د اپوزیشن د ممبرانو تعداد سیوا دے ؟ ایبټ آباد دے یا مانسهره ده ، داسې کوهستان دے ، هغه ضلعو کښې د وکتلې شی چې په کوم ځائې کښې اکثریت وو ، بیشکه بیا حکومت ته دا اختیار دے که د حکومت هلته اکثریت وی ، که زنانه د ډیډک مشره کوی که نارینه کوی ، هغوی ته اختیار دے خو زمونږ اعتراض په دې خبره دے نو د میډیا ملګرو د پاره د دې تصحیح د پاره چې بالکل دا زمونږ خویندې دی ، دا زمونږ میندې دی ، مونږ یو ډیر لوئې احترام لرو د دوئ د پاره ، داسې هرګز نه ده چې مونږ د زنانه خلاف یو خو دا خواست به بیا د حکومت نه کوؤ چې په هره ضلع کښې د عدد ته وګوری او عددی شمارې ته د وګوری ، د

اکثریت په بنیاد باندې مینډیټ چې دے ، د هغې احترام د وکړی سپیکر صاحب۔ مهربانی۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you, janab. Madam Amna Sardar, MPA, to please move her call attention motion No. 68, in the House. Madam Amna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Mr. Speaker! I would like to know the status of the legislation of 'Acid and Burn Crime Bill', which is reportedly lying with Law Department and could not be processed on assembly forum and I would like to add that two days back, a person threw acid on his wife face in Chitral and another case has been registered in Peshawar, somewhere in Peshawar. I just want to ask the Law Minister about the legal status of punishment of this offence. Thank you.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر اسرار اللہ گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر، جس لیجسلیشن کے متعلق محترمہ نے کال اٹینشن پیش کیا ہے، اس کا Legal status یہ ہے کہ یہ اسمبلی میں، جو گزشتہ اسمبلی تھی، اس کے وقت یہ پیش ہوا تھا اور ہاؤس میں پیش نہیں ہوا تھا، نوٹس Submit کیا گیا تھا۔ جب یہ لاء ڈیپارٹمنٹ کے پاس گیا سر، تو اس پہ جو Opinion آئی ہے وہ یہ ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ میں بھی ایسی ایک کوشش ہوئی تھی لیکن اس سے پہلے 2011 میں امنڈمنٹ کے ذریعے یہ پینل کوڈ کا حصہ بن چکا ہے اور اگر وہ کہیں تو میں Relevant section جو ہے وہ پڑھ لیتا ہوں، 336(a) یہ پینل کوڈ میں Insert کیا گیا ہے اور اس کا ہے Hurt cause by coercive substances جس میں تیزاب اور جتنے بھی coercive substances آتے ہیں، یہ (a) 336 پینل کوڈ کا حصہ ہے اور اس کے علاوہ (b) 336 وہ ہے Punishment for hurt by coercive substance تو یہ Already سی آر پی سی یا پینل کوڈ کا حصہ بن چکے ہیں تو میرے خیال میں محترمہ کی یادداشت کیلئے میں یہ بتاتا چلوں، توجہ کیلئے کہ یہ Already قانون بن چکا ہے۔ اس کے علاوہ سر، اگر موقع ہو اور ان کی تسلی ہو چکی ہو، کل سر، ایک واقعہ ہوا تھا جو کہ گزشتہ چند دنوں کا تھا اور ہاؤس کو یہ بتایا گیا تھا کہ ایک دن میں ہم اس کی رپورٹ Present کریں گے۔ آپ کی اجازت کے ساتھ سر، میں یہ عرض کروں کہ یہ جو دلخراش واقعہ پیش آیا، یہ حسن گڑھی کی رہائشی تھیں یہ دونوں لڑکیاں اور ان کی عمریں جو تھیں یہ

بالترتیب جو Reportedly ان کے والد گئے تھے اور انہوں نے ایف آئی آر چاک کروائی ہے، یہ چودہ سال اور سات سال دونوں کی عمریں ہیں اور اس میں سر، اس کا ایشو یہ ہے کہ دو تاریخ کو They went missing اور پھر وہ آئے اور انہوں نے پولیس کے پاس اپنی باقاعدہ انکوائری کیلئے درخواست دی۔ پولیس نے اس پر کارروائی کرتے ہوئے چار تاریخ کو دوبارہ وہ آئے، ان کے والد اور انہوں نے کہا کہ مجھے Unconscious حالت میں گھر کے باہر یہ دونوں بچیاں جو ہیں، یہ ملی ہیں اور پھر چونکہ ان کی حالت ایسی تھی کہ اس وقت ان سے بیان نہیں لیا جاسکتا تھا تو اس کو ایل آر ایچ لے جایا گیا لیکن ایل آر ایچ میں وہ میڈیکل کی Facility نہ ہونے کی وجہ سے ان کو کے ٹی ایچ ریفر کیا گیا۔ چھ تاریخ کو وہ اس پوزیشن میں تھیں کہ اپنا بیان ریکارڈ کرا سکیں اور جب انہوں نے اپنا بیان ریکارڈ کرایا تو انہوں نے پہلے دو بندوں کو Nominate کیا اور پھر اس کے ساتھ یہ بھی کہا کہ اس کے ساتھ دو مزید افراد بھی تھے، ان افراد میں چار افراد کے خلاف جو مقدمہ ہے، اس کا Relevant section اگر آپ کہیں سر، وہ میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں اور وہ سی آر پی سی کی جو بھی دفعات ہیں، چائلڈ پروٹیکشن کے حوالے سے ہیں، سپیشل لاء ہے، وہ بھی شامل کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ جوان کو Intoxication کی گئی تھیں یا Poisonous material دیا گیا تھا، اس کی دفعات بھی اس کا حصہ ہیں اور اس کے علاوہ ان کے ساتھ جو زیادتی کی گئی، زیادتی کا ارتکاب کیا گیا، وہ دفعات بھی اس میں شامل ہیں۔ تو Presently ان کی پوزیشن سر، یہ ہے کہ ان میں تین اشخاص کسٹڈی میں ہیں اور ایک جو ہے، Absconder ہے اور اس میں 18 تاریخ کو جو پیشی تھی، اس میں مزید ریمانڈ پر وہ پولیس کو مل گئے ہیں اور ایک جو کسٹڈی میں ہے اور اس کی ریمانڈ کیلئے 20 تاریخ کو دوبارہ عدالت میں پیشی ہے۔ تو سر، گورنمنٹ جو ہے اس میں جو ان کے Behalf پہ انکوائری سے آگے جا چکی ہے اور اس میں انوسٹی گیشن کے مراحل میں ہے۔ اس کی کچھ Details sensitive نوعیت کی ہیں جو کہ محترمہ کے نوٹس میں میں لا چکا ہوں اور یہاں پہ پولیس کے افسران بھی موجود ہیں، وہ اگر اس ہاؤس میں ہم پیش کریں تو یہ کافی Sensitive ہیں اور اس پہ مزید بات کرنا میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہو گا۔ میں اس رپورٹ کو پیش کرتا ہوں اور میرا خیال ہے کہ ہاؤس کی معلومات کیلئے جو ضروری میٹریل تھا، میں نے پیش کر دیا۔ تھینک یو، سر۔

ڈاکٹر مہرتاج روغانی(معاون خصوصی برائے سماجی بہبود): جناب سپیکر! سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، میڈم مہرتاج روغانی صاحبہ۔

Special Assistant for Social Welfare: Mr. Speaker, because the Law Minister has said that it has been, I went to the CPU, the Child Protection Unit people should help, so, I have received the message from my Child Protection and they say that the rape case of two minor girls is lookedafter by CPU Peshawar. In FIR, section 63 of Child Protection and Welfare Act is applied by our insisters. The nominated four culprits in FIR are arrested. The CPU team is in closed contact with the family and complete report in hard form will be provided soon.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ رپورٹ تو مجھے اسرار صاحب نے دیدی اور I am very thankful کہ انہوں نے بڑا Efficiently یہ کام کیا اور Next day کو یہ رپورٹ پیش کر دی۔ جناب سپیکر، آپ کو پتہ ہوگا، ان کیسز میں جو رپورٹ ہوتی ہے، جو رزلٹ آتا ہے، وہ Totally depend کرتا ہے میڈیکل رپورٹ پر، Forensic report پر جناب سپیکر، تو مجھے تو اس میں پولیس نے جو انوسٹی گیشن وغیرہ کی ہے، اس پر تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جو ساتھ تمام جو دفعات لگائی گئی ہیں، کمپلیٹ کیس درج ہوا ہے لیکن جناب سپیکر، مجھے تھوڑا سا میڈیکل رپورٹ میں، میں Satisfied نہیں ہوں اس سے اور ٹائم تو بہت ہو گیا ہے لیکن اگر پھر بھی کوئی Possibility ہو سکتی ہے، میڈیکل رپورٹ اگر پھر بھی دوبارہ اگر اس میں ٹائم تو زیادہ، I think so اس میں ٹائم زیادہ Matter کرے گا جناب سپیکر، پھر بھی اگر ہو سکتا ہے تو ان کی میڈیکل رپورٹ دوبارہ بنائی جائے، دوبارہ ان کا میڈیکل چیک اپ کرایا جائے تو جناب سپیکر، I will be very thankful۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اسرار گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر، میں نے اسی وجہ سے یہ عرض کیا کہ یہ کچھ Sensitive نوعیت کے انہوں نے الفاظ استعمال کئے ہیں، میڈیکل رپورٹ اس کی آچکی ہے، پولیس نے جو رپورٹ دی تھی، دوبارہ ان سے کہا کہ اس رپورٹ کے آپ ہمیں معنی سمجھائیں اور انہوں نے اس کا بھی جواب دیا، لیکن ہاؤس میں اس کے متعلق

چونکہ Forensic ہے، میری یہ گزارش ہوگی اگر کوئی Interested ہو یا ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہیں تو وہ علیحدہ بھی ہو سکتا ہے، ہاؤس میں اس کے متعلق ڈیٹیل میں جانا میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہوگا۔

Mr. Deputy Speaker: Okay. Ji, Madam Uzma Khan.

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب! ٹھیک ہے، اسرار صاحب نے صحیح بات کی، ہم Of the record اس پہ بات کرکے اس کیس کو Tackle کرتے ہیں لیکن جناب سپیکر، آپ کے نوٹس میں ایک چھوٹی سی بات مزید لاؤں گی اور میں منسٹر صاحب کے ساتھ ڈسکس کر بھی چکی ہوں کہ 22 دن پہلے بھی ایسا ایک واقعہ پیش آیا تھا اور جناب سپیکر، وہ چار سالہ بچی تھی اور She was found dead اور Kidnaping کے Next day وہ Dead پائی گئی، آج تک اس کے بارے میں کوئی Arrest نہیں ہوا، اس کیس میں کوئی پراسیس نہیں ہوا، اگر گورنمنٹ اس کے بارے میں بھی ڈائریکشن دیدے تو I will be very thankful۔

Mr. Deputy Speaker: Okay ji, thank you.

(Interruptions)

Mr. Deputy Speaker: Mr. Fakhr e Azam Khan Wazir Sahib, MPA, to please move his call attention notice No. 76, in the House. Mr. Fakhr e Azam Khan Wazir, please.

جناب فخراعظم وزیر: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! دا چې کوم کال نوټس دے، دا داسې دے چې دا مخکښې ما په اسمبلئ کښې دا قصه کړې وه چې څنګه دا موجوده ګورنمنټ جوړ شو۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اپنی موشن Read out کریں، پلیز۔ کوئسچن جو ہے۔۔۔۔

جناب فخراعظم وزیر: میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، ورکر ویلفیئر بورڈ کے سیکرٹری نے بہت سے ملازمین کو برطرف کیا ہے جس کی وجہ سے علاقے میں بہت بے چینی پائی جاتی ہے، مجھے اس ایشو پر بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

نو دغه ما مخکښې هم په اسمبلئ کښې دا خبره کړې وه چې کله موجوده ګورنمنټ جوړ شو نو دغه نه پس د ورکر ویلفیئر بورډ سیکرټرۍ، چې کوم ملازمین دی، د هغوی ئے Termination start کړلو او دا یو نه، دوه نه بلکه په سوؤنو او Without any explanation, without any notice حالانکه د دې

Termination د پاره دا ضروري وي چې ته نوټس به ورته جاري کوې خو نوټس ئے ورته جاري کړے نه وو، دغسې Just تقريباً څه ساړهې سات سو کسان ئے Terminate کړل، نو هغې نه پس په 07-12 باندې ګورنمنټ يو آرډر وکړو چې څومره کسان Terminate شوي دي، هغه د بيا Restore شي خو په هغه Restoration باندې عمل ګورنمنټ ونکړو بلکه په 07-21 باندې اشتهار ئے وکړو او بل اشتهار ئے په 08-08 وکړو او په دغه اشتهار کښې چې په دغه کښې په يو اشتهار کښې23 کيټيګريز دي او په بل اشتهار کښې24 کيټيګريز دي، تقريباً په سوؤنو پوسټونه چې مونږ ته هغې د پاره Candidates را د شي او خپل ډاکومنټس دجمع کړي۔ يعني يو طرف ته ته کسان وباسې او بل طرف ته ته اشتهار ورکوې چې ماته د کسان راشي او ډاکومنټس د راکړي چې زه پوسټونه ورکړم۔ نو دا انصاف دے ؟ چې يو طرف ته ته کس وباسې چې ماسره فنډز نشته يا سرپلس دي يا Whatever the reason او بل طرف ته ته اشتهار ورکوې او په هغه پوسټونو ته اشتهار ورکوې چې مطلب دا دے چې ماته د Candidates ضرورت دے ، ماته د سټاف ضرورت دے۔ جناب سپيکر صاحب، دا ظلم دے ، زياتے دے ، پرون هم ساړهې سات سو نور کسان ئے Terminate کړل، تقريباً چوده سو کسانو Termination وشو او دا سيکرټري چې کوم دے ، دا ريټائرډ کس دے۔ دا د سپريم کورټ د رولز Violation هم دے چې يو ريټائرډ کس څه رنګې ناست دے چې دے Termination کوي؟ نو ما دې هاؤس ته او Specially جناب سپيکر صاحب، تاسو ته دا استدعا ده او درخواست دے چې داټول کسان چې کوم Terminateشوي دي چې دا بحال شي او دغه نه پس دا سيکرټري ورکر ويلفيئر بورډ خلاف کارروائي وشي او يا که تاسو ته ريفر شي يا ستاسو آنريبل منسټر فار لا ء ته هغه ته تاسو ورکړئ نو ډيره مننه به وي۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم معراج ہمایون صاحبہ۔

محترمہ معراج ہمایون (پارلیمانی سیکرٹری برائے محنت): شکريه، سپيکر صاحب۔ زه معراج همايون خان پارليمنټري سيکرټري يم ليبر ډيپارټمنټ سره نو دا سوال زمونږ ډير معزز ايم پي اے دوه ځله هغه ته راوستے دے ، اسمبلۍ ته راوستے دے او پرون خو زمونږ منسټرصاحب ډير زور هم پرې واچوؤ چې تاسو دا سوال وکړئ چې زه

تاسو له جواب درکړم خو هغوی دا زیاته خوښه کړه چې زه دا ډیفر کړم او زما خیال دا دے چې پته به هم وه ورته چې منسټر صاحب به نن نه وی اسمبلئ کښې، هغه روان دے بل ځائې کښې د هغوی ضروری میټنګ ئے دے۔ ماته چې څومره پته، ماته چې څومره معلومات دې، مونږ دا اوس اوس پارلیمینټری سیکرټریز جوړ شوی یو، ماته چې څومره معلومات او هغه پوره تفتیش شوے وو او دا ټول دغه راغلی وو، اپوائنټمنټس چې کوم شوی وو نو هغه د هغه پوسټس نه سیوا شوی وو او هغه هغه وخت کښې دغه شوی وو او بیا تفتیش اودا ټول انکوائری او انوسټی ګیشن په هغې کښې کیدو۔۔۔۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر! دا د دومره اووائی۔۔۔۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے محنت: چې زه خبره خو ختم کړم کنه، خبره خو ختم کړم۔ لا اپوائنټمنټس هم شوی نه دی، اوس لا دغه کیږی، انټرویوز به کیږی، پراسس به کمپلیټ کیږی او تر څو پورې چې د سیکرټری خبره ده نو د سیکرټری خو په دې وخت کښې Legal status دے، هغوی ته Extension مخکښې ملاؤ شوے دے چې هغه ختم شی بیا به د هغوی Legal status ختم شی، بیا تاسو وئیلے شئ چې هغه ریټائرډ دے یا هغه اپوائنټمنټس کولے شی یا نه شی کولے خو دا خبره زما خیال دے تاسو بیا لږه ډیفر کړئ، زما ریکویسټ به دا وی چې تاسو بیا ډیفر کړئ بل سیشن ته دا بوځئ دا کوئسچن بوځئ چې منسټر صاحب پخپله وی او سیکرټری صاحب هم مونږ راولو دلته کښې نو زیاته به ښه وی۔دوه ځله تاسو ډیفر کړو، دا ځلې زما په ریکویسټ تاسو ډیفر کړئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب، محترمې دا قصه وکړه چې یو طرف ته کسان زیات دی ځکه مونږ دا کسان Terminate کړی دی نو بل طرف ته اشتهار څنګه کوې، ایډورټائزمنټ ته ولې کوې یوطرف ته کسان غواړې چې ماته ئے ضرورت دے او بل طرف ته کسان وباسې چې د دغه ضرورت شته هم نه، دا زیاتے دے، داظلم نه دے؟ بیا دا خو مه کوه کنه، اشتهار ولې کوې ته،

ایډورټائزمنټ ولې کوې؟ نو ایډورټائزمنټ چې ته کوې نو It means چې ته په هغه پوسټونو باندې کوې چې هغه کوم کسان Terminate شوی دی۔

(قطع کلامیاں)

پارلیمانی سیکرٹری برائے محنت: سپیکر صاحب، سپیکر صاحب، زہ یو رپورټ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب پلیز۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے محنت: نہ یوسف ایوب صاحب نہیں، میں جواب دوں۔ منسٹر صاحب کو جب رپورٹ آگئی کہ بوگس ہے، Fictitious ہے، غلط اپوائنٹمنٹس ہوئی ہیں، انہوں نے ٹھیک اس وقت اس کو کینسل کر دیا ہے، ایک ایک کیس وہ سٹڈی کر رہیں، خود ہی کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایڈورٹائزمنٹ بھی، جہاں پر ضرورت ہے انہوں نے لینا ہے، اپوائنٹمنٹس کرنی ہیں، تو یہ توڑ سکشن اس پر اور بھی ہو سکتی ہے، اب یوسف بھائی اگر بات کرنا چاہیں، لیکن۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب یوسف ایوب صاحب پلیز۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): آپ کی وساطت سے میں اپنے بھائی کو اور پورے ہاؤس کو Remind کرانا چاہتا ہوں کہ یہ جو پہلا سیشن ہوا تھا، اس میں جب بات ہوئی تھی، نہ صرف ٹریژری بنچز سے بلکہ اپوزیشن کے بنچز سے، ہمارے دوست ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، جس میں چارسدہ، کوہاٹ، پشاور، نوشہرہ، ہری پور اور مختلف اضلاع میں، جدھر یہ ورکرز ویلفیئر بورڈ کے سکول تھے، ان سب کی ایک جوائنٹ ڈیمانڈ تھی اور سپیکر صاحب کو یہ کی گئی کہ یہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کو یہ کیس بھیجا جائے، آپ کو یاد ہوگا۔ اور اس کی رپورٹ جو ہے، وہ چیف منسٹر کو Submit نہ کی جائے، وہ اس ہاؤس کو Submit کی جائے، تو میرے خیال میں آپ کو یہ ڈیمانڈ کرنی چاہیئے اور اس ہاؤس کو ڈیمانڈ کرنی چاہیئے، جو اس ہاؤس نے ڈیمانڈ کی تھی، مجھے نہیں پتہ کہ وہ انکوائری رپورٹ، منور خان صاحب بھی۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! میں ایک عرض کرنا۔۔۔۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: میری عرض سن لیں، میری عرض سن لیں، منور خان صاحب بھی اس میں شامل تھے کہ وہ Complete ہوئی ہے یا نہیں ہوئی؟ اگر نہیں ہوئی تو وہ جیسے Complete ہو جائے اس ہاؤس کے سامنے Place کی جائے اور پھر ہاؤس Decide کرے کہ کیا ہوگا یا نہیں ہوگا؟ (قطع کلامی)

میری عرض جی سن لیں جی آپ، لیکن ایک چیز مجھے پتہ ہے کہ جو کافی ساری Illegal Appointments ہوئی ہیں، یہ تو ماننا پڑیگا، میں اپنے ضلع کی بات کرتا ہوں، ابھی ہری پور ہے، پڑھے لکھے لوگ ہیں، Literacy rate کے حساب سے اگر دیکھا جائے، ابھی یہ بد قسمتی نہیں ہے کہ ڈھائی سو آدمی ہری پور میں بنوں کے کام کررہے ہیں؟ میں کہتا ہوں خدا کرے بنوں میں دس ہزار آدمی لگیں لیکن ایک زیادتی نہیں ہے کہ ایک ضلع ہے؟ پشاور میں پشاور کے لوگ ہونے چاہئیں، کوہاٹ میں کوہاٹ کے لوگ ہونے چاہئیں، نوشہرہ میں، ہر ضلع کی بے روزگاری ہے تو کوئی اس قسم کا Criteria ہو کہ کوئی Jobs کے مواقع نکلتے ہیں تو مقامی، میرے ہری پور میں بارہ کلاس فور، کلاس فور، کیا ہری پور میں کوئی سعودی عربیہ کی طرح تیل نکل آیا ہے کہ لوگوں کے پاس اتنے پیسے آگئے ہیں کہ وہ نوکری نہیں مانگتے ہیں؟ بارہ کلاس فور بنوں کے آدمی لگے ہوئے ہیں تو کیا خیال ہے کہ اگر آپ کے علاقوں میں ایسی چیز ہو جائے تو آپ Feel نہیں کریں گے یا آپ کے Constituents آپ کو یہ نہیں کہیں گے کہ جی کیوں ادھر بے روزگاری نہیں ہے کہ یہ بنوں کے آدمی آکر ہری پور میں یا چارسدہ میں یا مردان یا کوہاٹ میں یا نوشہرہ میں لگیں؟ تو کافی ساری یہ زیادتیاں ہوئی ہیں، میرا خیال ہے وہ جو چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کی رپورٹ ہے، وہ اس ہاؤس کو منگوانی چاہیئے، It should be placed before the House، جو چیز ہے، وہ سامنے آجائے گی۔

(تالیاں)

(آواز سنائی نہیں دے رہی)

جناب فخر اعظم وزیر: په هغې کښې د هرې ضلعې خلق شته، د بنوں خلق هم شته بالکل، د بنوں خلق به لږ زيات وی۔ د ډی آئی خان خلق شته، د کوهاټ شته، د صوابئ شته، د مردان شته، د ايبټ آباد شته، د هر ضلعې د خلقو Contribution پکښې شته او دا د کميټئ ته وړاندې شی، چيک اپ د شی، که چرې هغه کلاس فور ما لګولی وی په هری پور کښې او مطلب هلته ئے ډ وميسائل د هغه ځائې نه وی او بله دا خبره ده چې دغه ورکر ويلفيئر بورډ چې کوم دے، دا ورکر ويلفيئر فنډ، دا د مرکز سره ئے تعلق دے، مرکز دغه فنډ ورکوی نو دلته د صوبائی قوانين اجراء مکمل نه کيږی۔ زه دا منسټر فار ليبر نه په دې باندې دا Opinion غواړم نو زه دا وايم چې دا د مکمل کميټئ ته وړاندې شی، چيک اپ د وشی،

بالکل چې کوم کس په قوانین کښې نه راځی یا Overage دی یا Fake documents وی هغه د بالکل Terminate شی خو داسې خو نه چې پرون د ساړهې سات سو کسان تاسو Termination کړے دے، ساړهې سات سو کسان ټول بوګس دی، ساړهې سات سو کسان ټول Overage دی ؟ نه، دا خو ظلم دے، دا خو زیاتے دے، دا خو لکه صرف مطلب دے زما حکومت دے، زه هر څه کوم، د ساړهې سات سو کسانو په یو ورځ Termination چې ته کوې، دا خبره د عقل نه بهر ده چې دا به ټول Overage وی، دا به ټول Fake documents وی، It's impossible۔ زه دا وایم دې هاؤس ته او سر تاسو ته دا زما درخواست دے، دا اپیل مې دے چې دا غریبان خلق تاسو مطلب دے چې اوس بیروزګاره کړل نو دا د یو کس خبره نه ده، دا د سوؤنو خلقو خبره ده نو د تحریک انصاف خو دا یوه نعره وه چې مونږ به ان شاء اللّٰه خلقو ته روزګار ورکوؤ، نو زما دا استدعا ده او دا اپیل دے تاسو ته چې ستاسو خپله چې کومه نعره ده، هغې ته عملی جامه ورکړئ نو دا چې د کومو کسانو Termination شوے دے نو هغه د Kindly ټول Restore شی او دا معامله د کمیټئ ته وړاندی شی۔ مهربانی

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار حسین صاحب بابک صاحب پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زما یقین دادے چې دا کومه مسئله ده، دا د ډیرو ورځو نه راروانه وه او پرون بیا هم منسټر صاحب ښه وه دلته موجود وو او منسټر اووئیل هم دا، زه د دې مسئلې په ډیټیل کښې As such داسې نه یم پوهه خو بهرحال زه خو به تاسو ته هم دا خواست کوم او حکومت ته به هم دا خواست کوم چې یو طرف ته خبره کیږی، بالکل زمونږ د ورور په خبره کښې تر دې حده پورې Lojic شته، که په یو ځائې کښې د رولز ریګولیشن یا د اپوائنټمنټس پالیسئ خلاف ورزی شوې وی نو بیشکه بیا د Removal from the service وشی خو دا یوه خبره، بیا د دوئ په دې یوه خبره کښې په دې وجه هم وزن ښکاری چېOne go، نن ورځ حکومت لګی او بیا مطلب دا دے سات سو کسان Terminate کوی یا د هغوی Removal from the services کوی نو زمونږ خو به تجویز دا وی، څنګه چې یوسف خان خبره وکړه چې په دې باندې پراونشل انسپکشن ټیم هم خپل کار کړے دے نو بیا دا

څنګه ممکنه ده چې د انکوائرئ نه مخکښې Removal شوے دے یا د انکوائرئ نه مخکښې Removal کیږی؟ نو زما خو به جی دا خواست وی چې یو طرف ته خو پکار دا ده چې دا ریفر شی کمیټئ ته، یوه۔ دویمه دا چې دا اپوائنټمنټس چې څومره شوی دی، د حکومت په دې اپوائنټمنټس باندې اعتراض دے او دا د ټهیک ټهاک Scrutinize شی او د هغې نه پس که واقعی دا Fake documents باندې شوی وی، Overages شوی وی، ډومیسائل هولډرز یو ځائې نه علاوه په بل ځائې کښې شوی وی نو د هغې نه پس، بالکل که Irregularities شوی وی نو زما یقین دا دے چې بیا مجاز اتهارټی ته دا اختیار دے چې Removal from the services د وشی خو دا یوه خبره چې هغه کوی نو په دیکښې بالکل وزن شته چې دا خو نن حکومت سره اختیار دے او په دې پینځه کالو کښې نن دا یو ډیپارټمنټ دے، سبا شاید چې بل ډیپارټمنټ باندې بغیر د Scrutinization نه، بغیر د کتلو نه، د هغې د ریکروټمنټ د پالیسئ د کتلو نه بغیر که چرې د غسې په One go باندې Removal from the service کیږی نو زما یقین دا دې چې دا به ډیره نامناسبه خبره وی۔ ښه خبره دا ده چې د حکومت په دې اپوائنټمنټس باندې دومره لوئې تحفظات دی، پکار دا دے چې د رولز ریګولیشنز مطابق هغه Scrutinize کړی، په هغوی باندې انکوائری وکړی، که واقعی داسې وی نو هغه عمل د وکړی چې کوم عمل شوے دے نو زما یقین دا دے چې دا بحث به هم ختم شی او د هغوی اعتراض به هم ختم شی او د دوئ اعتراض به هم ختم شی سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر شوکت یوسفزئی صاحب، پلیز۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! یہ بڑا اہم ایشو ہے کیونکہ کلاس فور ایک ایسا طبقہ ہے جو میرے خیال سے سب سے غریب طبقہ ہے اور چاہے کسی کے دور میں بھی وہ بھرتی ہو جائیں لیکن یہ کہ جو ایشو چل رہا ہے کہ کچھ رولز ریگولیشنز، کیونکہ کلاس فور ہمیشہ وہ ہوتا ہے جو اپنے حلقے سے لیا جاتا ہے جس کا تعلق ادھر سے ہوتا ہے، ڈسٹرکٹ وائز، تو میرے خیال سے سب سے بہتر تو یہ ہو گا کہ ہم اس کو پینڈنگ رکھ لیں Till the Minister، وہ منسٹر آ کر وہ خود اس کا جواب دیں اس ہاؤس کو، یہ سب سے بہتر ہو گا اور دوسرا یہ کہ یوسف ایوب صاحب نے بھی کہا اور سردار بابک صاحب نے

بھی کہا کہ وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم نے جو رپورٹ دی ہے، میرے خیال سے ہم سب اس کی تائید کرتے ہیں کہ وہ رپورٹ ضرور سامنے آنی چاہیئے، ہاؤس کے آگے آنی چاہیئے کیونکہ اگر کہیں پہ زیادتیاں ہو رہی ہیں، چاہے حکومت کرے یا اس سے پہلے زیادتی ہوئی ہے تو میرے خیال سے اس کا ازالہ اسی طرح ہو سکتا ہے کہ اس ہاؤس میں رپورٹ آئے اور اس پہ پھر اس کے بعد اگر کوئی بحث کرنا چاہے یا میری ریکویسٹ ہو گی فخر اعظم صاحب سے کہ اگر منسٹر صاحب تک آپ انتظار کر لیں اور وہ آکر اس کا پوری طرح جواب دیں تو میرے خیال سے یہ مناسب ہو گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی سید جانان صاحب، پلیز۔ مفتی سید جانان، پلیز۔

(قطع کلامیاں)

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب۔

(قطع کلامی)

مفتی سید جانان: (رکن اسمبلی سے) یو منټ ودریږه، خو زه هم دا خبره کوم کنه، زه هم دا خبره کوم، زه هم دا قصه کوم۔ زه سپیکر صاحب! دا خبره کوم دې کمیټئ کښې تیر حکومت کښې یو زه ممبر ووم، یو اسرار خان گنډاپور ممبر وو، یو دا وو او اقبال فنا صاحب وو۔ مشرانو جی خبره کړې ده چې لمحوں نے خطا کی صدیوں نے سزا دی، دا هم هغه قصه ده جی نن راغله۔ اسرارخان یو میټنګ ته راغلے وو په کومې خبره باندې مونږ پاڅیدلی یو، هغه خبره زمونږ دغو کسانو ته معلومه ده چې کومه خبره ده؟ زه جی دا وایم چې دا یو داسې منسټری وه چې تاریخ کښې داسې منسټری مونږ نه ده لیدلې بله، او ماته یو کس اووئیل د سیکرټری صاحب دفتر کښې چې مفتی صاحب! تا مونږ پسې خبرې کړې دی۔ ما ورته اووئیل چې ما خبرې مجبورئ نه کړې دی، په تاریخ کښې به داسې نه وی شوی چې یو سکول کښې35 سټوډنټس وی او هلته کښې د 55 استاذان بهرتی وی، ما وئیل چې دا چرته نه دی شوی تاریخ کښې (تالیاں) خو زه جی، (قہقہہ) زه دې ته جی حیران یم، منسټرصاحب لاړلو جی، آیا دا کار کومو کسانو کړے دے؟ دا غیر قانونی شوے دے او که قانونی شوے دے؟ که چرې دا غیرقانونی وو، دغې

محکمې ډائریکټر، د دغې سیکرټری، د دغې محکمې سټاف هغه وخت په دې غیر قانونی کار باندې ولې سترګې پټې کړې وې، دا کار ئے ولې کولو یا د محکمې څه رولز ریګولیشنز نه وو چې اوس بیک جنبش مطلب داد ے اووه اووه، اته اته سوه کسان وباسی؟ شوکت یوسفزئی صاحب علم کښې زه دا خبره راوستل غواړم، دا صرف د کلاس فورو مسئله نه ده، دا د استاذانو مسئله ده، دیکښې چوده سکیل، دیکښې نو سکیل، دېکښې باره سکیل مختلف استاذان دی ورکښې۔ اوس هم مطلب دا دے استاذان ویستلی کیږی او بله دلچسپه خبره دا ده، دغې محکمې کښې اوس څلور پینځه ورځې مخکښې بیا داسې کارونه راروان دی چې هغه غیرقانونی کارونه دی، زما به دا ګزارش وی چې داسې بیک جنبش باندې خلقو امیدونو باندې اوبه نه اچوؤ۔ یو سړی پندره بیس هزار تنخواه ده، غریب سړے دے، هغه کورته لاړ شی چې زه حکومت ختم کړے یم، د هغې به څه میسج ځی، دغې حکومت ته به هغه څه دعاګانې کوی، هغه به څه وائی چې زه ولې ختم کړلے شوم؟ زما به دا ګزارش وی چې که چرې دا کار غیر قانونی شوے وی، اول خو حکومت ته لوئې زړه پکار دے چې په دغې د چشم پوشی وشی او که نه وی بیا مطلب دا دے پکار ده چې د دغه ذمه دارو خلقو تعین د وشی چې دا غیر قانونی کار چا کړے دے او دا غیر قانونی خلق چې دا خلق کورونو ته ځی چې دا کوم ذمه دار خلق دی دا د بیا کورونو ته لاړ شی چې دا معامله بیا ویخ نه صفا شی۔ زما به دا ګزارش وی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی سردار بابک صاحب، سردار حسین بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین:</u> شکریه، سپیکر صاحب۔ زه بیا بخښنه غواړم-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی۔

<u>جناب سردار حسین:</u> یوسف ایوب صاحب دلته خبره وکړه، چلو میں یوسف خان کیلئے اردو میں ذرا بات کرتا ہوں۔ مجھے یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ Suppose ایک ڈیپارٹمنٹ ہے، وہاں پہ کلاس فور کی پوسٹیں ہیں، کلاس فور کی پوسٹوں پر اپوائنٹمنٹ کیلئے کچھ Requirements ہیں، Age ہے، ڈومیسائل ہے، کوالیفکیشن ہے پھر، اور ہم یہ سمجھ لیتے ہیں کہ اس ڈیپارٹمنٹ نے بوگس اپوائنٹمنٹس بھی کر لیں، فنانس نے ان کو تنخواہ کس طرح دیدی؟ ایک۔ دوسری بات، میں اسی لئے بات ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ

ہاؤس جو ہے، بڑا سنجیدہ فورم ہے، اگر ایک سکول ہے، وہاں پہ جس طرح مولانا صاحب نے کہا کہ 55 لوگوں کو بھرتی کیا گیا، اگر Sanctioned پوسٹیں نہیں ہیں تو کس طرح ان کو اپوائنٹ کیا گیا اور کس طرح انہوں نے تنخواہیں لی ہیں؟ میں کسی کی یہاں پہ وکالت نہیں کر رہا، اگر میرے دور حکومت میں کوئی غلط کام ہوا ہے تو موجودہ حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ کڑی سے کڑی سزا دینی چاہیئے لیکن ابھی اس چیز کو اتنا Generalize کرنا اور اتنا ڈرامہ بنانا کہ Suppose ایک بندے یا ایک منسٹر کو اس طرح کہا جا رہا ہے کہ اس نے اتنے لوگ بھرتی کئے ہیں، تو اس نے خود بھرتی کئے ہیں، اس نے اپنی جیب سے تنخواہیں دی ہیں؟ یہ تو کتنے پراسیس سے ہو کر آیا ہے۔ تو میں مولانا صاحب کی اسی بات سے بھی اتفاق کرتا ہوں اور میرے خیال میں اس چیز کو اتنا Generalize نہیں بنانا چاہیئے۔ فنانس نے اگر کوئی پوسٹ سینکشن نہیں کی ہے تو وہ اپوائنٹ کس طرح ہوا ہے، ان کو سال ڈیڑھ سال یا آٹھ مہینے تنخواہیں کس طرح ملی ہیں؟ سنجیدہ بات یہ ہے کہ بالکل اس کی پوری طرح انکوائری ہونی چاہیئے، میں اب بھی اس فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں (قطع کلامی) کوئی سینکشن اگر نہیں ہے تو پھر انہوں نے تنخواہیں کس طرح دلی ہیں؟ اور ہو نہیں سکتی اس طرح کی بات، نہیں ہو سکتا ہے اس طرح، اس کو Scrutinize ہونا چاہیئے، میں وکالت نہیں کر رہا لیکن Scrutinize ہونا چاہیئے اور Scrutinization کے بعد، اور پھر اگر اتنے لوگ سرپلس تھے تو یہ میرا بھائی جو اشتہار دکھا رہا ہے، وہ کس بات کا ہے؟ دا شیزونه چې دی سپیکر صاحب! دا ټهیک ټهاک انداز کښې کتل پکار دی، دا هره خبره په تیر حکومت باندې وراړول او د هغې نه اخبار له یو خبر ورکول چې سبا اخبار والا هم په تحقیق کښې نه ځی چې تیر حکومت کښې دغه غلط کار شوې دے، دغه غلط کار شوې دے، دا Blame game چې دے، دا ښه خبره نه ده۔ ښه خبره دا ده چې دا شیز بالکل Scrutinize کړئ، په دیکښې انکوائری وکړئ، که د کلاس فور په اپوائنټمنټ کښېIrregularity شوې ده، که د سبجیکټ سپیشلسټ په اپوائنټمنټ کښېIrregularity شوې ده یا که د نور ټیچرز یا د نور کلیریکل سټاف په اپوائنټمنټ کښې Irregularity شوې ده، تاسو ته دا پوره پوره اختیار دے چې ټهیک ټهاک سزا ورته ورکړئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی اسرار اللہ گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر، اس پہ کافی ڈسکشن ہو چکی ہے، اگرچہ کال اٹینشن نوٹس تھا، اور سر! مفتی صاحب نے چونکہ گزشتہ اسمبلی کی Proceedings کا بھی حوالہ دیا ہے، میں بابک صاحب کے حوالے سے یہ بات کر لوں کہ یہ صرف فنانس کی سینکشن شدہ پوسٹیں نہیں ہیں، ورکرز ویلفیئر بورڈ جو ہے، وہ آپ کے جو ورکرز ہوتے ہیں، ان سے deduction 2% ہوتی ہے اور مرکزی لیول سے پھر یہ صوبے کو جو آپ کی پاپولیشن کے حساب سے 13% شیئر ملتا ہے تو یہی اس میں سر، ایک Basic وجہ ہے۔ گزشتہ اسمبلی میں میں نے اس پہ ایک بل بھی جمع کرایا تھا کہ آپ کے زکواۃ کا جو لاء ہے، وہ Provincialize ہو گیا ہے لیکن یہ ورکر ویلفیئر بورڈ کا جو لاء ہے، آپ اس کو کیوں Provincialize نہیں کرتے؟ وہ اس وجہ سے نہیں کرتے سر کہ اس میں جو Grey area ہے، اس کو محکمہ ختم ہی نہیں کرنا چاہتا، یہ ایک حقیقت ہے کیونکہ آپ کے صوبے میں Sick units ہیں، آپ کے پاس اتنے ریونیوز نہیں ہیں۔ جب مرکز آپ کے Behalf پہ Collection کرتا ہے اور آپ کو دیتا ہے تو اس سے جو آپ کا فنڈ ہوتا ہے، وہ بہت زیادہ ہوتا ہے As compared to یہ کہ اگر آپ اس میں خود Contribute کریں۔ چونکہ یوسف ایوب صاحب نے بھی اس سلسلے میں یہ بات کی کہ پراونشل انسپکشن ٹیم کے حوالے سے بھی اس میں معاملات ہیں، بابک صاحب کی بھی یہ خواہش ہے اور آنریبل ممبر صاحب بھی یہ سمجھتے ہیں تو میرے خیال میں سر اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے کہ اس کیلئے اگر آپ ایک سپیشل کمیٹی بنا دیں اور اس کے جو TOR ہیں، وہ اپنے آفس سے ایشو کرا دیں اور اس کے مطابق ہم اس کو دیکھ سکتے ہیں کہ اس میں جہاں جہاں بھی قباحت ہے اور اس میں جہاں جہاں پہ Improvement ہو سکتی ہے، میرے خیال میں اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس پہ دونوں طرف سے میرے خیال میں Consensus ہے، آپ سپیشل کمیٹی بنا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منور خان، ایم پی اے۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: تھینک یو، سر۔ یہی ڈسکشن سر، جیسے یوسف ایوب صاحب نے بتایا کہ اس سے پہلے بھی آ چکی تھی اور اس پہ پہلے بھی کافی ڈسکشن ہو گئی تھی لیکن یوسف ایوب صاحب نے آن دی فلور یہی بات کہی تھی کہ ہم کمیٹی بنائیں گے اور جو کمیٹی کی رپورٹ ہو گی، وہ ہم اسمبلی میں پیش کریں گے تو میرے خیال میں ابھی تک اس کمیٹی کے بارے میں نہ ہمیں پتہ چلا کہ کمیٹی بن گئی تھی یا نہیں بنی تھی اور وہ رپورٹ

کیسے تیار ہوئی ہے تو اس سلسلے میں اگر یہ Confusion دور ہو جائے کہ پہلے والی کمیٹی کا کیا بنا؟ یہی میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: سپیکر صاحب! اب منور خان صاحب کو میں تھوڑا Clarify کر دوں، کمیٹی نہیں بنی تھی، چیف منسٹر انسپکشن ٹیم نے انکوائری کر کے ہاؤس کو رپورٹ کرنا تھی، اگر آپ کو یاد ہو تو، کمیٹی کوئی ہاؤس کی نہیں بنی تھی یا ایم پی ایز یا کسی منسٹر کی نہیں بنی تھی، ابھی وہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم جو اپنا کام کرتی ہے، میں اور آپ اس کے کام میں مداخلت نہیں کر سکتے ہیں اور نہ کرنا چاہیئے۔ میں نے پہلے بھی یہ کہا تھا کہ اس ہاؤس کی وساطت سے اس رپورٹ کو ہاؤس میں ٹیبل کیا جائے، (قطع کلامی) میری عرض سن لیں، میری عرض سنیں، میں یہ اسرار صاحب۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میری عرض یہ ہے کہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کی رپورٹ ہاؤس میں آنے سے پہلے پھر ان کو Terminate کیوں کیا گیا ہے؟

وزیر مواصلات و تعمیرات: نہیں، میں عرض کر رہا ہوں جی کہ اس ہاؤس میں جو ہم نے مشترکہ ڈیمانڈ کی تھی، یہ مجھے پتہ ہے کہ اس کی انکوائری کیلئے ہدایت چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کو کر دی گئی ہے اور باقاعدہ انہوں نے کام شروع کیا ہوا ہے، کیونکہ یہ میرا محکمہ نہیں ہے اور مجھے Off hand information نہیں ہے کہ وہ انکوائری رپورٹ مکمل ہو گئی ہے یا نہیں ہوئی؟ میں کہتا ہوں کہ یہ ہاؤس کی طرف سے، سپیکر کی طرف سے یہ ڈائریکٹیوز جانے چاہئیں کہ اس رپورٹ کو مکمل کر کے ہاؤس کے سامنے پیش کیا جائے، جو چیز ہے وہ سامنے آ جائے گی۔ اسرار خان نے جو بات کی ہے جی، اگر پہلے کوئی کوتاہیاں ہوئی ہیں، آئندہ کیلئے نہیں ہونی چاہئیں، کمیٹی بنائیں، آئندہ کیلئے جتنی سلیکشن ہو میرٹ پہ ہو، جس کا حق بنتا ہے ہو، جس ضلع کا حق بنتا ہے اس سے ہو، ہم Normally صوبے میں ہم کہتے ہیں جی یہ ڈسٹرکٹ کیڈر پوسٹ ہے، یہ پراونشل کیڈر پوسٹ ہے، اس کا احترام کیا جائے۔ آپ کا لکی مروت ہے، اگر ایک خاص گریڈ، چھ سات تک وہ ڈسٹرکٹ کیڈر میں آتا ہے، لکی مروت سے باہر سے آدمی نہیں لینا چاہیئے کیونکہ اس کے لوگوں کے ساتھ ناانصافی

ہے، ویسے ہی اور ڈسٹرکٹس، جو ٹیچنگ سٹاف رکھا ہے، دیکھیں مجھے آپ کے علاقوں کا نہیں پتہ، میں اپنے ہری پور کا، سب سے بڑا انڈسٹریل ایریا اس صوبے کا میرا ڈسٹرکٹ ہے، حطار انڈسٹریل سٹیٹ ہے اور متعلقہ انڈسٹریز ہیں، ہزاروں، کم از کم 80/70 ہزار محنت کش ادھر کام کرتے ہیں، ان کے بچے ہیں اور ابھی میں آپ کو Honestly بتاؤں کہ وہ جو سکول ادھر بنے ہوئے ہیں، دو بڑے بڑے سکول، آٹھ آٹھ دس دس کروڑ کے بنے ہوئے ہیں، ٹیچنگ سٹاف ایسا ہے کہ جن کو اردو بھی بدقسمتی سے صحیح طرح بولنی نہیں آتی، ہمارے لوگوں کو پشتو نہیں آتی، لہذا نہ سٹوڈنٹس کو پتہ ہوتا ہے کہ ٹیچر کیا کہہ رہا ہے اور ٹیچر کو پتہ ہے کہ یہ، یہ میں آپ کو حقیقت بتا رہا ہوں، یہ کمیٹی جو یہ Propose کر رہے ہیں، یہ تو میرا خیال ہے اپنا بابک صاحب بھی، بالکل کریں، TOR بنائیں، آئندہ کیلئے اگر میں وزیر ہوں یا بابک صاحب ہوں یا آپ ہوں، By the book چلنا چاہیئے، قانون کے مطابق کوئی سفارشی بھرتی نہیں ہونا چاہیئے، ہمیں یہ منظور ہے جی۔

جناب سردار حسین: (آواز سنائی نہیں دے رہی) هغه دا وه چې اوس د يو جج يو فيصلې نه مخکښې ته، جج لا کيس اوريدلے هم نه دے او د هغې نه مخکښې هغه له سزائے موت واؤروی، يوسف خان چې څومره خبرې کوی، زه ورسره Agree يم خو د دې کيس د رپورټ د فائنل کيدو نه مخکښې چې دا Termination روان دے، د دې څه Justification دے؟ دا ټول کار خراب شوے دے، دا ټول کار خراب شوے دے او انکوائری رپورټ لا راغلے نه دے او د هغوی مخکښې دا Termination کيږی، مونږ ته دا خبره مناسب نه لګی، پکار دا دے چې انکوائری هغې باندې Conduct شوې ده، پراونشل انسپکشن ټيم چې کوم دے خپل رپورټ ورکړی چې په کوم کوم ځائې کښې Irregularities شوې دی، د هغې رپورټ د سفارشاتو مطابق د کار وشی۔ دلته خو ما ته لګی دا سې چې يو Individual لګيدلے دے او هغه مطلب دا دے چې وئيلی دی چې بس دا هر څه غلط شوی دی، دا ټول لر کړه، دا خو زما يقين دا دے چې دلته خو ادارې موجود دی، پکار دے چې داسې وشی، که کار غلط شوے، انکوائری چې څنګه هغوی وائی چې Conduct شوې ده چې د هغې رپورټ راشی، د هغې د سفارشاتو مطابق کار وشی نو دا به انصاف وشی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر عنایت اللہ خان، پلیز۔ عنایت اللہ خان صاحب، پلیز۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی): کل جب منسٹر صاحب موجود تھے، میں تو پوری بحث کو سنتا رہا ہوں اور میں حیران ہوں، کل جو وہ یہاں موجود تھے اور وہ پکار پکار کر کہتے رہے کہ میں حاضر ہوں، کل میں نہیں رہوں گا اسمبلی کے اندر، آپ آج اپنا کوئسچن اٹھائیں، تو آنریبل ممبر نے اس کو ڈیفر کر دیا اور مجھے نہیں پتہ کہ انہوں نے کیوں ڈیفر کیا؟ اور Reason بھی نہیں بتا رہے تھے کہ میں کیوں اس کو ڈیفر کر رہا ہوں؟ سر، میرے خیال میں جو منسٹر انچارج Informed ہوتا ہے اپنے محکمے کے حوالے سے، یہ بالکل اصولاً ٹھیک ہے کہ Cabinet is collectively responsible، یہ بات بالکل ٹھیک ہے لیکن منسٹر انچارج کو جتنی انفارمیشن ہوتی ہیں، وہ کسی دوسرے منسٹر کو نہیں ہوتیں اس لئے میرے خیال میں اس منسٹر نے اگر کسی کو Terminate کیا ہے تو ہمیں اتنا نیک گمان تو رکھنا چاہیئے کہ انہوں نے کوئی انکوائری تو کی ہو گی اور ڈیپارٹمنٹ کے اندر Disciplinary action کا اپنا ایک پروسیجر ہوتا ہے، مجھے یقین ہے کہ اگر Foregoing Minister, outgoing Minister نے اپوائنٹمنٹس کی ہیں، غلط اپوائنٹمنٹس کی ہیں تو انہوں نے بھی کسی پروسیجر کو اڈاپٹ کر کے کی ہیں اور اگر Current Minister نے Terminations کی ہیں تو انہوں نے بھی کسی پروسیجر کو اڈاپٹ کر کے Terminations کی ہیں۔ میرے خیال میں یہ اس منسٹر تک ڈیفر کریں، یہ معاملہ اور یہ Important معاملہ ہے، Sensitive معاملہ ہے، اس پہ مزید ڈسکشن اور ہاؤس کا اتنا وقت مت لگائیں۔ میری گزارش یہ رہے گی کہ سی ایم انسپکشن ٹیم کی انکوائری، وہ بھی بڑی Important ہے، اس کو بھی لے آئیں اور Future کے اندر اگر آپ Streamline کرنا چاہتے ہیں، ورکرز ویلفیئر بورڈ کے سکولوں کے اندر ریکروٹمنٹ اور اپوائنٹمنٹ کے پراسیس کو Streamline کرنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے کمیٹی بنا دیں آپ، وہ کمیٹی اس کا بھی جائزہ لے لیکن منسٹر انچارج کی غیر موجودگی میں اتنی لمبی چوڑی ڈسکشن ہو رہی ہے، میرا نہیں خیال کہ کسی اور منسٹر کو ان کے ڈیپارٹمنٹ کے حوالے اتنی معلومات ہوں گی، اس لئے اس کو میرا خیال ہے اس وقت تک پینڈنگ رکھیں۔ تھینک یو، سر۔

Mr. Deputy Speaker: The Question is deferred till next proceedings, till next session.

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: پینڈنگ، دا پینڈنگ شو جی، ستا سو کوئسچن پینڈنگ شو جی۔
Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA, to please move his call attention notice No. 79, in the House.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں مشکور ہوں آپ کا، میں آپ کی توجہ ایک عوامی نوعیت کے مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ یو ای ٹی پشاور میں سیلف فنانس سکیم کے تحت داخلہ شروع کیا گیا اور اس کیلئے چار سمسٹر کی فیس ایڈوانس لی جاتی ہے جو تقریباً چار لاکھ روپے سے زائد ہے اور طلباء کی پہنچ سے دور ہے جبکہ پرائیویٹ انجینئرنگ یونیورسٹیوں میں ایک سمسٹر کی فیس ایڈوانس لی جاتی ہے جو تقریباً ایک لاکھ روپے ہے۔ حکومت سے استدعا ہے کہ یو ای ٹی، انجینئرنگ یونیورسٹی پشاور کو بھی اس بات کا پابند بنایا جائے کہ وہ بھی ایک سمسٹر کی فیس ایڈوانس لے، ایک لاکھ روپے تاکہ غریب طلباء بھی اس سے مستفید ہو سکیں۔

جناب سپیکر صاحب، یہ ٹوٹل آٹھ سمسٹرز ہوتے ہیں اور اس میں چار سمسٹرز کی ایڈوانس فیس جو لی جاتی ہے، وہ چار لاکھ 34 ہزار روپے ہیں، یہ داخلے کے وقت، اور باقی رقم جو اس کی بچتی ہے، وہ تقریباً ہر سمسٹر میں 60 ہزار روپیہ وصول کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں حکومت سے یہ گزارش کروں گا کہ تحریک انصاف کی حکومت ایک طرف تعلیم عام کرنے کا نعرہ لگاتی ہے، لگا رہی ہے اور دوسری طرف یہ چار لاکھ روپیہ جو پرائیویٹ یونیورسٹیوں کے مقابلے میں، پرائیویٹ یونیورسٹیاں تقریباً ایک لاکھ روپیہ ایڈوانس لیتی ہیں، بچے کے داخلے کیلئے، سٹوڈنٹ کے داخلے کیلئے اور سرکاری یونیورسٹیاں چار لاکھ روپے ایڈوانس لے رہی ہیں، تو کیا یہ غریب طلباء کو تعلیم سے دور رکھنے کا ایک بہانہ نہیں ہے؟ میری یہ گزارش ہو گی حکومت سے کہ جس طرح پرائیویٹ یونیورسٹیاں ایک سمسٹر کا داخلہ تقریباً ایک لاکھ روپیہ وہ ایڈوانس لیتی ہیں تو ایسے ہی یو ای ٹی یونیورسٹی کو بھی پابند بنایا جائے کہ وہ ایک سمسٹر کا داخلہ تقریباً ایک لاکھ روپیہ ایڈوانس لے اور اس سے زیادہ فیس ایڈوانس نہ لے تاکہ غریب آدمی بھی اس میں داخلہ لے سکے اور تعلیم کو جاری رکھ سکے۔ چونکہ غریب طلباء کے پاس یہ چار یا ساڑھے لاکھ روپیہ ایڈوانس دینے کیلئے نہیں ہوتے، چاہے وہ جتنا

بھی قابل ہوتا ہے، وہ اعلی تعلیم سے وہ استفادہ نہیں حاصل کر سکتا۔ لہذا منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ان شاءاللہ میں یہ سمجھتاہوں کہ وہ بھی میری اس اپیل کو مسترد نہیں کریں گے اور بچوں کے ایک سمسٹر کاداخلہ جوایک لاکھ روپیہ ہے، وہ ایڈوانس لے لیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: Excuse me ji، کال اٹینشن پہ ڈیبیٹ جوہے نا، سامنے مجھے بہت۔۔۔۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: ستا سو خو جی Question already ختم شو کنه، هغه خو ما Mr. Mushtaq Ghani, to please reply.

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، جس طرف آنریبل ممبر اور نگزیب نلوٹھا صاحب نے توجہ دلائی ہے، یو ای ٹی آٹھ لاکھ روپے چارج کرتی ہے اپنے پورے کورس کیلئے اور غریبوں کا تو نام ہی ہے، یہ سیلف فنانس سکیم تو In fact امیروں کیلئے ہی ہے کہ وہ ہی آٹھ لاکھ روپیہ دے سکتے ہیں، غریب بیچارہ کدھر اتنے پیسے دے سکتا ہے اور اس کیلئے ہماری گورنمنٹ نے ابھی ایک (فنڈ) ضرور سٹارٹ کیا ہے، ایک Endowment fund سے ہم ایسے طلباء کو جو کہ میرٹ پہ آئیں گے، ان کو ہم ضرور، تحریک انصاف کی گورنمنٹ نے یہ پلان کیا ہے کہ ان کے ہم اخراجات برداشت کریں گے لیکن جہاں تک سیلف فنانس سکیم کا تعلق ہے، اس میں یو ای ٹی جو فرسٹ ایڈمشن پہ وصول کرتی ہے، وہ تین لاکھ 80 ہزار کا وصول کرتی ہے اور چونکہ ٹوٹل انہوں نے آٹھ لاکھ وصول کرنے ہوتے ہیں تو اس طرح 60 ہزار روپے باقی Equal installments, seven installments میں They charge۔ اور اس طرح وہ اپنے آٹھ لاکھ پورے کر سکتے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہماری Mostly یونیورسٹیز Financial constraints کا شکار ہیں اور جتنے اخراجات ان کے بڑھ گئے ہیں، اتنی ان کی آمدنی جو ہے، وہ اس سے Match نہیں کر پا رہی، اب ہماری گومل یونیورسٹی ہے، وہ تنخواہیں نہیں دے پا رہی حالانکہ یہ Autonomous body ہے اور انہیں اپنے اخراجات خود پورے کرنے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ گورنمنٹ کی طرف دیکھ رہی ہے کہ گورنمنٹ اس میں ہمارے Current expenditures کیلئے بھی اخراجات برداشت کرے۔ تو بہر کیف جیسے میرے بھائی اور نگزیب صاحب نے تجویز پیش کی ہے، چونکہ یہ فیصلہ

ان کے سنڈیکیٹ کا فیصلہ ہوتا ہے، یہ جو معاملات ہیں، چونکہ جیسے میں نے پہلے عرض کیا کہ یہ ایک Autonomous body اور ان کے سنڈیکیٹ کا یہ Decision ہے جو میں نے آپ کے سامنے پڑھا، جو Fee structure ہے ان کا یا جیسے وہ Installment charge کرنا ہے، 60 thousand per semester in seven installments ہیں، اس کا تو میں ضرور یہ کیس ریفر کروں گا ان کو، We can just recommend this case to them، باقی وہ اپنے وسائل کو دیکھ کے ہی وہ فیصلہ کریں گے لیکن ان شاء اللہ ہماری کوشش ہو گی کہ آنریبل ممبر کی جو یہ Suggestion ہے، اس کو ہم ضرور Accommodate کر سکیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ عبدالمنعم خان صاحب، پلیز۔

جناب عبدالمنعم: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ډیر وخت بعد د دې طرف ته موقع را کړه، ډیره شکریه۔ زمونږ جی د ایجوکیشن حوالې سره مسئله ده، ما هغه بله ورځ مسئله رااوچته کړې وه، زمونږ د بی ایس ماشومانو ته داخله نه ورکوی، د شانګلې وړو ته په سوات کښې، مونږ ته ټولو نه نزدیک ترین ځائې سوات دے او هغه پرنسپل دا Reason پیش کوی چې یره ما سره خو دغه نشته، مطلب تاسو قانون پاس کړے دے، ستاسو اسمبلئ قانون پاس کړے دے چې لوکل به اخلئ او 'نان' لوکل به نه اخلئ، 'نان' لوکل، په شانګله کښې کالج نشته نو زه خو سوات سره بیا لوکل کښې راځم او داخله غواړم په میرټ۔ زما وړوکے په 855، په 850 او په 832 پاتې دے او د سوات لوکل ته په 600 او 550 باندې هلته ایډمشن ملاؤ شوے دے۔ ما پرون دوئ سره هم خبره کړې وه، نن سیکرټری صاحب پسې هم جی زه تلې یم خو څه مزه ئے ونکړه نو کم از کم چې هغه تاسو زمونږ په دې صوبه کښې ډیر Ups / Downs دی، تاسو چې کله قانون جوړوئ نو کم از کم مونږ د غره دا ضلعو والا پکښې کښینوئ چې تاسو ته مونږ هغه صورتحال بنایو۔ تاسو دلته په همواره کښې قانون جوړ کړئ، بیا مونږ ته مسئله وی۔ دې سره ما ته یو خبره یادیږی، زمونږ کلی کښې یو سړے وو، هغه وئیل ما ته لیکل راځی خو پړهاؤول نه راځی، هغه سړی ورته وئیل چې دا خو آسان کار دے، پړهاؤول خو اسان وی، لیکل ګران وی۔ هغه ورته اووئیل چې ته

ولیکه نو هغه دا سې یو اوږده کرښه راښکله، نو دوئ ورته وئیل چې دا څه شے دے ؟ نو هغه وئیل ما خو تاسو ته وئیلی وو کنه چې لیکل راځی خو پړهاؤول نه راځی۔ نو تاسو چې قانون جوړوئ، کم از کم مونږ په اعتماد کښې اخلئ چې یره مونږ خپلې ضلع کښې هغه مجبوری درته بنایو۔ دویم جی زمونږ دې KPK کښې جامشورو ته د ټول KPK نه یو کس ځی، جامشورو کالج ته، هغه هلک ضیاء اللّٰه نوم ئے دے، زما د ډسترکټ شانګله د تحصیل پورن دے۔ په میرټ هغه راغلے دے او تاسو د دې پیښنور نه فهیم نومې هلک لیږلے دے او زما هغه ماشوم بیا 72 هزار جمع کړې نو آیا که دا مونږ وایو چې بیا مونږ انصاف، مونږ ته انصاف به کوم طرف نه راځی؟ مونږ چې پخپله مطلب دے سیکورټی (*تالیاں*) نو دوئ ته کم از کم تاسو، شانګله یو داسې بدقسمته ضلع ده چې اوس په هغه میرټ د ټول نه په اول راشی او هغه تاسو ټولو نه وروستو کوئ نو زه به آیا څه کوم؟ زمونږ د ایجوکیشن سیکرټری چې ده کومه، فیمیل، زه هغوی ته داد ورکوم یره انتهائی محنت کشه ده، ما له ئے پرون لیکچراران زمونږ کالج له راکړل، دیکښې ئے هم ډیره منډا وکړه خو هغه د جهانزیب کالج هغه سړے د چا منی نه۔ ما د سی ایم صاحب نه ډائریکټیوز وړی دی، هغه وائی مونږ له قانون جوړ کړئ، هغوی ورته ټیلیفون کړے دے خو د هیچا خبره نه منی نو که داسې بدمعاش وی، لهذا دغه ځائې نه ئے لرې کړئ، شریف غوندې سړے راولئ، تعلیم سره شریف سړے لګی۔ ډیره مهربانی، ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب فریڈرک عظیم صاحب، پلیز۔ یہ مائیک آن کریں ذرا جی۔

جناب فریڈرک عظیم: جناب سپیکر، شکریہ، کافی انتظار کے بعد آپ نے مجھے ٹائم دے دیا۔ Rule 240 کے تحت Rule 124 کو معطل کر کے مجھے قرارداد 170 پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب اسرار گنڈاپور صاحب، پلیز۔

وزیر قانون: سر، قرارداد کا متن میں نے دیکھا نہیں ہے، مطلب ٹیبل کرنے پہ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، چونکہ آنریبل ممبر صاحب کافی دیر سے انتظار کر رہے ہیں تو میرے خیال میں ہاؤس کو Put کر لیں، دیکھ لیں گے کہ اس میں کیا ہے؟ پھر یقیناً سر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، آپ اجازت دیدیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب فریڈرک عظیم: یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ صوبے میں اقلیتی ملازمین کیلئے کوٹہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، پہلے ہاؤس کو Put کرتے ہیں جی، ہاؤس کی اجازت۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Member, to move his resolution? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The honourable Member is allowed to move his resolution.

## اقلیتی برادری کے بارے میں قرارداد کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

جناب فریڈرک عظیم: یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ صوبے میں اقلیتی ملازمین کیلئے پانچ فیصد کوٹہ مقرر کیا جائے۔

یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ میڈیکل کالج، انجینئرنگ کالج اور صوبے کے دیگر کالجوں میں اقلیتوں کیلئے داخلوں میں پانچ فیصد کوٹہ مختص کیا جائے۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی اسرار گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر، میری یہ گزارش ہو گی کہ اگر ہم اس کو Oppose کرتے ہیں تو کوئی اچھا میسج نہیں جائے گا۔ چونکہ جو ان کے فرائض تھے، وہ انہوں نے بخوبی ادا کئے۔ آدھے گھنٹے سے میں دیکھ رہا تھا، انہوں نے انتظار بھی کیا ہے، تو میری یہ گزارش ہو گی کہ اگر اس ریزولیوشن پر بھی ہمیں اتنا Speed work کرنے دیا جائے، یونیورسٹیز اور اس میں اگر واقعی کوئی کوٹہ سسٹم Exist کرتا ہے، پھر تو ان کا مطالبہ بھی Genuine ہے کیونکہ سروسز کے متعلق اگر ہو وہ Already existing، ان کا غالباً Existing ایک کوٹہ موجود ہے لیکن اگر اس کو ہم بڑھاتے ہیں تو اس پہ اسٹیبلشمنٹ سے بھی رائے لینا ہو گی کیونکہ

Alreadyاس میں Deceased son quota بھی ہوتا ہے، Employees son quota بھی ہوتا اور اس کے علاوہ سر، جو آپ کے معذور ہوتے ہیں، ان کا بھی کوٹہ ہوتا ہے تو ان سب عوامل کو دیکھنا ہو گا۔ میری یہ گزارش ہو گی کہ اگر اس کو فی الحال Press نہ کریں Let the report comes from the department، جو ڈیپارٹمنٹ ہے اور پھر ان شاء اللہ اس میں جتنا بھی ہو گا، اگر پانچ فیصد سے ہو سکتا ہے، جتنا بھی ہو سکتا ہے ان شاءاللہ Accordingly ہم اس کو دیکھ لیں گے۔

<u>جناب فریڈرک عظیم</u>: جناب والا! مرکزی حکومت میں پانچ فیصد ہے، بلوچستان میں پانچ فیصد ہے، سندھ میں پانچ فیصد ہے اور پنجاب میں پانچ فیصد Implementation ہو رہی ہے، کیا KPK پاکستان کا حصہ نہیں ہے کہ یہاں پر مقصد ہے کہ ہمیں نظر انداز کیا جاتا ہے؟

<u>وزیر قانون</u>: سر، میری یہ گزارش ہے کہ اگر واقعی ان کے پاس کوئی Facts and figures ہیں تو یہ باضابطہ اس طریقے سے ایک پہلا اجلاس ہو رہا ہے، اس سے پہلے بجٹ اجلاس تھا یا پھر اور اجلاس گزرے ہیں، وہ Specific purpose کیلئے تھے، اجلاس آگے بھی ہوں گے، میری یہ گزارش ہے کہ سر اگر آپ Autonomous bodies کو یہ ریزولیوشن بھیج دیتے ہیں اور انہوں نے کوٹہ سسٹم ہی شروع سے ختم کیا ہو تو اس کو اگر آپ ان پہ نافذ العمل کرتے ہیں تو ویسے ہی اپنے ہاؤس کی قرار دادوں کا ہم ایک Sanctity رکھیں اور اگر ہم Oppose کرتے ہیں سر، پھر بھی کوئی اچھا میسج نہیں جاتا کہ اقلیتوں کے حقوق کی بات ہو اور گورنمنٹ اس کو Oppose کرے۔ میری یہ گزارش ہو گی کہ ہمیں کچھ ٹائم دیا جائے اور جو Facts and figures ان کے پاس ہیں، میں ان کو یہ ایشورنس دیتا ہوں کہ اگر باقی صوبوں میں موجود ہوا تو یہ صوبہ بھی ان شاءاللہ اپنی ذمہ داری پوری کرے گا۔

(تالیاں)

<u>جناب فریڈرک عظیم</u>: ایک منٹ جناب والا، میرے پاس وفاق کا نوٹیفیکیشن ہے، پنجاب کا نوٹیفیکیشن ہے، سندھ کا نوٹیفیکیشن ہے، بلوچستان کا نوٹیفیکیشن ہے، موجود ہے میرے پاس، وہاں پہ Implementation ہو رہی ہے تو Why not in KPK?

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

وزیر قانون: سر، دو تین بار میرے خیال میں اٹھ کے میں جواب دے چکا ہوں کہ جو Facts and figuresان کے پاس ہیں سر، گورنمنٹ کا ایک طریقہ کار ہے، اس پہ رپورٹ آتی ہے، چونکہ انہوں نے بریک میں مجھ سے یہ کہا کہ میری ایک ریزولیوشن ہے تو میں نے کہا، جی بالکل اقلیتوں کے حوالے سے اگر ہے، لیکن سر اگر اس میں ڈیمانڈ لسٹ ہو، یہاں پر سر، یہ ہے کہ اس کی کل Implicationsہو نگی تو وہ Implicationsاگر کل کو وہ پوری نہ ہو سکیں تو گورنمنٹ کا اس میں کیاStatusہو گا؟ میری یہ گزارش ہے کہ مہربانی کریں ہم نے اگرOut of the wayجاکے آپ کی قرارداد کو ٹیبل کرنے کی اجازت دیدی تو مہربانی کر کے اس قرارداد پہ فی الحالPressنہ کریں۔ ہم کہتے ہیں کہ آپ اس کوKindly deferکر دیں اور جو باقی Proceedings ہے، اس کو جانے دیں، کل میں دفتر میں ان کو بلا لوں گا متعلقہ محکمہ کو، اسٹیبلشمنٹ سے بھی اس میں رائے لے لیں گے اور پھر اس پہAccordinglyہم جتنا بھی اس میں ہو گا، باقی صوبوں کےAt parلائیں گے، اگر وہاں پہ جو آپ کے پاسFacts and figuresہیں، وہ ہمارے حالات کے مطابق ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: Janab Speaker! Thank you very much۔ میں آپ کی چیئر کی وساطت سے وزیر تعلیم صاحب کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ جہانزیب کالج کے متعلق پہلے بھی بات ہوئی، وہ شریف بندہ، اس نے ابھی اس طرح کیا ہے کہ ایم اے اور ایم ایس سی کلاسز بہت پہلے سے جہانزیب کالج میں ہوا کرتی تھیں، ابھی اس نے اس پہ پابندی لگائی ہے اور اس میں داخلے نہیں دیتے طلباء کو، تو اس سے کافی مشکلات کا سامنا ہے طلباء کو۔ یہ میری ریکویسٹ ہو گی منسٹر صاحب سے کہ وہ ان کو ڈائریکٹیوز دیدیں کہ کیوں وہ بند کرتے ہیں لوگوں پہ تعلیم کے دروازے؟ سر، میرا ایک اور پوائنٹ بھی ہے کیونکہ ابھی موقع ہے اور یہاں پہ پی ڈی ایم اے کے جو انچارج منسٹر صاحب ہیں، وہ تو میں نے دیکھا نہیں، ابھی تک اسمبلی میں نام سنا ہے۔ اس طرح ہے کہ میاندم ویلی سوات، وہاں پہ دو دن پہلے بہت بڑا طوفان آیا اور اولے پڑے ہیں، اس سے لوگوں کا کروڑوں کا نقصان ہوا ہے تو میری متعلقہ کسی بھی منسٹر صاحب سے، شوکت یوسفزئی صاحب سے ریکویسٹ ہو گی کہ وہاں پہ اتنا نقصان ہوا کہ تمام باغات ختم

ہو گئے ہیں سیب کے، فصلیں تباہ ہو چکی ہیں، اس کو آفت زدہ قرار دیں، ایک چھوٹی سی ویلی ہے اور جنت نظیر وادی ہے اور وہاں کے لوگ بہت غریب ہیں تو اس پہ بھی کچھ رحم فرمائیں۔ یہ دو میرے پوائنٹس ہیں، دونوں وزراء صاحبان اگر اس پہ اپنی مہربانی کر لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب، پلیز۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: اور جیسے جعفر شاہ صاحب نے، پہلے میں ان کا ہی جواب دے دیتا ہوں۔ یہ ڈسٹرکٹ کوٹہ کی جو بات آنریبل ممبر صاحب نے کی ہے، یہ بالکل نافذ ہے ہمارے صوبے کے اندر اور یہ اس لئے نافذ کیا گیا تھا کہ ایک ڈسٹرکٹ میں دوسرے ڈسٹرکٹس کا ایک Percentage quota ضرور ہے for other Districts, 10 / 20%، یہ اس ڈسٹرکٹ سے باہر کے لوگ ایڈمشن لے سکتے ہیں On open merit اور باقی اسی ڈسٹرکٹ کے لوگ ان کالجز میں ایڈمشن لینگے یا تو پھر پورے KPK کیلئے ہمیں اس کو ختم کرنا ہوگا اور اس سے پھر ایک نئی چیز پیدا ہو جائے گی کہ وہ ڈسٹرکٹ جس میں وہ کالج Exist کر رہا ہے، وہ اس کے بہت سے لڑکے کسی ایسے ڈسٹرکٹ کہ جس میں کہ ایجوکیشن ریٹ بہت زیادہ نہیں ہے اور بہت ہائی میرٹ نہیں ہے، تو اس کے کالجز میں بھی دوسرے ڈسٹرکٹس کے ہائی میرٹ لڑکے / سٹوڈنٹس جا کے داخلہ لیں گے اور Concerned district کے لوگ اس سے محروم ہو جائیں گے تو Overall تو اس پالیسی کو چیلنج کرنا میں مناسب نہیں سمجھتا، Education point of view سے لیکن جو فاضل ممبر کا مسئلہ ہے شانگلہ کا کہ وہاں پہ ایم اے/ایم ایس سی کی کلاسز، آپ ایم اے/ایم ایس سی کی بات کر رہے ہیں نا کہ وہ نہیں ہے؟ بی اے/بی ایس سی یا ایم اے/ایم ایس سی؟

جناب جعفر شاہ: بی ایس۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: بی ایس پروگرام کی بات کر رہے ہیں، یہ مجھے خوشی ہے کہ بی ایس پروگرام کے حق میں اب جو Farflung districtS کے لوگ بھی اس کا Favour کرنا شروع ہو گئے ہیں کہ ایک اچھا پروگرام ہے، بی ایس پروگرام اور اس کیلئے اگر میں بات کروں گا، کوشش کرتے ہیں ہم اس کیلئے کہ صرف ایک Particular district کیلئے کچھ سیٹس ہم Reserve کر دیں جب تک کہ وہاں پر بی ایس پروگرام شروع نہیں کیا جاتا تا کہ ان کے جو لڑکے میرٹ پہ آتے ہیں، ان Particular seats

کے اوپر اور ان کو ایڈمشن مل سکے۔ اس کی میں ضرور کوشش کرتا ہوں اور دوسری جعفر شاہ صاحب نے جس طرف اشارہ کیا کہ جہانزیب کالج میں ایم اے/ایم ایس سی کی کلاسز نہیں ہیں تو وہ بھی مسئلہ وہی ہے کہ جہاں پہ بی ایس پروگرامز شروع کئے گئے ہیں، وہاں پہ بی اے اور ایم اے/ایم ایس سی کو Discourage کیا جا رہا ہے تاکہ لوگ زیادہ سے زیادہ بی ایس پروگرام میں ایڈمشن لیں کہ Worldwide recognized degree programme ہے اور ایک وقت آئے گا کہ بی اے اور ایم اے کی اہمیت ختم ہو جائے گی لیکن چونکہ ابھی بی اے لوگ موجود ہیں اور اس کیلئے دوسرا راستہ ہی نہیں ہے ایم اے/ایم ایس سی کے علاوہ تو میں ان شاءاللہ جعفر شاہ صاحب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ تمام سبجیکٹس میں تو مشکل ہو گا، جن سبجیکٹس میں Already بی ایس پروگرام شروع ہے، اس میں شاید ہمارے لئے Possible نہ ہو لیکن جن سبجیکٹس میں بی ایس پروگرام شروع نہیں ہے، ہم ان شاءاللہ اس میں آپ کی ایم اے/ایم ایس سی کی کلاسز ضرور شروع کرا رہے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی منور خان صاحب۔

<u>جناب منور خان ایڈووکیٹ</u>: تھینک یو، سر۔ چونکہ آج سر مجھے لگ رہا ہے کہ کل کیلئے ایجنڈا نہیں ہے تو اس سلسلے میں سر، میں لاء منسٹر صاحب کی توجہ اپنے ڈسٹرکٹ لکی مروت کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ سر، وہاں پر، بلکہ آپ لوگوں نے دیکھا ہو گا، پڑھا بھی ہو گا اور سنا بھی ہو گا کہ لوگ بجلی کیلئے جلوس نکالتے ہیں، ٹیوب ویل کیلئے بھی جلوس نکالتے ہیں، اخبار میں بھی آپ نے پڑھا ہو گا لیکن جناب سپیکر، یہ کبھی آپ نے نہیں دیکھا اور پڑھا ہو گا کہ چوری اور ڈکیتی کیلئے بھی وہ لوگ روڈ بلاک کرتے ہیں سر، اور آج کل لکی سٹی کا یہی ماحول ہے کہ رات کو تقریباً دس بجے لوگ اپنے گھروں پہ پہرہ دے رہے ہیں اور فائرنگ کر رہے ہیں اور چوریاں بھی نہیں ہیں سر، پورا منظم گروہ آٹھ آٹھ اور دس دس لوگوں کا، غریبوں کے گھروں میں جاتے ہیں سر اور وہاں پہ جو ان کے پاس ہوتا ہے، وہ سب اپنے ساتھ لے کر چلے جاتے ہیں سر لیکن ابھی تک لوکل پولیس نے کسی ایک آدمی کو بھی گرفتار نہیں کیا۔ تو جناب والا، اب جب لوگوں کو اپنے گھروں میں سیکورٹی حاصل نہیں ہے تو یہ لوگ کہاں پہ چلے جائیں؟ اب میں یہاں تک مجبور ہو گیا ہوں کہ میں نے اپنے اسمبلی کے فلور پہ، یہی بات میں گورنمنٹ کے نالج میں لانا چاہتا ہوں کہ خدارا باقی چیزیں تو، آپ اگر پانی نہیں

دے سکتے، بجلی نہیں دے سکتے، کم از کم سیکورٹی تو ان کو دیں اور اپنے گھر میں دیں۔ جب ایک بندہ اپنے گھر میں محفوظ نہیں ہے سر، اور وہ بھی ایسے غریب گھرانے کے لوگ جن کے گھر میں چالیس یا پچاس ہزار روپے یا دو تولے یا تین تولے سونا ہوتا ہے، وہ بھی ڈاکو آجاتے ہیں اور ان سے لے کر چلے جاتے ہیں اور پولیس کیا کرتی ہے سر؟ پولیس جس کے پاس صرف ایک سگریٹ چرس کا ہوتا ہے یا ہیروئن پیتا ہے، وہ آسانی سے وہاں سے پکڑتے ہیں سر، ان کیلئے تو وہ بڑے شیر ہیں لیکن ایسے لوگوں کیلئے جو رات دس بجے یہ ڈاکے لکی سٹی میں سر، اس قسم کے شروع ہیں اور صرف یہ ایک دن نہیں، یہ کافی عرصہ سے یہ شروع ہیں سر، اب لوگ یہاں سے یہ تنگ آگئے ہیں کہ لوگ روڈ بلاک کر رہے ہیں، جلوس نکال رہے ہیں اور پولیس کوئی ٹس سے مس نہیں ہو رہی ہے سر، تو اس سلسلے میں میری گزارش ہے، ریکویسٹ ہے کہ کم از کم اس کے خلاف کوئی کارروائی کریں اور وہاں پہ جو لوکل پولیس ہے سر، ان کو انسٹرکشن دی جائے کہ رات کے وقت گشت بڑھائی جائے اور ان لوگوں کو گرفتار کیا جائے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں معزز رکن کی اس بات کی تائید کرتا ہوں۔ ہمارے ضلع لکی مروت میں امن وامان ایک ایسا مسئلہ بن چکا ہے کہ آج بھی میری کسی دوسرے معزز رکن سے بات ہو رہی تھی تو انہوں نے کہا کہ شاید آپ کا ضلع غیر علاقے میں واقع ہے، ایسا نہیں ہے جناب سپیکر، میرے حلقے میں پچھلے کچھ دنوں سے اس قسم کے واقعات ہو رہے ہیں کہ Security personnel کی وردی پہنے ہوئے لوگ دن دیہاڑے ڈکیتیاں بھی کر رہے ہیں، روڈ پر، ہائی وے پر لوگوں کو لوٹ بھی رہے ہیں اور پولیس کہیں نظر نہیں آ رہی اور مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ امن وامان کے بغیر کسی بھی صورت آپ اپنے عوام کو بہتر مواقع نہیں دے سکتے۔ جناب سپیکر، میری گزارش ہو گی آپ کے توسط سے اور اس ایوان کے توسط سے کہ جو امن وامان کا مسئلہ ہمارے ضلع میں خاص طور پر اس وقت کھڑا ہوا ہے، اس کے سلسلے میں بھرپور ایکشن لیا جائے۔۔۔۔

(عشاء کی اذان)

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر، Concerned DPO کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ اس قسم کی خلاف ورزیوں کیلئے ایکشن لے تاکہ وہاں پہ جو اس وقت بہت ہی اہم مسئلہ ہے امن وامان کا، اس کا تدارک کیا جاسکے اور وہاں پہ جو لوگوں کا غم وغصہ ہے اور لوگ اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھ رہے، اس کا تدارک کیا جاسکے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسرار اللہ گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر، آنریبل ممبر صاحبان نے جو بات کی ہے، یہ یقیناً توجہ طلب ہے اور ان شاءاللہ اس سلسلے میں کل ہی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفسر لکی سے بات بھی کروں گا اور ان شاءاللہ ان کو Accordingly inform بھی کردوں گا اور ان شاءاللہ یہ تسلی رکھیں کہ پولیس گشت بھی کرے گی اور جو بھی اس میں ممکنہ اقدامات ہوں گے، بالکل پولیس اس کے حوالے سے غافل نہیں رہے گی۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب، پلیز۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: میرے جواب کا ایک حصہ رہ گیا تھا، منعم خان صاحب جو بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے ایک چیز کی نشاندہی کی تھی کہ ہائرایجوکیشن میں پورن کے ضیاءاللہ کی جگہ پشاور کے فہیم جو میرٹ پہ نہیں آرہا تھا، اس کو کہاں بھیجا گیا ہے جی؟

ایک رکن: جامشورو میں۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جامشورو میں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے دور کا، چونکہ ان کی اس بات پہ میری Right side سے بہت تالیاں بجی تھیں لیکن میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ ان شاءاللہ ہمارے دور میں کوئی ایسی چیز نہیں ہوئی اور نہ ہوگی اور اس کے تین مہینے گزر چکے ہیں تو واضح ہے کہ ہم سے پہلے ہے، لیکن میں پھر بھی اس کی ضرور انکوائری کروں گا۔ میری ان سے گزارش ہے کہ مجھے پورن والا جو لڑکا ہے، اس کے پیپرز لادیں اور میں ڈیپارٹمنٹ میں چیک کروں گا کہ فہیم کے مارکس کتنے تھے اور اس کے کتنے تھے اور کیا صورتحال ہے؟ اور اگر میں نے کسی اپنے آفیسر میں کوئی ایسی کوتاہی پائی، کرپشن کی اس معاملے میں، ان شاءاللہ میرے ہاتھ ہوں گے اور اس کا گریبان ہوگا اور اس پہ میں Strict action لوں گا انشاءاللہ۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: اب میں اجلاس سے متعلق جناب گورنر صاحب، خیبر پختونخوا کا فرستادہ فرمان پڑھ کر سناتا ہوں:

"In exercise of the power conferred by Clause (b) of Article 109 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, I, Engineer Shaukatullah, Governor of the Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly shall stand prorogued on Wednesday, the 18th September, 2013, after conclusion of its business fixed for the day till such date as may hereafter be fixed".

اس فرمان کی رو سے میں اجلاس کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔

---

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)